خدا بخش لائبریری

جرنل

۷۹

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

خدابخش لائبریری

تماہی

جرنل

پٹنہ

۴۹

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

رجسٹریشن نمبر : ۳۳۴۴۲/۷۷
شمارہ : انچاسواں
قیمت : پچیس روپے

قیمت فی شمارہ : پچیس روپے
سالانہ : ۱۰۰ روپے (ہند)
۲۰ ڈالر (ایشیا)، ۴۰ ڈالر (دیگر ممالک)

فہرست

۱۹۸۹ء

خدابخش لائبریری نے پٹنہ لیتھو پریس، رمنا لین، پٹنہ-۴ اور لبرٹی آرٹ پریس دہلی سے چھپوا کر شائع کیا۔

ایڈیٹر: عابد رضا بیدار

ہندوستان میں

قومی یک جہتی کی روایات

بشمبھر ناتھ پانڈے

حرفے چند

پانڈے جی کا مشہور خدا بخش لکچر آپ کے ملاحظہ میں آچکا ہے۔ اب یہ ان کا ایک اور لکچر پیش خدمت ہے۔ یہ فخرالدین علی احمد میموریل لکچر (لکھنؤ ۱۹۸۶ء) جو اصلاً ایک کالم ہندی اور ایک کالم اردو میں سائکلوسٹائل صورت میں ہے اور جو سندرلال وشمبھر ناتھ پانڈے کے عہد آفریں رسالے 'نیا ہند' کے ماڈل پر یعنی ایک زبان مگر دو رسم الخط میں ہے، وسیع تر افادہ کے لیے پانڈے جی کی اجازت سے لائبریری اسے شائع کر رہی ہے۔ ہندی ورژن زیر اشاعت ہے۔

آزاد ہندوستان کا مورخ غلام مورخوں کے بوجھ کو کب تک ڈھوتا رہے گا یہ سوال کئی ذہنوں میں اٹھا۔ تاراچند، حبیب، مجیب، ایک اور لوگ! مگر جس دردمندی اور دلسوزی سے، جس خوبصورتی سے، سندرلال اور وشمبھر ناتھ پانڈے نے اسے اپنا مشن بنایا، جس جی داری کے ساتھ زبان سے قلم سے اور عمل سے اس کے لیے جہاد کیا، ایسی اور کوئی مثال نہیں مل سکتی۔ سندرلال مدت ہوئی اللہ کو پیارے ہوئے۔ لے دے کے ایک یہ شمع رہ گئی ہے، جلتی بجھتی، ہلکی ہلکی روشنی اندھیرے سے لڑتی جاتی ہے، پگھلتی جاتی ہے اور چاروں طرف امید پرور نظروں سے دیکھتی جاتی ہے کہ شاید بجھنے سے پہلے اس شمع کی جوت سے کوئی اور، کوئی اور شمع بھی جل اٹھے۔ سوار کا گھوڑا (رخشِ عمر) ہانپ رہا ہے مگر سوار کے تیور وہی ہیں! چہرے پر وہی اعتماد و اطمینان! سینہ تنا ہوا! آنکھیں روشن! اور بازو اسی مضبوطی سے تلوار اٹھائے ہوئے!

کون ہوتا ہے حریفِ مے مردافگنِ عشق!

——— عابد رضا بیدار

بابر نے ہندوستان میں مغل بادشاہت کی بنیاد رکھی۔ جب وہ ہندوستان آیا تو ہندوستان کے بارے میں اس نے اپنی تزک میں یہ درج کیا :

"ہندوستان ایک اجنبی ملک ہے۔ ہماری ولایت سے دوسری دنیا ہے۔ پہاڑ، دریا، جنگل جانور، نباتات، آدمی، زبان، ہوا اور مینھ سب اور ہیں۔ اگرچہ کابل کے علاقہ جات میں سے گرم سیر بعض چیزوں میں ہندوستان سے مشابہ ہے اور بعض میں نہیں ہے مگر دریائے سندھ کے ادھر آتے ہی زمین، درخت، پتھر، قومیں اور ان کے راہ و رسم سب ہندوستانی طریقے کے ہیں۔"

اس ہندوستانی طریق، ہندوستانی چال ڈھال، ریت رواج کو اکبر نے بڑی قابلیت اور دوراندیشی سے بڑھایا۔ اس نے اپنی حکومت کو اسی بنیادی اصول پر قائم کیا کہ قوموں اور مذہبوں کے آپسی فساد مٹ جائیں اور ہندوستان میں ہندوستانیت کا بول بالا ہو۔ اکبر کے خیالات اور اصولوں کو اس کے سمجھ دار اور قابل وزیر ابوالفضل نے ان لفظوں میں ظاہر کیا ہے، جو کشمیر کے ایک مندر کی دیوار پر نقش ہیں :

"اے الٰہی! جس گھر کو دیکھتا ہوں اس میں تیرے کھوجنے والے ہیں، اور جس زبان کو سنتا ہوں اس میں تیرا ہی چرچا ہے۔ کفر اور اسلام تیرے ہی راستے پر دوڑتے ہیں اور کہتے ہیں تو ایک ہی ہے، تیرا کوئی ساجھی دار نہیں۔ مسجد ہے تو اس میں تیری یاد میں نعرۂ قدوس بلند ہوتے ہیں اور گرجا ہے تو تیرے ہی پریم میں گھنٹے بجاتے ہیں۔ کبھی میں بت خانے میں بیٹھ کر تیری عبادت کرتا ہوں، کبھی مسجد میں یعنی تجھے ہی گھر گھر میں ڈھونڈتا ہوں۔ جو تیرے خصوصی لوگ ہیں انھیں نہ کفر سے مطلب ہے نہ اسلام سے کیوں کہ ان دونوں کے لیے تیری قبولیت کے پردے میں جگہ نہیں ہے۔ کفر کافر کے لیے اور دین دیندار کے لیے ہے پر گندھی کے دل کے لیے گلاب کا عطر ہی چاہیے۔ اس عبادت گاہ کو ہندوستان کے موحدوں کے دلوں کو ملانے کے لیے اور خاص طور پر کشمیر کے پجاریوں کے لیے بنایا گیا۔"

ہندوستان میں مسلم حکومت کی بنیاد ترک حملہ وروں نے ڈالی۔ ترکوں کا ہندوستان میں آنا اتنا ہی عجیب و غریب قدرتی واقعہ ہے جتنا طوفانوں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منڈلانا۔ ترکوں نے آکر ہندوستان

کو اس کی جڑوں تک ہلا دیا، اور لوگوں کو جھنجھوڑ کر نئی امیدوں کے لیے جگا کر تیار کر دیا۔ اس تبدیلی نے بھارت کی سماجی بنیادوں کو ہی بدل دیا۔ آریوں کی آمد نے بھارت کی سماجی زندگی کو جس طرح جڑ سے ہلا دیا تھا، ترکوں کا حملہ اس سے تھوڑا ہی کچھ کم رہا۔ لیکن طوفان کے بعد سکون لازمی ہے اور زلزلے کے بعد تعمیر ضروری ہے۔ جب دو ندیوں کا سنگم ہوتا ہے تو دونوں ندیوں کی دھاریں گرجتی ہوئی ٹکراتی ہیں، لیکن فوراً ہی رل مل کر ایک دھارے میں بہنے لگ جاتی ہیں۔ الٰہ آباد میں گنگا جمنا کی دھاراؤں کے سنگم کے بعد کوئی فرق نہیں رہ جاتا۔ اسی طرح ہندو مسلمان آپس میں ٹکرا کر محبت کے ایک انسانی سنگم میں مل گئے تھے۔ دونوں کے تہذیب و تمدن الگ الگ تھے، کلچر الگ الگ تھے، لیکن آپس میں مل کر ان کے الگ الگ کلچروں نے ایک متحدہ ہندوستانی کلچر کی شکل اختیار کر لی۔ کلچر کی اس نئی دھارا نے صنعت اور حرفت، کلا اور سائنس، ادب اور شاعری، چترکاری، مصوری اور بت گری کے چمن کو سرسبز کر دیا۔

○

ترکوں کے حملے کے تین سو برس پہلے سے عرب مورخ بھارت کی تہذیب و تمدن اور اس کے علم کے خزانے کو سمجھنے کی لگاتار کوششیں کر رہے تھے۔ ہندوستان اور عرب کے بیچ پرانے زمانے سے تجارتی تعلقات چلے آ رہے تھے لیکن موجودہ تعلقات کا سراہم اسی وقت سے جوڑ سکتے ہیں جب عربوں نے اپنی مشرقی سلطنت میں تہذیب کے نئے مرکز قائم کیے۔ خلیفہ عمر کے زمانے تک اسلامی دنیا کو ہندوستان کے متعلق بہت کم واقفیت تھی۔ ہندوستان کے سمندری کناروں کے بارے میں عرب اور ایرانی ملاحوں کو تھوڑی بہت واقفیت تھی اور وہ ہندوستان کی تجارتی دولت کی تعریف کے گیت گایا کرتے تھے۔ جب خلیفہ عمر نے ایک عرب ملاح سے ہندوستان کے متعلق تحقیقات کی تو وہ تعریف کے پل باندھ کر کہنے لگا کہ: "ہندوستان کے دریا موتیوں سے لبریز ہیں اور اس کے پہاڑوں میں ہیرے جواہرات کی کانیں ہیں اور اس کے پیڑ پودے اور پھول خوشبوؤں سے معطر ہیں۔" لیکن ہندوستان سے متعلق صحیح صحیح جانکاری حاصل کرنے کی پہلی کوشش شاید خلیفہ عثمان کے زمانے میں کی گئی۔ عثمانؓ نے ۶۴۴ء اور ۶۵۵ء کے بیچ حکیم بن جبلہ کو ہندوستان بھیجا کہ وہ پتہ لگا کر ہندوستان کے بارے میں صحیح صحیح خبریں خلیفہ کو دیں۔ جبلہ نے ہندوستان آ کر یہاں کے متعلق ایک رپورٹ تیار کر کے خلیفہ کے سامنے پیش کی۔

اس بات کے بھی بہت سے ثبوت ملتے ہیں کہ ساتویں صدی عیسوی کے شروع میں ایران سے لگے ہوئے ہندوستان کے صوبوں کے ساتھ عرب تاجروں کے تجارتی تعلقات قائم تھے۔ ہندوستان کے ان خطوں کے ہندوستانی قبیلوں اور ایرانیوں نے اسلام قبول کیا تو تجارتی تعلقات کے ساتھ کلچری تعلقات بھی بڑھے۔ ایک زمانے میں خراسان،

ترکستان، ایران اور آذربائجان بدھ مذہب کے مرکز تھے، اور بدھ مذہب کے پیرو عراق اور شام کی سرحد تک پھیلے ہوئے تھے۔ حالانکہ ان ملکوں کے رہنے والوں نے بودھ مذہب کی جگہ اسلام قبول کرلیا، پھر بھی ان کے دلوں میں ہندوستان کے لیے ایک محبت اور عزت قائم رہی۔

جب کہ آپس کے تعلقات بہت تھوڑے تھے تب بھی مسلمان ہندوستان کو دنیا کا سب سے زیادہ تہذیب یافتہ ملک سمجھ کر اس کی بے حد قدر اور عزت کرتے تھے۔ ہندوستان کی تعریف میں اسلام کے پیغمبر اور ان کے صحابیوں کی روایتیں لفظ بلفظ پیش کی جاتی تھیں۔

ان روایتوں کے متعلق تھوڑا بہت اختلافِ رائے ہو سکتا ہے لیکن یہ بات دعوے کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ شروع زمانے کے اسلامی ادب میں ہندوستان کی تعریف درج ہے۔ اس زمانے کے عرب سوداگروں نے گجرات کے بلہرا راجاؤں کو مہربان اور محسن پایا جنھوں نے سمندر کے کنارے کنارے انھیں اپنی بستیاں اور مسجدیں بنانے کی اجازت دی۔ ان عربوں نے ہندو لڑکیوں سے شادی کی جن کی اولاد ملابار میں موپلا اور کوکن میں نیٹیا کے نام سے مشہور ہوئی۔ اگر ہم ملابار کے راجہ چیرومن پیرومل کے اسلام قبول کرنے کی عام فہم کہانی کو صحیح مان لیں تو ہمیں ہندوستان کی مسلم نوآبادیوں کا وقت پیغمبر صاحب کی زندگی کے قریب ماننا پڑے گا۔

کہانی یہ ہے کہ عرب سوداگروں کا ایک جھنڈ آدم کی چوٹی کی زیارت کے لیے روانہ ہوا۔ کرنگانور کے بندرگاہ میں راجہ چیرومن پیرومل نے ان سوداگروں کا استقبال کیا، سوداگروں نے رسول اللہ کے چاند کے ٹکڑے کیے جانے کی کہانی راجا کو سنائی۔ راجا بے حد متاثر ہوا اور اس نے اسلام قبول کرلیا اور ان سوداگروں کے ساتھ مدینے کی زیارت کیلئے چل پڑا۔ واپسی میں راستے ہی میں اس کی موت ہوگئی۔ چیرومن نے مسلمانوں کو شاہی فرمان کے ذریعہ مسجدیں بنانے کی اجازت دی۔ اُسی فرمان کے تحت ملابار میں کئی جگہ مسجدیں بنائی گئیں۔ مورخ بلاذری بھی ۸۴۲ء کے قریب مغربی ہندوستان کے ایک دوسرے راجا کے اسلام قبول کرنے کا واقعہ سناتا ہے۔ بزرگ بن شہریار اور سلیمان تاجر جو نویں صدی میں ہندوستان آئے تھے لکھتے ہیں کہ ہندوستان کے راجاؤں کے دلوں میں مسلمانوں کی طرف سے بے حد حسنِ ظن موجود تھا۔

پتہ نہیں کیسے مسلمانوں کے دلوں میں یہ اعتقاد گھر کر گیا کہ انسانی قوم کے پہلے پیغمبر اور پہلے انسان حضرت آدم بہشت سے نکالے جانے کے بعد ہندوستان میں آکر اترے اور ہندوستان میں جو خوشبودار پھول اور جڑی بوٹیاں ہیں وہ حضرت آدم ہی بہشت سے یہاں لائے تھے۔

بعد کے مسلم ادیبوں نے دوسرے ملکوں کے مقابلے میں بھارت کے بڑپن پر اس بنا پر زور دیا ہے کہ حضرت آدم پہلے پیغمبر تھے۔ اور اللہ نے سب سے پہلے اپنا حکم انہیں کو سنایا اور آدم چونکہ اس وقت ہندوستان میں تھے اس لیے ہندوستان کو ہی سب سے پہلے اللہ کا پیغام سننے کا فخر حاصل ہوا۔ ممکن ہے شاید اسلام کے پیغمبر نے فرمایا ہے:

"میں ہندوستان سے آتی ہوئی اللہ کی معرفت کی بھینی بھینی خوشبو سونگھ رہا ہوں۔"

عام مسلمانوں کے نزدیک ہندوستان کی سرزمین کی پاکیزگی کی یہ آخری اور زبردست دلیل ہے۔ اس طرح کی کہانیاں کیسے شروع ہوئیں اس کی بظاہر ابھی تک کوئی وجہ معلوم نہ ہو سکی۔ لیکن پڑھے لکھے اور سمجھدار لوگ بھی انہیں لفظ بلفظ صحیح مانتے ہیں۔

ابن بطوطہ نے ۱۳۴۷ء میں حضرت آدم کے ان پاک قدموں کے نشان کی زیارت کی تھی۔ اس نشان کو دیکھ کر اس نے لکھا ہے: "حضرت آدم کے قدموں کا یہ پاک نشان ایک اونچے کالے پتھر پر نقش ہے۔ یہ نشان سوا آٹھ فٹ لمبا ہے اور یہ پتھر پر اتنا اندر دھنس گیا ہے کہ اب تک جیوں کا تیوں قائم ہے۔ ان باتوں سے مسلمان ہندوستان کے اور زیادہ قریب آتے تھے اور اسے اپنا پاک ملک سمجھ کر اس سے محبت کرتے تھے۔

اسی طرح ہندو بھی مسلمانوں کے کعبے کو اپنی عبادت گاہ سمجھتے تھے۔ ایک زمانے میں کعبہ، عرب اور عرب کے آس پاس رہنے والے سبھی مذہب والوں کا ایک پاک مرکز تھا۔ ایک انگریز مورخ برمی لکھتا ہے:

"ہندو پنڈت اس بات کو دعوے کے ساتھ کہتے ہیں کہ مکے میں شیو اور پاروتی کپوتیسور اور کپوتیسوری کی شکل میں موجود ہیں۔ کچھ عرب ادیبوں نے بھی لکھا ہے کہ پیغمبر محمدؐ صاحب کے وقت مکے کے بتوں میں لکڑی میں کھدی ہوئی کبوتر اور کبوتری کی مورتیاں تھیں جنہیں حضرت علی نے پیغمبر صاحب کے کندھے پر چڑھ کر نیچے گرا دیا تھا۔"

ایک دوسرا انگریز ادیب ولفورڈ لکھتا ہے: "ہندو کہتے ہیں کہ مکہ یا مکمیش میں جو سنگِ اسود ہے وہ "مکمیشور" شیو کے اوتار کا نشان ہے۔ شیو اور پاروتی نے حجاز کے اپنے بھکتوں کی تپسیا سے خوش ہو کر مکمیشور کی شکل میں مکہ میں اوتار لیا تھا۔"

جب عرب مسلمانوں نے ۷۱۲ء میں سندھ کو فتح کیا تو انھوں نے دیکھا کہ سندھ کا صوبہ بدھوں اور برہمن حاکموں میں بٹا ہوا ہے۔ برہمن حکمرانوں اور عربوں کی لڑائی میں بدھوں نے عربوں کا ساتھ دیا اور سندھ پر عربوں کی فتح کو آسان بنا دیا۔ سندھ فتح کرنے کے بعد محمد بن قاسم نے اعلان کیا کہ:

"ہندوستان کے باشندے بھی ایک اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور ان کے مندر بھی عیسائیوں

کے گرجوں، یہودیوں کے سیناگاگوں اور مگیوں کے آتشکدوں کی طرح ہیں اور ہندوستانی بھی اسی طرح اہل کتاب ہیں جس طرح عیسائی اور یہودی۔"

ایک جرمن عالم فان کریمر لکھتا ہے:

"سندھ میں محمد بن قاسم کی حکومت میں اور اس کے بعد بھی برہمنوں کی عزت اور ان کا رتبہ جیوں کا تیوں قائم رہا۔ زمین کی مالگذاری بھی حسب معمول جیوں کی تیوں تین فیصدی جاری رکھی گئی۔ ہندوؤں کو کھلی اجازت تھی کہ اپنے مندر بنانے کے لئے وہ آزاد ہیں۔ ہندو تاجر مسلمان تاجروں کے ساتھ اپنی تجارت بڑھانے کے لئے جو طریقہ مناسب سمجھتے تھے عمل میں لاتے تھے۔ عربوں اور سندھیوں میں اس قدر باہمی تعلقات اور محبت کے رشتے قائم ہوئے کہ جس کی وجہ سے خلیفہ تک نے سندھ میں مندروں کو گرانے یا اسلام کے پرچار کی اجازت نہیں دی۔"

ایک انگریز مورّخ لکھتا ہے:

"یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ عرب فاتح جو رویہ ماتحت قوموں کے ساتھ برتتے تھے، وہ ہندوستان میں آکر بالکل پلٹ گیا۔ ہندوؤں کے مندروں کو جیوں کا تیوں محفوظ چھوڑ دیا گیا، اور بت پرستی پر کوئی پابندی نہیں لگائی گئی۔ ہندوستان کی لڑائی دھرم یدھ یا جہاد نہیں رہ گئی کیونکہ مذہب بدلنے کا وہاں سوال ہی نہیں اٹھایا گیا۔ سندھ میں اللہ کی عبادت کے ساتھ ساتھ بتوں کی پوجا کی بھی اجازت ہو گئی اور اس طرح باوجود اسلامی حکومت کے بھارت ایک بت پرست ملک بنا رہ گیا۔"

ان حالات میں ہندو مذہب اور اسلام ایک دوسرے سے کھلے دل سے ملے اور دونوں میں کلچری تعلقات قائم ہوئے۔ سندھ اکیلا ایسا صوبہ نہیں تھا جہاں دونوں فرقوں کے بیچ دوستانہ سماجی تعلقات قائم تھے، بلکہ تمام مغربی ہند میں آباد مسلمان ہندوؤں کے ساتھ مل جل کر محبت کے ساتھ رہتے تھے۔ جو مسلمان ادیب ہندوستان آئے ان کے مطابق مسلمانوں اور ہندوستان کے بدھوں میں دوستانہ بھائی چارہ قائم ہو گیا تھا۔ بزرگ بن شہریار نویں صدی کے ہندوستان کے مغربی ساحل کے بارے میں اپنے نجی تجربوں کی بنا پر لکھتا ہے:

"بکوریا جھکھوں کو مسلمانوں سے محبت ہے اور مسلمانوں کے لیے ان کے دلوں میں بے حد قدر ہے۔"

کچھ جھکھو خلیفہ عمر کے زمانے میں عرب پہنچے۔ ان میں سے جو لوگ صحیح سلامت ہندوستان واپس لوٹے انھوں نے بتایا کہ مسلمانوں کا خلیفہ نہایت سادہ زندگی بسر کرتا ہے، اور غرور اسے چھو تک نہیں گیا۔ شہریار لکھتا ہے:

"یہی وجہ ہے کہ بودھ مسلمانوں سے اتنی محبت کرتے ہیں اور ان کے ساتھ اتنی ہمدردی رکھتے ہیں۔"

سلیمان تاجر کے مطابق، "راجہ بلہر کی طرح راجہ گوج بھی عربوں کی طرف دوستانہ تعلقات رکھتا ہے۔"

اصطخری ۹۵۱ء میں ہندوستان آیا تھا۔ اُس نے اپنے سفرنامے میں ذکر کیا ہے کہ ہندو اور مسلمان مل کر تجارت کرتے ہیں، دونوں میں اس قدر یکجہتی ہے کہ ملے جلے رسم رواج اور باہمی میل جول کے نئے قاعدے بنتے جا رہے ہیں۔ ابن حوقل کے مطابق:

"ملتان میں ہندو اور مسلمان ایک طرح کی پوشاک پہنتے ہیں اور ایک ہی فیشن سے بال سنوارتے ہیں۔ منصورہ، ملتان اور آس پاس کے شہروں میں ہندو مسلمان دونوں یکساں عربی اور سندھی زبان بولتے ہیں۔"

اصطخری کے مطابق:

"ہندو علاقوں میں مسلمانوں نے جگہ جگہ اپنی بستیاں قائم کر لی ہیں اور عبادت کے لیے مسجدیں تعمیر کر لی ہیں۔ بعض جگہ مسجدیں اور مندر پاس پاس قائم کیے گئے ہیں اور بلا کسی فرق کے دونوں مذہب کے لوگ اپنی اپنی عبادت گاہوں میں اپنے طریقے سے عبادت کرتے ہیں۔"

تجارت کے مرکز کلچری لین دین کے بھی مرکز بن گئے۔ ان میں خوزدار، محفوظاہ، منصورہ اور جندور جیسے شہر ملے جلے کلچر کے مرکز تھے۔ جو مسلمان ان شہروں میں آباد تھے وہ قوم کے عرب تھے۔ وہ آپس میں اس قدر مل جل گئے تھے کہ کچھ پیڑھیوں کے بعد ان کا پہچانا جانا بھی ناممکن ہو گیا۔ ان کے طرز طریقے رہن سہن بالکل ہندوؤں جیسے ہو گئے۔ دکنی بھارت میں تو ایک ایسی جماعت پیدا ہو گئی جو حضرت علی کو شیو کا اوتار سمجھ کر ان کی عبادت کرتی تھی۔

تجارتی تعلقات کے ساتھ ساتھ جیسے جیسے کلچری تعلقات بڑھے ویسے ویسے ہندوستانیوں اور عربوں میں ایک دوسرے کو جاننے اور سمجھنے اور ایک دوسرے کے مذہب کے مطابق زیادہ سے زیادہ واقفیت حاصل کرنے کی خواہش بھی بڑھی۔ مثال کے طور پر مسعودی لکھتا ہے:

"کمبھایت کا راجہ مسلمانوں اور دوسرے مذاہب والوں کے ساتھ جو اس کے دربار میں آتے تھے، مذہبی فلسفوں پر خیالات کا تبادلہ کرتا تھا۔"

اسی طرح بزرگ بن شہریار لکھتا ہے کہ الُور کے راجہ مہروگ نے جس کا راج اُپرلے اور نچلے کشمیر کے بیچ میں تھا، منصورہ کے راجہ کو لکھا کہ وہ کسی ایسے قابل آدمی کو بھیجے جو ہندی زبان میں اسلام کے اصولوں کو اُسے سمجھا سکے۔ منصورہ کے راجہ نے عبداللہ نام کے ایک قابل شخص کو جو تین برس منصورہ میں رہ چکا تھا، الور بھیجا۔

اس نے قرآن کا ہندی میں ترجمہ کرکے راجا کو سنایا۔ راجا پر اس کا گہرا اثر پڑا۔ اس طرح کے اثر پہلے اس وقت قدرتی تھے۔ اس کے بعد مسلم ممالک کے ساتھ ہندوؤں کی آمد و رفت شروع ہوئی اور دونوں کے سماجی تعلقات زیادہ گہرے اور دلچسپ ہوتے گئے۔

سلیمان لکھتا ہے: "عراق کے بندرگاہ سیراف میں بہت سے ہندو رہتے ہیں اور جب کوئی عرب سوداگر ان کی دعوت کرتا ہے تو ان کی تعداد سو تک پہنچ جاتی ہے۔ ان میں سے ہر شخص کا کھانا الگ الگ رکابیوں میں پیش کیا جاتا ہے، کیوں کہ ایک بیوپار کا مال میں کوئی دوسرے کے ساتھ نہیں کھاتا۔" انھیں ہندوؤں کے متعلق بزرگ بن شہریار کہتا ہے:۔

"یہ لوگ بول چال کی عربی اس قدر بلاغت اور فصاحت سے بولتے ہیں کہ ہمارے عالم فاضل اور مولوی بالکل دنگ اور حیران رہ جاتے ہیں۔ ان لوگوں میں عام طور پر سندھی، گجراتی اور ملتانی ہندو ہیں جو نامعلوم زمانے سے ہمارے ملک کے ساتھ تجارت کرتے آرہے ہیں"!

ہندوستان کے مسلم ملکوں کے ساتھ بذریعہ تجارت تعلقات قائم ہوئے اور ہندوستان اسلامی دنیا پر اپنے علم، اپنی روحانیت، اپنے مذہبی فلسفے اور اپنی سائنس کا گہرا اثر ڈال پایا۔ عرب اور ایرانی سوداگر بھارت سے تجارتی مال کے ساتھ ساتھ فن، روحانیت اور سائنس کے کھیوے بھی لے جاتے تھے۔

عباسی خلیفاؤں کے دربار تو گیان و گیان کے مرکز بن گئے۔ کثیر تعداد میں ہندو پنڈت بغداد میں اکٹھا ہونے لگے۔ خلیفہ کے دربار میں نجوم اور طب کے سب سے اونچے عہدوں پر ہندو پنڈت ہی مقرر تھے۔ مسلمان عالموں کے دلوں میں گیانی، دھیانی اور روحانی ہندوستان کو جاننے کی بے حد دلچسپی پیدا ہوئی۔

عرب کے عالم جنھیں علم کا سچا شوق اور ذوق تھا، انگنت تعداد میں ہندوستان آنے لگے۔ ان میں عالم، مورخ، سائنسداں شامل تھے، جو ہندوستان آکر علم کے اٹوٹ خزانے سے مالا مال ہونے لگے۔ خلیفہ ہارون رشید کے وزیر یحییٰ برمکی نے ایک عالم کو اس بات کے لیے مقرر کیا کہ وہ ہندوستان کے مختلف مذاہب کے فلسفوں اور ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کے بارے میں اپنی مفصل رپورٹ پیش کرے۔ ابن الندیم کا کہنا ہے کہ اس نے بتاریخ ۲۴۹ھ کی الکندی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی اس رپورٹ کی ایک نقل دیکھی ہے۔

ابن الندیم کے مطابق اس رپورٹ میں بلہرا راجا کے دارالسلطنت مہانگر کے مندروں اور ملتان و ہندوستان کے مختلف مذہبوں اور چھوٹے چھوٹے فرقوں کا بھی بیان تھا۔ ابن الندیم نے پوری رپورٹ کا خلاصہ بھی دیا ہے۔ جن

فرقوں کا اس میں بیان ہے ان میں سے کچھ یہ ہیں: " مہاکالیا، آدتیہ بھگتیا، چندر بھگتیا، وکرانجا۔ اُن کے پیرو زنجیر پہنتے تھے۔ گنگایاتریا، راج پُتریا اور ایک اور فرقہ جس کے پیرو لمبے بال رکھتے تھے شراب سے پرہیز رکھتے تھے اور عورتوں سے بچتے تھے۔ اس وقت کے ایک راجہ کی بابت یہ بیان درج ہے کہ اس نے خلیفہ ہارون رشید کو خط لکھ کر کسی ایسے مسلمان عالم کو بھیجنے کی درخواست کی کہ جو راجائے ہندو پنڈتوں سے مذہبی بحث کر سکے۔ ایک دوسرے بیان کے مطابق راجا نے ایک مسلمان عالم کو اس لئے بلایا تھا تاکہ وہ ایک بدھ منطقی سے بحث کر سکے۔ ممکن ہے یہ دوسرا بیان صحیح ہو۔ بہرحال وہ دوسرا عالم ہندوستان آیا۔ کئی دن تک بحث چلی۔ مسلمان منطقی قرآن و حدیث کو آخری سند کہکر پیش کرتا تھا اور بدھ منطقی دونوں سے انکار کرتا تھا۔ اس کے بعد بحث خدا پرستی پر شروع ہو گئی اور بدھ لاجواب ہونے لگا۔ اور اس نے ہار کی ذلت سے بچنے کے لیے کہا جاتا ہے کہ ایک دن اس مسلمان عالم کو زہر دیکر ختم کر دیا۔

مسلمانوں کی ہندوستان آمد کے وقت یہ ملک بے شمار خاندانوں، فرقوں، ذاتوں، قبیلوں اور جوڑوں میں بٹا ہوا تھا۔ جب پٹھانوں اور مغلوں کی بادشاہت قائم ہوئی تو اس سماجی تقسیم میں کچھ کمی ہوئی، لیکن کچھ عرصے کے بعد مسلمانوں کی سماجی ملت ایک حد تک ہندو ڈھانچے کی نقل بن گئی۔ اگر ہندوؤں میں ذات پات، روزگار دھندے کی بنا پر الگ الگ فرقے اور مذہبی گروہ تھے تو یہی کیفیت مسلمانوں کی ہو گئی۔ راجپوت، مراٹھا، دراوڑ، برہمن، کھتری، ویشیہ، شودر اور ان کی بے شمار شاخوں سونار، لوہار، بڑھئی، کیوٹ، کایستھ، شیو، وشنو، شاکت میں ہندو بٹے تھے تو ایرانی، خراسانی، پٹھان، دکنی، ہندوستانی، مومن، بنکر، قصائی، قریشی، حجام، شیعہ، سنّی مسلمانوں میں مسلمان بٹ گئے۔ دولت اور رتبے کے لحاظ سے ہندوؤں میں برہمن، ٹھاکر، سیٹھ، ساہوکار اور کایستھ اونچے درجے میں سمجھے جاتے تھے اور جو ذاتیں دستکاری، دھندے اور مزدوری میں لگی تھیں نیچے درجے کی سمجھی جاتی تھیں۔ اسی طرح مسلمانوں میں شریف اور رذیل کی تقسیم ہوتی گئی۔

تیس چالیس برس پہلے میں الہ آباد میں اپنے ایک مسلمان پروفیسر دوست کے یہاں ملنے چلا گیا تو دیکھا وہ بہت لمبی فہرست لیے ہوئے غور سے اس کا مطالعہ کر رہے ہیں۔ میں نے پوچھا۔ "بھائی جان! یہ کیا فہرست ہے"؟ ۔ بولے۔ "بھائی! تم تو جانتے ہو کہ ہم لوگ بھٹناگر کایستھ سے مسلمان ہوئے، تو میں نے ایسے بھٹناگر مسلمانوں کی فہرست مرتب کر کے رکھی ہے۔ جب کسی کو اپنے لڑکے یا لڑکی کی شادی کی ضرورت ہوتی ہے تو میں ان کی حیثیت کے مطابق بھٹناگر مسلمان خاندانوں کے لڑکے لڑکیوں کی اطلاع دیتا ہوں۔ ہم لوگ اپنی

برادری سے باہر شادی نہیں کرتے۔"

اسی طرح الہ آباد میں میں نے دیکھا کہ نائی، مومن، قریش سب اپنی برادری کے اندر ہی شادی کرتے ہیں۔ یہی کیفیت میں نے عیسائیوں میں بھی دیکھی۔ الہ آباد کے ایونگ کرسچین کالج کے اپنے دوست پروفیسر بھٹی سے ایک دن میں ملنے گیا۔ ان کے کمرے میں پروفیسر ایڈمس بھی آگئے۔ انھوں نے ایک گلاس پانی کی التجا کی بھٹی نے اپنے چپراسی سے کہا "ذرا پروفیسر صاحب کو پانی پلاؤ"۔ اس نے صراحی سے ایک گلاس پانی ڈھال کر ایڈمس کے سامنے پیش کیا۔ پانی پی کر ایڈمس نے گلاس چپراسی کو دینا چاہا تو اس نے کہا! "صاحب بھوئیں مادھر دے"۔ اس پر بھٹی بولے۔ "کیوں جی تم تو عیسائی ہو گئے ہو۔ اب تمہیں گلاس لینے میں کیا اعتراض ہے؟" چپراسی بولا۔ "صاحب! عیسائی بھئیں ہیں تو کا اپنا دھرم دین ہیں"؟

غرض یہ کہ ہندوؤں کے نزدیک دھرم سمٹ کر چوکے چولہے اور روٹی بیٹی تک رہ گیا اور مسلمان سختی کے ساتھ اپنی پشتینی ذات پات کی حفاظت کرنے لگے۔

۱۹۵۰ء کے قریب جب میں الہ آباد میونسپلٹی کا چیرمین تھا تب وہاں اکبر الہ آبادی کے بھانجے کسی محکمے کے سپرنٹنڈنٹ تھے۔ ایک دن آکر مجھ سے کہنے لگے: "چیرمین صاحب! آپ تو باہر بہت دورے کرتے ہیں، میری لڑکی نے ایم۔ اے پاس کر لیا ہے، میں سخت پریشان ہوں اس کی شادی کے لیے۔ کہیں کوئی لڑکا آپ کو دکھائی دے تو چرچا کریں۔ مگر ہاں ایک بات کا خیال رہے کہ ہم سنّی رضوی ہیں شیعہ نہیں"۔

یہ ذات پات کی علت ہندوؤں میں اتنی بڑھی کہ ہندو سماج ۲۱۲۸ ذاتوں میں بٹ گیا۔ پچھلی صدی میں کیرل کے نمبودری برہمن عیسائی ہوئے، تو انھیں سخت اعتراض ہوا کہ ان کے گرجوں میں اچھوت ایزوا آنے نہ پائیں۔ اس کے لئے انھوں نے پوپ سے اپیل کی۔ پوپ نے یہ مذہبی فتویٰ دے کر پابندی لگادی کہ ایزوا عیسائی آئندہ نمبودری برہمن عیسائیوں کے گرجوں میں عبادت کے لئے نہ جائیں۔

مسلم بہنوں نے بھی اپنی ہندو بہنوں کا ہی چلن اپنایا۔ سنگار، پوشاک، زیور، ملنا جلنا، روزمرہ کے طریقے سب باتوں میں انھوں نے ہندو بہنوں کا طریقہ برتنا شروع کیا۔ مسلمانوں کے یہاں نکاح کی رسمیں بھی ہندوؤں کی طرح ہونے لگیں۔ نسبت، ہلدی، مہندی، تیل، منڈوا، بارات، جلوا، کنگن، وغیرہ رسمیں مسلمانوں نے جیوں کی تیوں ہندوؤں سے لے لیں۔ شادی کی رسم میں ہندوؤں اور مسلمانوں میں صرف ایک فرق رہ گیا: جبکہ ہندو نوشہ اور دلہن آگ کے چاروں طرف وید منتر کی دھن کے ساتھ پھیرے

ڈالتے ہیں، مسلمانوں میں قاضی قرآن کی آیتیں پڑھ کر نکاح کراتے ہیں چھوٹی عمر کی لڑکیوں کی شادی، بیوہ کی شادی کی ناپسندیدگی، پردہ اور عورتوں کے اوپر مرد کا پورا حق وغیرہ باتیں ہندو مسلمان میں یکساں ہو گئیں۔

یہ صحیح ہے کہ دونوں کے مذہبی تیوہار روزہ اور اپواس الگ الگ ہے، لیکن ان کے منانے کا طریقہ بہت کچھ یکساں ہے۔ محرم دسہرا ایک طرح سے منایا جانے لگا۔ کبھی کبھی تو محرم اور دسہرا ایک ہی ساتھ پڑتے تھے۔ اسی پر اکبر الہ آبادی نے لکھا تھا ؂

"محرم اور دسہرا ساتھ ہوگا نباہ ان کا خدا کے ہاتھ ہوگا"

شب برات اور شیو راتری، رمضان اور نوراتری، بقرعید اور درگا شٹمی سب ایک طرح سے ہونے لگے۔ وہی روزے وہی جشن، وہی قربانیاں۔ ان کے علاوہ تیج تیوہاروں اور میلے ٹھیلے میں دونوں ایک ہی طرح حصہ لینے لگے۔ اکثر مسلمان نوجوان ہولی کھیلتے تھے اور لاکھوں ہندو محرم میں شریک ہو کر تازیے کے نیچے سے نکلتے تھے۔

مسلمانوں نے بعد وفات کفن دفن کے بہت سے ہندو رواج اختیار کرلئے جیسے تیجا، دسواں وغیرہ حاملہ عورتوں کا پنج ماسہ، ست ماسہ، بچے کی پیدائش کی چھٹی، بچے کی کھیر چٹائی، سالگرہ، مونڈن، کن چھیدن ہندو مسلمان دونوں ہی ایک ہی طرح سے منانے لگے۔ یہاں تک کہ ہندوؤں میں جو ستی کا رواج تھا، جس میں بیوی اپنے خاوند کے مرنے پر زندہ چتا پر جل جاتی تھی، ویسا ہی رواج مسلمان عورتوں میں بھی شروع ہو گیا تھا۔ وہ شوہر کے مرنے پر جوہر کرنے لگیں، جو ہر وسط ایشیا کے ملکوں میں عام فہم تھا۔ محمد بن تغلق اور عین الملک کی لڑائی کا ذکر کرتے ہوئے ابن بطوطہ لکھتا ہے کہ عین الملک کے ہارنے پر اس کی بیوی نے جوہر کرکے اپنے کو جلاکر ختم کردیا۔ "ظفر نامہ" کے مطابق بھٹیر کا صوبہ دار کمال الدین جب تیمور کے خلاف جنگ میں جانے لگا تو اس کی بیوی نے جوہر کرکے اپنے کو جلاکر ختم کردیا۔ امیر خسرو نے اس کے متعلق لکھا ہے ؂

"چوں زن ہندی کسے در عاشقی دیوانہ نیست سوختن بر شمع شوہر کار ہر پروانہ نیست"

جہاں تک پوشاک اور کپڑوں کا تعلق ہے ہندوستان کے مسلمانوں نے عرب، ایران اور وسط ایشیا کی پوشاکوں کو چھوڑ کر آب وہوا کے لحاظ سے ہندو پوشاک کو کچھ ترمیم کے ساتھ اپنایا۔ عربی عمامہ جبہ، ردا گلے سے نیچے تک کا تہبند، تسمہ اور وسط ایشیا کے کلاہ، زیکا، موزہ، سب یہاں آکر غائب ہوگئے اور ان کی جگہ پگڑی، کرتا، انگرکھا، پٹکا، اچکن، چپکن، دوپٹہ، پاجامہ اور جوتے نے لے لی۔ ہر صوبے کے ہندو مسلمان کی پوشاک یکساں ہوگئی۔ اتر پردیش خاص کر لکھنؤ میں ہندو مسلمان دونوں چوڑی دار

پاجامہ، شیروانی اور دوپلی ٹوپی پہننے لگے، تو پنجاب کے ہندو مسلمان شلوار پہننے لگے اور صافہ پگڑی باندھنے لگے۔ دیہات کے ہندو مسلمان آب و ہوا کے لحاظ سے کمر کے نیچے تہبند یا چھوٹی دھوتی پہنتے تھے، کندھے پر بنگا ڈال لیتے تھے، باقی ننگے بدن رہتے تھے۔ دکن میں ہندو مسلمان دونوں ہی لنگی پہننے لگے۔ عرب حملہ آوروں کی مادری زبان عربی تھی، وسط ایشیا کے حملہ آوروں کی مادری زبان ترکی تھی، اور مغل حکومت میں سرکاری زبان فارسی تھی۔ آج ہندوستانی مسلمان ان تینوں میں سے ایک زبان بھی نہیں بولتے۔ اس کے برعکس مسلمانوں نے صوبائی اور علاقائی زبانوں کو اپنا لیا۔ پنجابی مسلمان پنجابی بولتے ہیں، بنگالی مسلمان بنگلہ، گجراتی مسلمان گجراتی، اور مہاراشٹر کے مسلمان مراٹھی بولتے ہیں۔ تامل ناڈو کے مسلمان اسلام علیکم کی جگہ سلامڈو کہنے لگے۔

اس باہمی یکجہتی کا یہ اثر پڑا کہ ہندوؤں کے نام بختاور سنگھ، روشن لال، رستم سنگھ اور غازی رام جیسے رکھے جانے لگے اور مسلمانوں کے نام بابولال، شیخ محمد لال، رام دیال، دیوی جی، پرتم جی جیسے رکھے جانے لگے۔ بنگال کے مسلمان کسانوں میں کالی، دکھی، تین کوڑی، پانچ کوڑی، کنہی جیسے نام رکھے جانے لگے۔

چٹائی یا دسترخوان پر بیٹھ کر کھانا اسلام سے پہلے کے پارسیوں کا رواج تھا۔ وہ میوں کا تیوں مسلمانوں نے اپنا لیا۔ سلام کا رواج بھی میں نے دیکھا اتر پردیش کے ٹھاکروں میں عام ہو گیا۔ چھوٹے جب بھی بڑوں کی تعظیم کریں گے تو سلام کہہ کر کریں گے۔ ملنے کے وقت ہاتھ جوڑنا کسی نہ کسی شکل میں قدیم ہندوستان میں موجود تھا۔

جہاں تک عوام کا تعلق ہے جگہ جگہ پیروں کی پوجا شروع ہوئی۔ بنگال میں ستیہ پیر کی پوجا، اتر پردیش میں غازی میاں اور پانچ پیر کی پوجا، اسی طرح پنجاب میں بھی کسی اور پیر کی پوجا، چیچک کے لیے شیتلا کی پوجا عام ہو گئی۔ سوندربن میں اولہ بی بی کی پوجا اور بن بی بی کا ہندو اور مسلمانوں میں عام رواج تھا۔ ایک خاص بات یہ ہے کہ اولہ بی بی اور بن بی بی ان دونوں کے پروہت صرف مسلمان ہی ہوتے تھے۔ الہ آباد ضلع میں جو شیتلا کا مندر ہے، اس کے پنڈے پجاریوں میں ہندو مسلمان دونوں ہوتے تھے۔

جہاں تک کھانے پینے کا تعلق ہے حلوہ عربوں کی ایجاد ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ مٹھائی پہلے ہندوستان میں نہیں تھی لیکن اب جس شکل میں ہندوستان کے ہندو مسلمان حلوہ بناتے ہیں، اس شکل میں عرب یا ترکستان میں نہیں بنتا۔ حلوہ بالکل ہندوستانی بن چکا ہے۔ حلوہ کبھی حلوائی کھوکھا بنا شروع میں شاید ہندوستان میں لڈوؤں کا بھی رواج ہو گا کیونکہ اکثر ان کا استعمال دیوتاؤں کے سامنے پیش کرنے میں ہوتا ہے۔ مغل بادشاہوں میں جہانگیر کو طرح طرح کی مٹھائیاں

ایجاد کرنے کا شوق تھا۔ کچھ مورخوں کے مطابق قلاقند، برفی، گلاب جامن، امرتی، یہ مٹھائیاں جہانگیر کے وقت ہی میں ایجاد ہوئیں۔ تامل ناڈو میں میں نے دیکھا کہ وہاں کے لوگ امرتی کو اب بھی جہانگیری کہتے ہیں۔

ایلفنسٹن نے مسلم حکمرانوں کے متعلق لکھا ہے کہ ان کی حکومتوں میں ہندوؤں کے مندروں اور دھرم شالاؤں کی حفاظت کی جاتی تھی۔ برندابن، گوردھن اور متھرا کے مندروں کو شاہی خزانے سے مدد دی جاتی تھی۔ متھرا ضلع کے گوردھن میں ہری دیوجی کا مندر ہے۔ یہ سنہ [illegible]ء میں بنا۔ احمد شاہ کے ایک دستخطی فرمان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہوں کی اُور سے مندر کے خرچ کے لئے روپیہ ملتا تھا۔

اکبرآباد کے اچھنیرا قصبے کے کسانوں اور زمینداروں کے نام احمد شاہ کے فرمان کے لفظ ہیں:

"اس فرمان کے ذریعہ ستّرہ بیگھا زمین بنالگان مندر کے پجاری شیتل داس بیراگی کے نام دھرماتے میں دی جاتی ہے جس سے وہ دیوتا کے بھوگ اور ٹھاکر جی کا بوجھ برداشت کر سکے۔ اس زمین کی مالگذاری بیراگی جی کے لئے منظور کی جاتی ہے جس سے وہ ٹھاکر جی کے لئے ضروری چیزیں خرید سکیں۔ اچھنیرا بازار کے چودھری کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ ہر ایک گاڑی اناج پر پاؤ سیر ٹھاکر جی کے لئے رکھ لیا جائے اور وہ بیراگی جی کو ضرور ملے۔" فرمان بتاریخ یکم رمضان سنہ ۱۱۳۹ ہجری شہنشاہ کی بلند بخت حکومت کا چھٹا سال، فرمان ضلع آگرہ اچھنیرا کے نرسنگھ مندر کے لئے سنہ ۱۱۶۷ھ سنہ ۱۷۵۴ء مہر محمد شاہ بادشاہ۔

"خلاصۃ التواریخ" کے مورخ بٹالہ کے سجان رائے نے تھانیشور کے سالانہ ہندو میلے اور اشنان کے متعلق ایک دلچسپ واقعہ بیان کیا ہے:

جب سکندر لودی نے اس میلے کو بند کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تو دربار کے مشہور مورخ اور عالم فاضل میاں عبداللہ اجودھنی نے اس بات کی زوردار مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ مندروں کا گروانا اور ندی تالاب کے کنارے پرانے زمانے سے ہونے والے اشنان کو بند کرنا قطعی غیر قانونی اور شریعت کے خلاف ہے۔" سکندر لودی غصے سے لال ہو کر ایک ننگی تلوار لے کر یہ کہتا ہوا اس کے اوپر جھپٹا کہ: "تو بت پرستوں کی طرفداری کرتا ہے؟" اس عالم نے بے خوف یہ جواب دیا۔ "میں بادشاہ سلامت کو شریعت کا فتویٰ بتا رہا تھا۔ اب یہ آپ کی مرضی ہے چاہے مانیں یا نہ مانیں!" بادشاہ کے اوپر اس بات کا بڑا اثر پڑا، اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور پھر کبھی اس نے ہندو میلے کے بند کرانے کا ارادہ نہ کیا۔

قاضی مغیث الدین ایک کٹر قسم کا عالم تھا جب اس نے علاؤالدین خلجی کے سامنے یہ تجویز رکھی کہ وہ

ہندوؤں کے ساتھ سختی کا برتاؤ کرے تو علاؤالدین خلجی نے جواب دیا: "مولانا! تم ایک بہت بڑے عالم ہو، مگر دنیا کے تجربے کے لحاظ سے تم صفر ہو۔ میں بالکل پڑھا لکھا نہیں ہوں، پر میں نے دنیا خوب دیکھی ہے۔ میں ایسے حکم جاری کرتا ہوں جسے میں حکومت اور رعایا کے لیے مفید سمجھتا ہوں۔ میں نہیں جانتا کہ یہ بات شریعت کے موافق ہے یا خلاف۔ میں وہی حکم دیتا ہوں جو حکومت کے لیے اچھا اور موقعے کے مطابق سمجھتا ہوں۔"

سلطان جلال الدین نے ہندوؤں کی طرف اپنے نرم رخ کو سختی میں بدلنے سے صاف انکار کر دیا۔ برنی نے لکھا ہے کہ گدی پر بیٹھنے سے پہلے ایک ہندو منڈاہر نے جلال الدین خلجی پر وار کر کے اس کو چوٹ پہنچائی۔ اس نے اس سے کوئی بدلہ نہ لیا اور گدی پر بیٹھنے کے بعد جلال الدین نے اپنے اوپر حملہ کرنیوالے اس ہندو کے لیے ملک خورم وکیل در کے ماتحت ایک لاکھ جیتل وظیفہ دوا جب مقرر کیا۔

ابن بطوطہ نے لکھا ہے کہ ایک ہندو سردار نے قاضی کی عدالت میں سلطان محمد بن تغلق کے خلاف مقدمہ دائر کیا۔ قاضی نے محمد بن تغلق کو عدالت میں طلب کیا اور مقدمے کی باقاعدہ سنوائی کے بعد ہندو کے حق میں فیصلہ دیا اور سلطان محمد بن تغلق نے فیصلے کے مطابق مدعی کو مطمئن کیا۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مسلمانی حکومت میں ہندو اپنی شکایتوں کو دور کرا سکتے تھے۔

مغل شہنشاہوں کی حکومت میں ہندو بہت بڑی تعداد میں اونچے اور ذمہ داری کے عہدوں پر تھے۔ شاہجہاں کے وقت میں نور پور میں جگت سنگھ نے ۱۴ ہزار راجپوتوں کی فوج لیکر شاہجہاں کے حکم سے بلخ اور بدخشاں کے ازبکوں کے خلاف بڑی بہادری سے فوج کشی کی۔

گولکنڈا، احمد نگر اور بیجاپور کے سلطانوں نے دریا دلی کے ساتھ سبھی فوجی اور دیوانی محکموں کو ہندوؤں کے لیے کھول دیا۔ شیواجی کے والد شاہو جی احمد نگر اور بیجاپور دونوں ریاستوں میں بہت اونچے فوجی افسر کے عہدے پر تھے۔

سکندر لودی نے حکومت کے اونچے عہدے پر پہنچنے کے لیے ہندوؤں کو خاص طور پر مدد دی۔ اس نے عام دربار میں پوچھا: "کیا ایسا کوئی ہندو ہے جو فارسی جانتا ہے؟" جواب میں ایسا کوئی ہندو نہ ملا تو اس نے برہمن، کھتریوں اور بنیوں کو فارسی پڑھنے کو کہا۔ لیکن سب نے یہ کہکر معافی چاہی کہ انہیں اپنے پیشے سے ہی فرصت نہیں ملتی۔ صرف کایستوں نے فوراً فارسی پڑھنا شروع کر دیا۔ کایستوں کی ترقی سے اور لوگوں کو بھی خواہش بڑھی۔ اس کے بعد سے ہندو کارکنوں کی تعداد بھی بڑھی۔ جس کا ثبوت بابر کے وقت میں بھی ملتا ہے۔ بابر لکھتا ہے:

"جب میں ہندوستان پہنچا تو اس وقت مال کے محکمے کے افسر، سوداگر اور کاریگر سب ہندو تھے۔"

سر جان میلکم نے اپنی رابرٹ کلائو کی سوانح عمری میں لکھا ہے: "دیوانی اور مال کے محکموں کا پورا انتظام اور ملک کی اندرونی حکومت کی باریکیاں اور چھوٹے موٹے انتظام، جن پر حکومت کی مشین کا چلنا منحصر کرتا ہے، قریب سب انہیں لوگوں کے ہاتھوں میں رہے جن کے ہاتھوں میں مسلمانوں کے آنے سے پہلے رہ چکے تھے۔ خزانے کا سب سے بڑا حاکم کوئی نہ کوئی ہندو ہوتا تھا جو کبھی وزیر ہوتا تھا اور کبھی نائب۔"

ایک بہت ہوشیار اور حاضر جواب مسلمان بادشاہ سے پوچھا گیا کہ: "آپ اپنے ہم مذہب مسلمانوں کے مقابلے میں ہندو افسروں اور منیجروں کو کیوں اتنا زیادہ پسند کرتے ہیں؟" اس نے جواب دیا۔ "مسلمان چھلنی کی طرح ہوتا ہے، اس میں جو چیز ڈال جائے فوراً باہر نکل آتی ہے۔ ہندو اسپنج کی طرح ہوتا ہے۔ اس میں جو ڈالا جائے سب جذب ہو جاتا ہے اور ضرورت کے وقت دبانے سے پھر نکل آتا ہے۔"

○

بنگال کے خود مختار پٹھان سلطان بنگلہ زبان کے بہت بڑے حمایتی تھے۔ سلطان حسین شاہ نے سرکاری خرچ پر مہابھارت، رامائن، اپنشد جیسی سنسکرت کی مذہبی کتابوں کا بنگلہ میں ترجمہ کروایا۔ بنگلہ ادیبوں کو انعام اور اکرام دیے۔ اس زمانے کے بہت بڑے میتھلی اور بنگلہ زبان کے شاعر ودیاپتی نے حسین شاہ کی تعریف میں بہت سی نظمیں لکھی ہیں۔ مسلمان بادشاہوں نے بنگال میں بارہ بڑے جاگیردار مقرر کر دیے تھے جو ہر سال مقررہ خراج دیا کرتے تھے اور باقی اپنی ریاست کا انتظام کرنے میں وہ بالکل آزاد تھے۔ ان بارہ جاگیرداروں میں ایک بیر بھوم کے جاگیردار کو چھوڑ کر سب ہندو تھے۔

مرشد قلی خاں نے جس زمانے میں وہ بنگال کے اندر اورنگ زیب کا وائسرائے تھا، اپنے مال کے سب افسر اور وزیر ہندو ہی مقرر کیے۔ وہ اپنے ان ہندو صلاح کاروں کی رائے سے ہی کام کرتا تھا۔ تیرھویں صدی عیسوی سے لیکر پلاسی کی لڑائی تک مسلم حکومت میں بنگال کے ہندوؤں کو کبھی بھی یہ محسوس کرنے کا موقعہ نہیں ملا کہ ان کے اوپر کوئی بدیسی حکومت ہے۔

جو کیفیت بنگال کی تھی وہی کیفیت مہاراشٹر کی تھی۔ بدقسمتی سے انگریزی مورخوں نے چھترپتی شیوا جی کے متعلق اپنی غلط بیانیوں کے ذریعہ بہت سی غلط فہمیاں پیدا کر دی ہیں۔ شیوا جی کو اسلام اور مسلمانوں کا دشمن بتایا گیا،

جب کہ سچائی اس کے برعکس ہے۔ شیواجی کے دادا مالوجی احمد نگر کے دربار میں ایک نامور فوجی کمانڈر تھے۔ شادی کے دس برس گزر جانے کے بعد جب ان کے یہاں کوئی اولاد نہ ہوئی تب انھیں بے حد فکر ہوئی۔ اُس زمانے میں یہ بہت اچھا نہیں سمجھا جاتا تھا کہ کسی ہندو کے یہاں بیٹا پیدا نہ ہو۔ جبکہ ان کے چھوٹے بھائی کے آٹھ آٹھ بیٹے تھے۔ اور مالوجی کو کوئی اولاد نہ تھی۔ انھوں نے بہت تیرتھ برت کیے مگر کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ تو کسی نے انھیں صلاح دی کہ احمد نگر قلعے کے باہر شاہ شرف کے مزار پر جا کر آپ دعا مانگیں تو آپ کی مراد پوری ہوگی۔ مالوجی نے یہی کیا۔ خدا کے فضل سے سال بھر کے اندر ان کے یہاں بیٹے کا جنم ہوا اور دوسرے سال پھر ایک بیٹے کا جنم ہوا۔ مالوجی کو چونکہ یہ اولاد شاہ شرف کی دعا سے ملی تھی' اس لیے انھوں نے بڑے بیٹے کا نام شاہ جی رکھا اور چھوٹے بیٹے کا نام شرف جی۔ شیواجی شاہ جی کے بیٹے تھے۔

شیواجی خود کیلسی کے بابا یاقوت سہروردی کے بہت بڑے مرید تھے۔ بابا یاقوت حیدرآباد سندھ سے آکر کیلسی میں مقیم ہوئے۔ بابا کا اعتقاد تھا کہ ایشور اللہ ایک ہے۔ اور کل انسان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ شیواجی نے انھیں ۶۷۳ ایکڑ زمین بطور جاگیر عطا کی اور وہاں ایک خانقاہ تعمیر کروائی۔ اپنے فرمان میں شیواجی نے لکھا:۔ "حضرت بابا یاقوت بہوت مقصور وہے" یعنی بابا یاقوت بہت بڑے سنت اور صوفی ہیں۔ شیواجی کی موت کے سال بھر بعد بابا یاقوت بھی اس دنیا سے کوچ کر گئے۔ جب بھی شیواجی کسی لڑائی یا جنگ کے لیے جاتے تو ہمیشہ ان سے مرادیں مانگ کر جاتے۔

ایک دوسرے مسلم سنت مونی بابا تھے۔ اُن کے اوپر بھی شیواجی کو بہت اعتقاد تھا۔ وہ پاٹگاؤں میں رہتے تھے۔ کرناٹک کے مورچے پر جانے سے پہلے شیواجی ان کا آشیرواد لے کر گئے۔ شیواجی کا نجی سکریٹری ملّا حیدر تھا۔ شیواجی کے ساری خفیہ دستاویزات اسی کے قبضہ میں رہتی تھیں۔ شیواجی کی ساری خط وکتابت اسی کے سپرد تھی۔ شیواجی کی وفات تک اس نے وفاداری کے ساتھ شیواجی کی نوکری کی۔ مگر شیواجی کے بیٹے کی بدسلوکی سے ملّا حیدر دلی چلا گیا۔ وہاں مغل دربار نے اسے صدر قاضی کے عہدے پر بٹھایا۔ ایک مسلمان فرّاش مداری شیواجی کے ساتھ آگرہ گیا اور اسی کی مدد سے شیواجی آگرے کے قلعے سے بچ کر نکل سکے۔ شیواجی کے افسروں اور کمانڈروں میں بہت سے مسلمان تھے۔

کچھ مراٹھا مورخوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ شیواجی کا مقصد ہندو پد پادشاہی قائم کرنے کا تھا۔ لیکن "پونا محضر" جس میں شیواجی کے دربار کی کارروائیاں درج ہیں' اس میں ۱۶۵۶ء میں شیواجی

کے افسروں اور ججوں کی تقرری کا بھی ذکر ہے، شیواجی کی نئی سرکار نے جن قاضیوں کو مقرر کیا ان میں قاضی اور نائب قاضیوں کے نام ہیں۔ جب مسلم رعایا کے مقدمے پیش ہوتے تو شیواجی مسلم قاضیوں کے مشورے سے فیصلہ دیتے۔ شیواجی کے مشہور نیول کمانڈروں میں دولت خاں اور دریا خاں سہرنگ تھے جس وقت وہ لوگ پدم درگ کی حفاظت میں لگے ہوئے تھے اس وقت سدّی کی فوج نے انھیں چاروں طرف سے گھیر لیا۔ شیواجی نے اپنے صوبیدار جیواجی ونایک کو انھیں رسد اور روپے بھیجنے کی ہدایت دی، جسے اس نے وقت پر نہیں بھیجا۔ اس پر شیواجی نے اُسے برخاستگی اور قید کا حکم دیتے ہوئے لکھا کہ:

"تم سمجھتے ہو کہ تم برہمن ہو، اس لیے میں تمہیں تمہاری اس دغابازی کے لیے معاف کردوں گا؟ تم برہمن ہوتے ہوئے بھی دغاباز نکلے اور تم نے سدی سے رشوت لے لی لیکن میرے مسلمان نیول کمانڈر کتنے وفادار نکلے کہ اپنی جان پر کھیل کر ایک مسلمان سلطان کے خلاف انھوں نے میرے لیے بہادرانہ لڑائی لڑی۔"

شیواجی کے دل میں عورتوں، قرآن شریف اور مسجدوں کے لیے بیحد عزت تھی۔ ایک مرتبہ شیواجی کا ایک کمانڈر سورت شہر کو لوٹ کر وہاں کے مغل حاکم کی خوبصورت بیٹی کو قید کرکے لے آیا اور اسے شیواجی کے دربار میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ:۔ "مہاراج! میں آپ کے لیے یہ نایاب تحفہ لایا ہوں۔" اتنا سننا تھا کہ شیواجی کی آنکھوں سے انگارے برسنے لگے۔ انھوں نے اپنے سردار سے کہا:۔ "تم نے نہ صرف اپنے مذہب کی توہین کی بلکہ اپنے مہاراج کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ لگایا۔" پھر اس شہزادی کی طرف مخاطب ہوکر کہا:۔ "بیٹی! تم کتنی خوبصورت ہو۔ کاش! میری ماں بھی تمہاری طرح خوبصورت ہوتی تو میں بھی ایسا ہی خوبصورت ہوتا۔" اس کے بعد شیواجی نے بہت سے تحفے دیکر شہزادی کو اس کے والدین کے پاس فوجی ٹکڑی کی نگرانی میں واپس بھیج کر اس مغل حاکم سے اس غلطی کے لیے معافی کا اظہار کیا۔ اس کی فوج کو سخت حکم تھا کہ کسی مسجد کو کوئی نقصان نہ پہنچے اور کہیں کوئی قرآن شریف ملے تو اُسے باعزت میرے پاس لاؤ۔ اور اس طرح پائے گئے قرآن شریف کو وہ اکثر مسلمان قاضیوں کو بھینٹ کے طور پر دے دیا کرتے تھے۔

وہ زمانہ ایسا تھا کہ چاہے شیواجی ہو یا اورنگ زیب، گولکنڈہ کا سلطان ہو یا بیجاپور کا ان میں لگاتار لڑائیاں ہوتی رہتی تھیں۔ دکن کی جنگ میں اورنگ زیب نے اپنی عمر کے آخری بیس برس صرف کر دیے اور ناکامیابی کا سہرا لیکر دکن میں ہی اس کی موت ہوئی۔ اس کے بڑے بڑے سپہ سالاروں نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا تھا۔ اُسے

اپنے بیٹوں سے بھی بہت خوف تھا۔ وہ سمجھتا تھا کہ جو سلوک اس نے اپنے والد شاہجہاں کے ساتھ کیا وہی وہ اس کے ساتھ کریں گے۔ شیواجی کے پوتے ساہو کو اورنگ زیب نے آگرے کے اپنے محل میں قید کر رکھا تھا لیکن اس نے پوری طرح اُس معصوم کی مذہبی تعلیم کا خیال رکھا۔ ہندو پنڈتوں کو بلا کر اسے مذہبی شاستروں کی تعلیم دی گئی اپنے باپ سمبھاجی کے مرنے کے بعد ساہو شیواجی کی سلطنت کا وارث ہوا۔ اورنگ زیب کے احسانوں اور محبت کے احساس سے غمزدہ وہ اورنگ زیب کے جنازہ کے ساتھ خلد آباد تک گیا۔ قبر میں مٹی ڈالتے وقت اس کی آنکھیں آنسوؤں سے تر تھیں۔

لگاتار جنگوں کی وجہ سے شاہی خزانے خالی ہو جاتے تب فوج کو اجازت ہوتی کہ سلطنت کی سرحد سے باہر وہ سیٹھوں، ساہوکاروں کو لوٹ کر اپنی تنخواہ وصول کر لیں۔ شیواجی نے بھی اس طرح کی تقسیم ملکی اور غیر ملکی علاقوں میں کی تھی۔ غیر ملکی لوگوں کی لوٹ میں یہ فرق نہیں کیا جاتا تھا کہ وہ ہندو ہیں یا مسلمان، لیکن سلطنت کے اندر ہندو اور مسلمان دونوں محفوظ تھے۔

○

جس طرح شیواجی کے متعلق انگریز مورخوں نے غلط فہمیاں پیدا کیں اسی طرح اورنگ زیب کے متعلق بھی۔ ایک اردو شاعر نے بڑے سوز کے ساتھ لکھا ہے:

تمہیں لے دے کے ساری داستاں میں یاد ہے اتنا　　کہ عالمگیر ہندو کُش تھا ظالم تھا ستمگر تھا

بچپن میں میں نے بھی اسکول کالجوں میں اسی طرح کی تاریخ پڑھی تھی اور میرے دل میں بھی اس طرح کی بدگمانی تھی۔ لیکن ایک واقعہ ایسا پیش آیا جس نے میری رائے قطعی بدل دی۔ میں تب الہ آباد میونسپلٹی کا چیرمین تھا۔ تربینی سنگم کے قریب سومیشور ناتھ مہادیو کا مندر ہے۔ اس کے پجاری کی موت کے بعد مندر اور مندر کی جائداد کے دو دعویدار کھڑے ہو گئے۔ دونوں نے میونسپلٹی میں اپنے نام داخل خارج کی درخواست دی۔ ان میں سے ایک فریق نے کچھ دستاویز بھی داخل کی تھیں۔ دوسرے فریق کے پاس کوئی دستاویز نہ تھی۔ جب میں نے دستاویز پر نظر ڈالی تو معلوم ہوا وہ اورنگ زیب کا فرمان تھا۔ اس میں مندر کے پجاری کو ٹھاکر جی کے بھوگ اور پوجا کے لیے جاگیر میں دو گاؤں عطا کیے گئے تھے۔ مجھے شبہ ہوا کہ یہ دستاویز نقلی ہیں۔ اورنگ زیب تو بُت شکن تھا۔ وہ بت پرستی کے ساتھ کیسے اپنے کو وابستہ کر سکتا تھا؟ میں اپنا شک رفع کرنے کے لیے سیدھا اپنے چیمبر سے اٹھ کر سر تیج بہادر سپرو کے یہاں گیا۔ سپرو صاحب فارسی کے عالم تھے۔ انھوں نے فرمان کو پڑھ کر کہا یہ فرمان

اصلی ہیں۔ میں نے کہا "ڈاکٹر صاحب"! عالمگیر تو مندر توڑتا تھا، بُت شکن تھا وہ ٹھاکر جی کے بھوگ اور پوجا کے لئے کیسے جائداد دے سکتا تھا؟"۔

سپرو صاحب نے اپنے منشی کو آواز دیکر کہا: "منشی جی! ذرا بنارس کے جنگم باڑی شیو مندر کی اپیل کی مثل تو لاؤ"۔ منشی جی مثل لے کر آئے تو ڈاکٹر سپرو نے دکھایا کہ اس میں اورنگ زیب کے چار فرمان اور تھے جن میں جنگموں کو معافی کی زمین عطا کی گئی تھی۔

ڈاکٹر سپرو ہندوستانی کلچر سوسائٹی کے صدر تھے جس کے عہدہ داروں میں ڈاکٹر بھگوان داس، سید سلیمان ندوی، پنڈت سندر لال اور ڈاکٹر تارا چند تھے۔ میں بھی اس کا ایک ممبر تھا۔ ڈاکٹر سپرو کی صلاح سے میں نے ہندوستان کے خاص خاص مندروں کی فہرست مہیا کی، اور ان سب کے نام یہ خط لکھا کہ اگر آپ کے مندروں کو اورنگ زیب یا مغل بادشاہوں نے کوئی جاگیر عطا فرمائی ہو (خصوصاً اورنگ زیب) تو ان کی فوٹو کاپیاں مہربانی کر کے بھیجیں۔ دو تین مہینے کے انتظار کے بعد ہمیں مہاکال مندر اُجّین، بالاجی مندر چترکوٹ کاماکھیہ مندر گوہاٹی، جین مندر گرنار اور دلواڑا مندر آبو، گرودوارہ رام رائے دہرادون وغیرہ سے اطلاع ملی کہ اُن کو جاگیریں اورنگ زیب نے عطا کی تھیں۔ مورخوں کی تاریخ کے مطابق ایک نیا اورنگ زیب ہماری آنکھوں کے سامنے اُبھر کر آیا۔

اورنگ زیب نے ان مندروں کو جاگیریں عطا کرتے ہوئے یہ ہدایت دی تھی کہ ٹھاکر جی سے وہ اس بات کی دُعا مانگیں کہ اس کے خاندان میں تاقیامت حکومت بنی رہے۔

اسی طرح ٹیپو سلطان کے متعلق بھی نئی روشنی ملی۔ ۱۹۲۸ء میں میں ٹیپو سلطان کے سلسلے میں الہ آباد میں کچھ تاریخی چھان بین کر رہا تھا۔ ایک دن دوپہر کو اینگلو بنگالی کالج کے کچھ طلبا آئے اور انھوں نے یہ درخواست کی کہ میں ان کے ہسٹری ایسوسی ایشن کا افتتاح کر دوں۔ چونکہ وہ کالج سے سیدھے آئے تھے تو ان کے ساتھ اُن کی کتابیں بھی تھیں۔ میں ان کتابوں میں سے ہندوستان کی تاریخ کے ورق الٹنے لگا۔ جب میں ٹیپو سلطان کے سبق پر پہنچا تو دیکھا اس میں درج تھا، "تین ہزار برہمنوں نے اس لئے خودکشی کر لی کہ ٹیپو سلطان انھیں زبردستی مسلمان بنانا چاہتا تھا۔" میں نے مورخ کا نام دیکھا تو لکھا تھا مہا مہو پادھیائے ڈاکٹر ہر پرساد شاستری، کلکتہ یونیورسٹی کے سنسکرت ڈپارٹمنٹ کے صدر۔

دوسرے دن ہی میں نے انھیں خط لکھا اور ان سے التجا کی کہ مہربانی فرما کر مجھے یہ اطلاع دیں کہ یہ

واقعہ انھوں نے کہاں سے لیا۔ چار بار یاد دہانی کے بعد انہوں نے مجھے اطلاع دی کہ یہ واقعہ انھوں نے میسور گزیٹیر سے لیا ہے۔

میسور گزیٹیر کی کوئی جلد نہ الہ آباد میں ملی نہ کلکتے میں۔ میں نے ڈاکٹر سپرو کے مشورے سے اُس کے متعلق میسور کے دیوان سر مرزا اسمعیل کو خط لکھا۔ سر مرزا اسمعیل نے میرا خط یونیورسٹی کے وائس چانسلر سر برجیندر ناتھ سیل کے پاس بھیج دیا۔ سیل صاحب نے مجھے اطلاع دی کہ میرا وہ خط انھوں نے پروفیسر سری کانتیہ کے پاس بھیجا ہے جو اس وقت میسور گزیٹیر کو ایڈٹ کر رہے ہیں۔ ایک ہفتے کے بعد پروفیسر سری کانتیہ نے مجھے اطلاع دی کہ میسور گزیٹیر میں یہ واقعہ کہیں نہیں ہے۔ تاریخ کی وہ کتاب اتر پردیش، بہار، اڑیسہ، بنگال اور آسام کے ہائی اسکول کی ٹکسٹ بک تھی۔ لاکھوں معصوم لڑکے ہر سال اس کتاب کو پڑھتے ہیں! اس واقعہ کا ان کے دل پر کیا اثر ہوتا ہوگا!۔

میں نے پروفیسر سری کانتیہ کو لکھا کہ وہ مہربانی فرما کر مجھے اطلاع فرمائیں کہ ٹیپو سلطان میں کیا تعصب تھا؟ مجھے پھر اطلاع دی گئی کہ ٹیپو سلطان کا سپہ سالار کرشنا راؤ برہمن تھا اور اس کا وزیر اعظم پورنیہ بھی برہمن۔ پروفیسر کانتیہ نے ۱۵۶ مندروں کی فہرست بھیجی جنہیں ٹیپو سلطان ہر سال تحفے اور چڑھاوا بھیجا کرتا تھا۔ خود ٹیپو سلطان کے قلعے کے اندر سری رنگناتھ کا مندر تھا۔ جہاں حسب معمول روز صبح ناشتے سے پہلے ٹیپو سلطان رنگناتھ سوامی کے درشن کرتا تھا[1]۔ مجھے سرینگری مٹھ کے جگت گرو شنکر آچاریہ کے ٹیپو سلطان کے نام لکھے ہوئے ایک درجن کنڑ زبان کے خطوط کی کاپی فوٹو بھیجی گئی جس سے ظاہر ہوتا تھا کہ شنکر آچاریہ اور ٹیپو سلطان میں بے حد محبت تھی۔ اپنے زمانے کے ہندوستان کے راجاؤں اور نوابوں میں ٹیپو سلطان اور اس کے والد ہی ایسے شخص تھے جنھوں نے انگریزوں کے ساتھ مل کر کسی کو دھوکہ نہیں دیا۔ ٹیپو سلطان کے ساتھ انگریزوں کی کئی بار جنگ ہوئی اور آخر میں ایک بہادر وطن پرست کی طرح لڑتے ہوئے اس نے شہادت حاصل کی۔ نامعلوم لاشوں کے ڈھیر سے جب اسے کھوج کر نکالا گیا تو انگریز جنرل نے دیکھا کہ اس نے تلوار کی مٹھ کو مضبوطی سے پکڑ رکھا تھا!

میں نے یہ تمام خط و کتابت کلکتہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر کو بھیجی اور ان سے درخواست کی کہ اگر وہ اس خط و کتابت سے مطمئن ہیں کہ شاستری کی کتاب میں دیا ہوا واقعہ غلط ہے تو اس پر کارروائی کریں، ورنہ یہ خط و کتابت مجھے واپس کر دیں۔ بہت جلد نہ صرف وائس چانسلر کا جواب آیا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ ان کا حکم نامہ بھی آیا کہ شاستری کی تاریخ کی کتاب ہائی اسکول سے خارج کی جاتی ہے۔

---

[1] جب تک کوئی معاصر شہادت نہ ہو درشن کا یہ مطلب اصل سمجھا جائے، اور بہتر ہے کہ یوں پڑھا جائے، مندر کی دیکھ ریکھ کیلئے جاتا تھا۔
(ادارہ)

اسی طرح رانا پرتاپ اور اکبر کی ہلدی گھاٹی کی جنگ کو ہمارے ملک کی ایک جماعت مذہبیت کا رنگ دیتی ہے۔ مگر کیفیت یہ ہے کہ اکبر کی فوج کے سالار راجا مان سنگھ تھے۔ اکبری فوج کے زیادہ تر سپاہی راجپوت تھے۔ دوسری طرف رانا پرتاپ کی فوج کے سالار رانا کے علاوہ حکیم خاں سور تھے۔ جالور کے تاج خاں بھی ایک ہزار پٹھان فوج کے ساتھ مہارانا پرتاپ کا ساتھ دینے کے لیے پہنچ گئے تھے۔ پٹھانوں نے مغلوں کے چھکے چھڑا دیے۔ ہلدی گھاٹی کی لڑائی کسی طرح بھی نہ فرقہ واریت کی لڑائی تھی نہ مذہبی۔

اسی طرح سکھوں کے گرو گوبند سنگھ کے سیکڑوں مسلمان مددگار تھے۔ نبی خاں، غنی خاں اور بجز ل سید بیگ نے بڑے نازک موقعوں پر گرو گوبند سنگھ کی مدد کی۔ سیکڑوں مسلمان سپاہی گرو گوبند سنگھ کی فوج میں بھرتی ہوئے اور بہادری سے لڑتے ہوئے اپنی جان قربان کر دی۔

بدرالدین جنھیں پیر بودھ شاہ بھی کہتے ہیں، گرو کے لیے اپنے چار بیٹوں اور بھائیوں اور ایک ہزار پٹھان فوجیوں کے ساتھ میدانِ جنگ میں شہید ہو گئے۔

ہندوستان کے بیچ کے زمانے میں بڑے بڑے صوفیوں اور سنتوں کا سلسلہ ملتا ہے۔ کبیر، دادو، تکارام، نانک، چیتنیہ، معین الدین چشتی، بابا فرید، میرا بائی، نظام الدین اولیا، سنت رویداس، بلھے شاہ سب اس سلسلے کے مشہور سنت اور صوفی ہیں۔ ان لوگوں کا کلام، ان کی بانی پڑھ کر آدمی صرف اونچے اصولوں کو نہیں جان جاتا، بلکہ سچی اور نیک زندگی کی طرف، روحانیت کی طرف اس کی توجہ ہوتی ہے۔ ان سنتوں کے کلام میں یکجہتی کا خیال کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ کبیر کہتے ہیں:۔

بھائی رے دوی جگدیش کہاں تے آیا کہو کونے بھرمایا
اللہ، رام، کریما، کیسو، ہری، حضرت نام دھرایا
وہی مہادیو، وہی محمدؐ برہمہ آدم کہیئے
کو ہندو کو ترک کہاوے ایک زمیں پر رہیئے
بید کتب پڑھے وے کتبا، وے ملّا وے پانڈے
بیگر بیگر نام دھرائیو، ایک ماٹی کے بھانڈے

سنت پلٹو داس نے اسی خیال کو ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے:۔

پورب میں رام ہے پچھم خدا ہے   تو اتر اور دکھن کہو کون رہتا۔

صاحب وہ کہاں ہے، کہاں پھر نہیں ہے   ہندو اور مسلمان طوفان کرتا

سنت دادو کہتے ہیں:۔

"دونوں بھائی نین ہیں دونوں بھائی کان   سب گھٹ ایکئی آتما کیا ہندو مسلمان"

ان صوفی سنتوں کے اپدیش کا عوام کے اوپر گہرا اثر پڑا۔

ایک فقیر بٹالے میں رہتے تھے، ان کا نام تھا صبغت اللہ۔ کچھ عرصے کے بعد انہوں نے اپنے ماتھے پر تلک لگایا، گلے میں جنیؤ ڈالا اور پنڈت کا رہن سہن اپنایا اور اپنا نام بھی رنگی رام رکھا۔ ایک دن ایک دوسرا مسلمان فقیر ان سے ملنے بٹالے آیا اور رنگی رام کو دیکھ کر پوچھا: "یہ کیا حال بنا رکھا ہے۔" انہوں نے کہا صبغت کے معنی ہیں رنگ اور اللہ کی جگہ رام۔" یہ سنکر فقیر نے کہا کہ: "تم نے اسلام اور ہندو مذہب میں کیا فرق دیکھا کہ جو ایک سے نکل کر دوسرے میں جا پہنچے۔ اگر نکلنا تھا تو دونوں ہی سے نکلتے، ہم تو سمجھتے تھے کہ تم موحد ہو، تم تو ابھی ہندو مسلمان کے پھیرے میں پڑے ہو۔"

صوفیوں کے نزدیک مولانا روم کی مثنوی کی بڑی قدر تھی۔ خاص طور پر گڈریے کی حکایت کہ جب وہ اسے پڑھتے تو لوگوں کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ مینھ کی طرح آنسو برسنے لگتے۔

"تو برائے وصل کردن آمدی   نے برائے فصل کردن آمدی

ہندیاں را اصطلاح دیگر اند،   سندھیاں را اصطلاح دیگر اند

موسیا آداب داناں دیگر اند،   سوختہ جان و رواناں دیگر اند

مذہب عشق از ہمہ ملت جدا ست   عاشقاں را مذہب و ملت خدا ست"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک مشہور حدیث ہے، "لوگوں سے ان کی سمجھ کے مطابق بات کرو۔" اسی سلسلے میں مولانا جلال الدین رومی کی مثنوی میں ایک بڑی دلچسپ کہانی آتی ہے۔ لکھا ہے کہ:

"حضرت موسیٰ ایک دن کسی پہاڑ پر سے اتر رہے تھے۔ انھوں نے دیکھا ایک گڈریا نیچے کو منھ کیے پڑا ہے۔ گڈریے کا کمبل، اس کی چپل اور اس کی لکڑی برابر میں پڑی ہے۔ گڈریا پڑے پڑے کچھ بڑبڑا رہا ہے۔ موسیٰ دبے پاؤں گڈریے کے پیچھے جا کر کھڑے ہو کر سننے لگے۔ گڈریا کہہ رہا تھا: "اے میرے اللہ تو کہاں ہے؟ تو مجھے کیوں نہیں ملتا؟ تو اگر مجھے مل جائے اور اگر تیرے پاؤں تھکے ہوں تو میں تیری خوب مٹھی چاپی کروں، جس سے

تیری تھکان دور ہو جائے۔ اگر تیری چپل پھٹ گئی ہو تو میں اپنے ہاتھ سے تیری چپل گانٹھ دوں یا تیرے کمبل میں چیلر پڑ گئے ہوں گے، میں ایک ایک چیلر بین کر پھینک دوں۔ رات کو میں تیرے لئے ایسا اچھا بستر بچھا دوں جس میں ایک سلوٹ نہ ہو۔ اس پر جنگل سے پھول لا کر ڈال دوں۔ صبح میں تازہ شہد کا پیالہ لا کر تجھے پلاؤں۔ اے میرے اللہ تو کہاں ہے؟ تو مجھے کیوں نہیں ملتا؟"

گڈریا اپنے پریتم اللہ کے پریم میں ٹپ ٹپ آنسو بہا رہا تھا۔ حضرت موسٰی گڈریے کے سامنے آ کھڑے ہو گئے۔ انھوں نے گڈریے سے پوچھا: "تو کس سے باتیں کر رہا تھا؟ گڈریے نے جواب دیا: "موسٰی! میں اُس اللہ سے باتیں کر رہا تھا جس نے تجھے اور مجھے دونوں کو پیدا کیا"

موسٰیؑ نے پھر کہا:۔ "اے گڈریے! اللہ کی شان میں ایسی باتیں کہنا بہت بڑا کفر ہے اور گناہ ہے۔"

گڈریے نے پھر پوچھا:۔ "موسٰی کیا مجھ سے کوئی گناہ ہو گیا؟"

موسٰیؑ:۔ "تجھ سے اتنا بڑا گناہ ہو گیا ہے جس کا کوئی کفارہ نہیں۔"

گڈریا:۔ "یچ مچ میرے گناہ کا کوئی کفارہ نہیں۔!"

غم اور ناامیدی سے بھرا ہوا گڈریا اٹھا۔ اس نے اپنا کمبل کندھے پر ڈالا، لکڑی ہاتھ میں لی اور بھیڑیں پیچھے چھوڑ کر بیابان جنگل کی طرف نکل گیا۔

گڈریا جب نگاہوں سے اوجھل ہو گیا تو موسٰی بڑے فخر کے ساتھ پیچھے مڑے۔ اسی وقت آسمان سے آواز آئی۔ اللہ نے موسٰیؑ سے کہا:۔ "اے موسٰی! یہ تو نے کیا کیا؟ تو نے ہمارے پریمی کو ہم سے الگ کر دیا! تجھے ہم نے دنیا میں ملانے کے لیے بھیجا تھا الگ کرنے کے لیے نہیں:

تو برائے وصل کردن آمدی　　　نے برائے فصل کردن آمدی

تو سمجھتا ہے کہ تو ہماری ذات اور صفات کے متعلق اُس گڈریے سے زیادہ واقف ہے؟ تیرا یہ سمجھنا غلط ہے۔ ہم تک پہنچنے کا راستہ دل ہے دماغ نہیں۔ ہم نے الگ الگ لوگوں کے لئے الگ الگ طریقہ بنا رکھا ہے:

ہندیاں را اصطلاح دیگر اند　　　سندھیاں را اصطلاح دیگر اند

اے موسٰی، عقل والوں کے آداب اور ہوتے ہیں اور وہ سچے عاشق، جن کے اندر عشق کی آگ لگی ہوتی ہے دوسرے ہوتے ہیں:

موسیا آداب داناں دیگر اند　　　سوختہ جان و رواناں دیگر اند

موسیٰ! عشق کا مذہب سب دینوں سے الگ ہے۔ جو سچے عاشق ہیں ان کے لئے مذہب اور ملت سب ہم ہیں:

مذہب عشق از ہمہ ملت جداست　　عاشقاں را مذہب و ملت خداست

موسیٰؑ نے گھبرا کر پوچھا: "اے اللہ! مجھ سے غلطی ہوگئی، اب میں کیا کروں؟"

اللہ نے جواب دیا: "اے موسیٰ! جا اس گڈریے کو ڈھونڈ اور اسے یہ خوش خبری دے کہ وہ ٹھیک تھا اور تو غلط۔ اس کے لئے اللہ کی طرف سے سب معاف ہے۔"

حضرت موسیٰؑ اُس گڈریے کی کھوج میں نکل پڑے۔ برسوں کے بعد وہ انھیں کہیں جنگل میں اکیلا کھڑا ہوا دکھائی دیا۔ موسیٰؑ نے گڈریے کو خوشخبری دی کہ تو ٹھیک تھا اور میں غلط۔ تیرے لیے سب معاف ہے۔

گڈریے نے اب مسکرا کر جواب دیا: "اے موسیٰ! اب تم کس سے بات کر رہے ہو؟ اب میں اُس پہلی جگہ سے ہزاروں سال کا فاصلہ طے کر چکا ہوں۔ اب تو میں اپنی خودی کو مار کر اس خودی کے خون میں لتھڑا پڑا ہوں:

"من ہزاراں سال زاں سوگشتہ ام　　من کنون در خون دل آغشتہ ام"

○

یکجہتی کی روایت کے سلسلے میں میں زبان کے مسئلے پر بھی کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ زبان اردو جب دکن سے چل کر دلی آتی ہے تو مغلیہ سلطنت کمال کے عروج تک پہنچ کر بڑی تیزی کے ساتھ نیچے اتر رہی تھی۔ بھائیوں کے درمیان تخت و تاج کی خاطر خانہ جنگی اور ایرانی، تورانی امیروں کی کھینچ تان سلطنت کی بنیادوں کو ہلا رہی تھی۔ مراٹھے اور افغانی ایسے دھکے دے رہے تھے کہ دیواریں اور چھتیں گرنے لگیں تھیں۔ عجیب سماں تھا۔ اکبر اور شاہجہاں کے نام لیوا لال قلعے کے محلوں میں دنیا اور مافیہا سے بے خبر رنگ رلیوں میں مصروف تھے طبلوں کی تھاپ، گھنگروؤں کی جھنکار اور شراب کے پیالے چل رہے تھے۔ ادھر سلطنت کے حصے بخرے ہو رہے تھے۔ صوبے خود مختار، صوبیدار ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے۔ مراٹھے، راجپوت، جاٹ اور سکھ ایک دوسرے سے جوجھ رہے تھے۔ سلطنت کے لاشے پر پرتگیز، ہالینڈیزی، فرانسیسی اور انگریز گدھوں کی طرح منڈلا رہے تھے راجاؤں اور نوابوں کی عیش پرستی سیکڑوں شریف خاندانوں کی تباہی، جنتا کی بربادی اور ملک کی غارتگری نے لوگوں کو مایوس کر دیا تھا۔ اس فضا میں دکن سے اردو آتی ہے اور شاہی دربار سے وابستہ ہو جاتی ہے۔ یہاں فارسی ماحول تھا۔ دربار کی زبان فارسی، دفتر کی زبان فارسی، عہدیداروں کی زبان فارسی علما

کی زبان فارسی۔ اردو فارسی رنگ میں ڈوب گئی۔ دکن میں جو اردو ادب تیار ہوا تھا اس میں ٹھیٹھ ہندی نمایاں تھی۔ دلّی کے ایرانی نسل کے امیروں اور فارسی زبان کے ماہروں کے کانوں پر ہندی لفظ بھاری معلوم ہوئے۔ متروکات کا سلسلہ جاری ہو گیا۔ مظہر جانِ جاناں نے پہل کی، آتش اور ناسخ نے تحریک کو تیز کیا، اردو ہندی سے دور ہونے لگی۔ دکن میں جسے دکھنی اور ہندی کہتے تھے دلّی میں زبانِ اردوے معلّیٰ کے نام سے مشہور ہوئی۔ ۱۸۵۷ء کی آندھی کے بعد انگریزوں نے اردو کو مسلمانی زبان بنا دیا اور ۱۸۵۷ء کے ہنگاموں کو مسلمانوں کے سر تھوپا۔ مسلمانوں کو نیچا دکھانے کی کارروائیاں جاری ہوئیں۔ بہار کے انگریز گورنر نے شہروں کا دورہ کیا اور اردو کے خلاف دھواں دھار لیکچر دیے۔ انگریز عالموں نے ہندوستانی زبانوں کی گرامر لکھی اور ثابت کرنے کی کوشش کی کہ اردو کسی علاقے کی زبان نہیں۔ ملکی بھاشا تو برج بھاشا، راجستھانی، اودھی وغیرہ ہے۔ انگریزی سیاست کا جادو چل گیا۔ اردو مسلمانوں کی زبان اور ہندی ہندوؤں کی زبان قرار پائی۔

۱۸۶۲ء کے بعد سے انگریزوں کی سیاست بدلی۔ مسلمانوں کو سرکار کی چہیتی بیوی اور ہندوؤں کو سوکن کا درجہ ملا۔ ۱۸۹۲ء میں اتر پردیش میں میکڈونل کی گورنری کے زمانے ہندی اردو کا جھگڑا ابھرا۔ فرقہ وارانہ جذبات کی زہریلی ہوائیں چلنے لگیں: "مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی"

اب ہمارے بنیادی دستور یا سمبدھان نے حکم فیصل دے دیا ہے۔ ہندی کو سرکاری زبان کے مرتبے پر پہنچا دیا ہے۔ اردو کو ملکی زبان کی فہرست میں شامل کر لیا ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ تعصب سے دور ہٹ کر حقیقت کو سامنے رکھا جائے۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ اردو اور ہندی دراصل دو جدا جدا زبانیں نہیں ہیں۔ علم لسانیات کی کسوٹی پر پرکھیے تو کوئی اصولی فرق نظر نہیں آتا۔ زبان کی ہستی تین چیزوں پر قائم ہے۔ آواز یا دھن، روپ اور لفظ۔ اردو اور ہندی لفظوں کی ترکیب ایک طرح کی آواز سے ہوتی ہے۔ دونوں کی گرامر ایک ہے۔ دونوں ایک ہی خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ دونوں آریائی زبان ہیں۔ لفظوں کے استعمال میں ہمیشہ ہیر پھیر ہوتا ہے۔ فردوسی کے شاہنامے کی زبان کا خاقانی کے قصیدوں کی زبان سے مقابلہ کیجیے، زمین آسمان کا فرق نظر آئے گا۔ یہی کیفیت نثر کی ہے۔
—— مائکل مدھوسودن دت کی بنگلہ پر سنسکرت چھائی ہوئی ہے۔ رابندر ناتھ ٹیگور کی زبان جنتا کی بول چال کی زبان ہے اور نذرالاسلام کی شاعری پر فارسی کا سایہ ہے۔
ہندی اردو کا بھی یہی حال ہے۔ ناگری پرچارنی سبھا بنارس کی ہندی ڈکشنری میں چھ ہزار فارسی

عربی کے لفظ ہیں۔ لغات آصفیہ میں ۷۵ فی صدی سے زیادہ وہ اردو کے لفظ ہیں جن کا ماخذ سنسکرت ہے۔ ہندی اور اردو کی پیدائش دونوں کی ایک جگہ ہوئی، اور دونوں ایک ماں کی بیٹیاں ہیں۔ ہاں، اب دونوں کی الگ الگ مستقل اور ادبی حیثیت ہے۔ حیرت کی بات ہے کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اردو اجنبی زبان ہے، جس کا ملک میں کوئی ٹھکانہ نہیں۔ وہ بھول جاتے ہیں کہ اردو کھڑی بولی کا ادبی روپ ہے اور کھڑی بولی اُس علاقے کی زبان ہے جس کا مرکز دلّی ہے۔

یہ کہنا کہ اردو کا کوئی مسکن نہیں اور یہ کہ وہ کسی علاقے کی زبان نہیں ہے، ایک کھلی ہوئی حقیقت سے انکار کرنا ہے۔ جو بچّے اُس علاقے میں رہتے ہیں جہاں کھڑی بولی رائج ہے اور وہ بچّے جن کے گھر میں کھڑی بولی جاتی ہے، قانونی حق رکھتے ہیں کہ اپنی مادری زبان میں ابتدائی تعلیم حاصل کریں اور اس حق سے انکار دیش کے بنیادی قانون کی توہین ہے۔

اردو کے ساتھ، ہندی کا ایسا برتاؤ ہندوستان کی دوسری صوبائی زبانوں کو چوکنا کر دیتا ہے۔ یہ لازم ہے کہ اردو کی جو مستقل حیثیت ہندوستان کے دستور میں ہے اس کی دفعہ ۳۴۷ کی رو سے اُسے جو حق پہنچتا ہے وہ اسے ملنا چاہیے۔

اردو کو مسلمانوں کے ساتھ نسبت دی جاتی ہے۔ اس خیال کا بیج انگریزوں نے بویا مسلم لیگ نے اس پودے کو سینچا اور پروان چڑھایا۔ عربی کو اگر اسلامی زبان کہیں تو بجا سمجھا جائے گا۔ حالانکہ یہ بھی صحیح نہیں ہے۔ اسلام کے ظہور سے پہلے غیر مسلم عربوں کی زبان عربی تھی۔ لاکھوں عیسائی جو لبنان، سیریا، مصر وغیرہ ملکوں میں رہتے ہیں عربی زبان بولتے ہیں۔ عربی میں بائبل پڑھتے ہیں۔ دنیا میں کون سی زبان ہے جو مسلمانوں کی مادری زبان نہیں؟ چین کے کروروں مسلمان چینی، انڈونیشیا کے ملے، بنگال کے بنگلا، مدراس کے تامل، کیرل کے ملیالی، گجرات کے گجراتی اور مہاراشٹر کے مراٹھی زبان بولتے ہیں۔ عربی بولنے والے مسلمان تو دنیا میں شاید دس فیصدی سے زیادہ نہیں ملیں گے۔ اردو تو اسی سرزمین کی پیداوار ہے جسے گنگا جمنا کی ندیاں سیراب کرتی ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ مسلمان صوفیوں، درویشوں اور شاعروں نے اردو کا سنگار کیا، لیکن سینکڑوں ہندو ادیبوں نے بھی اردو کو سنوارنے میں حصّہ لیا۔ اگر اردو میں اسلامی مذہب اور کلچر پر کتاب لکھی گئی تو آپ کو ہندو مذہب اور کلچر کی بھی اردو میں کافی کتابیں ملیں گی۔ اوپنشد، بھگوت گیتا، بھاگوت پران، کالی داس کے ناٹک، بیتال پچیسی، سنگھاسن بتیسی، پدماوت، قصے کہانیاں، لیلاوتی، حساب، نجوم، ویدک غرض مشکل سے کوئی ہندو مذہب

اور ادب کا شعبہ ہوگا جس میں اردو کی کتابیں نہ ہوں۔

اردو تو اصل میں ہندوستان کی زبان ہے۔ اس کا ماضی اور حال ہندوستان سے الگ نہیں ہو سکتا۔ اس کی تاریخ میں ہندو مسلمانوں کے میل جول کی کہانی ہے۔ اس میں ہندو مسلمان سنتوں نے اپدیش دیا ہے، سادھو درویشوں نے ایشور پریم کا سندیش دیا ہے۔ شاعروں نے اس میں وطن کے شہیدوں کے لئے آنسو گرائے۔ دیش بھگتوں کے دلوں کو ہلانے والے گیت گائے۔ انسان کے دل کی گہرائی کی کھوج کی اور اس کی اڑان کا اندازہ لگایا۔ حسن اور عشق کی تصویریں کھینچیں۔ محبت کے راگ الاپے، کبھی ہنسایا کبھی رلایا۔ وہ کس طرح ہم سے جدا ہو سکتی ہے؟ اس کا مستقبل ہندوستان سے وابستہ ہے۔ پاکستانی صوبوں کی بول چال کی زبان پنجاب میں پنجابی سندھ میں سندھی، بلوچستان میں بلوچی، صوبہ سرحد میں پشتو ہے۔ وہاں کہیں بھی بول چال کی زبان اردو نہیں، بے شک اتر پردیش اور بہار سے جو لوگ وہاں گئے ہیں ان کی زبان اردو ہے۔ اردو ہندوستان کی بیٹی ہے۔ یہیں یہ پیدا ہوئی۔ اس کی رگوں میں سنسکرت اور پراکرت کا خون بہتا ہے۔ یہ یہیں پھلی پھولی۔ اس کے بدن میں لوچ ہے۔ چال میں اٹھلاہٹ ہے۔ اسے دیکھ کر لوگ جھومتے ہیں۔ مشاعروں میں سننے والے اس کے بول سن کر مست ہو جاتے ہیں، سر دھنتے ہیں۔ اس کے سامنے ایک سندر روشن اور بے پایاں میدان ہے۔ ہندوستان کی پندرہ زبانوں میں یہ اکیلی وہ زبان ہے جو ہندو مسلمانوں کی یکجہتی کی روایت کی ترجمانی کرتی ہے۔ جو صحیح معنوں میں رواداری کے بنیادی اصولوں پر قائم ہے۔ اسے ملک کی خدمت کرنی ہے، دل کو دل سے ملانا ہے، شک و شبہ کے بدنما داغوں کو دھونا ہے۔ ہمارے قانون میں جس آزادی، برابری اور برادری کا دعوا ہے اُسے قوم کی زندگی میں ثابت کرنا ہے۔

بعض لوگوں کی یہ بھی تجویز ہے کہ اگر اردو کی کتابیں اردو رسم الخط کے علاوہ ناگری لپی میں بھی چھاپی جائیں گی تو پڑھنے والوں کا دائرہ بہت بڑا ہو جائیگا اور اردو کو ہر دلعزیز بنانے میں بڑی مدد ملے گی۔

میں نے خود ڈاکٹر تارا چند اور پنڈت سندر لال کے ساتھ مل کر الہ آباد سے "نیا ہند" ماہنامہ رسالے کی ایڈیٹنگ کی ذمہ داری لی تھی۔ اس میں ایک ہی زبان میں ناگری اور اردو رسم الخط میں سارے مضامین برابر کے کالموں میں چھپا کرتے تھے۔ میرے پاس ہندوستان کے مختلف صوبوں سے اس طرح کے خطوط آتے تھے کہ "نیا ہند" سے انھیں اردو سیکھنے میں بڑی مدد ملی۔ اسی خیال سے اپنے اسی اصول کی وجہ سے میں

نے تقریر کے اس مضمون کو بھی ایک ہی زبان لیکن دو رسم الخط میں پیش کیا ہے[1]۔ اِسے اگر اردو زبان سے ناواقف آدمی بھی پڑھے گا تو اسے فیض پہنچے گا۔ ہندی اور اردو کی قربت سے یکجہتی کو بلاشک مدد ملے گی۔

○

یہ سچ ہے کہ ملک میں زبان کے مسئلے کو لیکر، علاقائی سوالوں کو لے کر، ذات پات اور فرقہ واریت کو لے کر ملک کے مختلف حصّوں میں فسادات ہوتے رہتے ہیں، لیکن ان فسادات کے بیچ سے یکجہتی کی صورت نکل آتی ہے۔ جیسا ناگالینڈ، پنجاب اور دلّی میں ہوا۔ اُس کی وجہ یہ ہے کہ اس سرزمین کو صوفیوں اور سنتوں نے اپنے یکجہتی کے پیغام سے انسانیت کی فصل کے لیے زرخیز بنایا۔ ایک چھوٹے سے واقعہ کا ذکر کر کے میں اپنے اس مضمون کو ختم کرنا چاہوں گا:

اکتوبر ۱۹۶۹ء میں تمام ملک میں گاندھی جی کی پیدائش کا سو سالہ جشن منایا گیا۔ لیکن ہمارے ملک کی ایک فرقہ پرست جماعت نے اس موقعے کو فرقہ وارانہ فساد کے لیے چُنا اور وہ بھی احمد آباد کے شہر کو، جہاں گاندھی جی نے ۱۹۱۵ء میں اپنی قومی خدمات کی ابتدا کی تھی۔ اس وقت وہاں جس صوبائی پارٹی کی سرکار برسرِ اقتدار تھی وہ مرکزی سرکار کے اثر سے باہر تھی۔ دنگائی بے خوف مکانوں کو جلاتے رہے، دکانوں کو لوٹتے رہے۔ اور معصوم انسانوں کا قتل کرتے رہے۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ گاندھی جی کے ساتھ وابستہ اس شہر سے انسانیت رخصت ہو چکی ہے۔ محترمہ وزیرِ اعظم نے مجھ سے کہا کہ "بہت سے لوگ وہاں گئے ہیں اور لوٹ کر مجھے اپنی رپورٹیں دی ہیں، لیکن مجھے تسلی نہیں ہوئی ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ آپ وہاں جائیں، شہر میں گشت کریں اور اس بات کو دیکھیں کہ حیوانیت کے بیچ میں کیا وہاں انسانیت بھی زندہ ہے؟"

میں احمد آباد گیا۔ قریب مہینے بھر وہاں رہا۔ زخمیوں سے اسپتال میں ملا۔ مظلوموں کی دردناک کہانیاں سنکر اُن کے آنسو پونچھے۔ قریب چھ ہزار مکان جلا دیے گئے تھے اور وہاں کی سرکار کے بیان کے مطابق ساڑھے تین سو آدمی، لیکن فوجی انٹیلیجنس کے آنکڑوں کے مطابق قریب دو ہزار آدمی اُس فرقہ وارانہ فساد میں

---

[1] جیسا کہ ذیل میں دیے عکس سے ظاہر ہو جائے گا، اصلاً یہ خطبہ بالکل 'نیا ہند' کی روایت کے مطابق شائع ہوا تھا، یعنی ایک کالم ہندی ایک کالم اردو —— ہم نے سہولت کے لیے دونوں ہی میں الگ الگ شائع کیا ہے۔ اصل خطبہ اس طرح لکھا گیا ہے۔

مضمون کو بھی ایک ہی زبان لیکن دو رسم الخط [illegible]
میں پیش کیا ہے۔ اِسے اگر اردو زبان سے [illegible]

(ادارہ)

شہید ہوئے۔ مظلوموں کی کثیر تعداد اقلیتی فرقے کی تھی۔ ایک دن گشت کرتا ہوا میں میمو باڑی کی چال میں پہنچا۔ وہاں محلّوں کو چال کہتے ہیں۔ میرے پہنچنے پر اُس علاقے کے سو ڈیڑھ سو آدمی جمع ہو گئے۔ چال کے سبھی مکان جلے ہوئے تھے۔ دو چار مکانوں سے اب بھی دھواں نکل رہا تھا۔ میں نے ان سے سوال کیا: "کیوں بھائیو! کیا یہ سب کے سب مکان مسلمانوں کے تھے؟"

چالیس پینتالیس برس کی عمر کے ایک صاحب نے میری طرف مخاطب ہو کر کہا: "جی نہیں یہاں پینتس گھر مسلمانوں کے تھے اور ۱۲۰ گھر ہندوؤں کے تھے۔"

میں نے پوچھا "آپ کا نام؟" جواب ملا "میرا نام کلیان سنگھ ہے۔"

میں نے پھر پوچھا: "تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک بار مسلمانوں کا مجمع آیا جو ہندوؤں کے مکان جلا گیا، اور دوبارہ ہندوؤں کا مجمع آیا جو مسلمانوں کے مکان جلا گیا؟"

وہ صاحب بولے: "جی نہیں! مجمع تو ایک ہی آیا تھا اور وہ ہندوؤں کا تھا۔"

میں نے حیران ہو کر پوچھا: "تو کیا ہندوؤں نے ہی ہندوؤں کے مکان جلا دیئے؟"

جواب ملا: "جی"۔ میں نے کہا: "آپ کا گھر کون سا ہے؟" اُنھوں نے ہاتھ کے اشارے سے بتایا: "وہ جس سے اب بھی دھواں نکل رہا ہے۔ اُس میں میری رہائش بھی تھی اور دکان بھی۔ دوکان موٹروں کے ٹائروں اور سائکل کے ٹائروں کی تھی۔ اسی وجہ سے دھواں اب بھی نکل رہا ہے۔"

میں نے پھر پوچھا: "کلیان سنگھ جی! کتنے کی مالیت رہی ہوگی؟"

جواب ملا: "مکان کی مالیت تو قریب ایک لاکھ ہی ہوگی اور دکان کی بھی کم و بیش اتنی ہی۔"

میں نے حیران ہو کر پوچھا: "آخر ہندوؤں کے مکان جلانے کی وجہ کیا تھی؟"

کلیان سنگھ نے کہا: "مجمع نے آ کر ہم لوگوں سے پوچھا کہ ہمیں یہ بتاؤ کون سے مکان ہندوؤں کے ہیں اور کون سے مسلمانوں کے؟ ہم ہندوؤں کے مکانوں کو چھوڑ کر مسلمانوں کے مکان جلانا چاہتے ہیں۔ ہم نے انھیں یہ بتانے سے انکار کر دیا۔ اس پر وہ بہت خفا ہوئے۔ اور لوگوں سے انھوں نے پوچھا۔ سب نے میری بات کی ہی تائید کی۔ بھیڑ میں لوگوں نے چلا کر کہا: "تب ہم سب مکان جلا دیںگے"۔ ہم نے کہا: "آپ کی مرضی"۔ انھوں نے سارے مکانوں میں پیٹرول سے آگ لگا دی۔ جب شعلے پوری طرح بھڑک اٹھے تب یہاں سے رخصت ہوئے۔"

میں نے پوچھا: "کلیان سنگھ! تم نے اپنی دو لاکھ کی مالیت خاک میں ملا دی۔ شاید زندگی بھر کی

کمائی اور یہ بتا کیوں نہیں دیا کہ تم ہندو ہو؟"

کلیان سنگھ نے پاس کھڑے ہوئے مسلمانوں سے تعارف کراتے ہوئے کہا: "ہم اور یہ دونوں راجستھان میں سیکر کے ایک ہی گاؤں کے رہنے والے ہیں۔ پہلے ہم ہندو یہاں آکر بسے اور ہم نے اپنا کاروبار جمایا۔ اس کے برسوں بعد ہمارے مسلم پڑوسیوں نے ہم سے کہا کیا ہم بھی آپ کے ساتھ وہاں چل سکتے ہیں اور آپ کے زیر سایہ دو روٹی کما سکتے ہیں؟ ہم نے حامی بھری۔ وہ ہمارے بھروسے اور اطمینان پر یہاں آئے۔ اچھے کاریگر و ہنرمند تھے۔ جلدی انھوں نے اپنا کاروبار کھڑا کر لیا اور اپنے گھر بھی بنا لئے۔ تو جن لوگوں سے ہمارے سیکڑوں برس کے تعلقات تھے، جو ہمارے گاؤں کے لوگ تھے، جو ہمارے بھروسے پر یہاں آئے تھے، اور جنھیں ہم چچا، تاؤ، ماموں کہہ کر پکارتے ہیں، اگر ہم اپنے گھر بچا کر ان کے گھر جلوا دیتے تو بھگوان اوپر والے کو کیسے منھ دکھاتے؟"

میرا دل بھر آیا۔ میں اپنے کو ضبط نہ کر سکا۔ میں نے کہا: "کلیان سنگھ! جب تک تیرے جیسے آدمی ہندوستان میں ہیں تو اس ملک سے باہمی محبت اور یکجہتی کی جڑوں کو کوئی ہلا نہیں سکتا۔"

شاید اسی لئے باوجود بڑی بڑی کوششوں کے جن میں اندرونی اور باہری ہر طرح کی طاقتیں شامل ہیں، ہندوستان کے عوام کے دلوں سے محبت اور یکجہتی کی چاہت کوئی مٹا نہیں پایا۔ قرآن شریف میں بار بار یہ دہرایا گیا ہے۔ "کل انسان ایک ہی واحد اُمت ہیں۔ اور کل انسانوں کی ایک ہی قوم ہے۔" اور " لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ہ " تمہارا مذہب تمہارے لئے اور ہمارا مذہب ہمارے لئے ہے۔

"لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ" "مذہب کے معاملے میں کوئی زبردستی نہیں۔"

کسی صوفی نے کہا ہے :-

نقط تفاوت ہے نام ہی کا ، در اصل سب ایک ہی ہیں یارو
جو آبِ صافی کی موج میں ہے ، اسی کا جلوہ حباب میں ہے

مولانا روم نے کتنی اچھی بات کہی ہے :-

تو برائے وصل کردن آمدی نے برائے فصل کردن آمدی

آدمی کو دنیا میں ایک دوسرے کو میل اور محبت کے لئے بھیجا گیا ہے، لڑائی اور نفرت پھیلانے کے لئے نہیں!

★★

ڈاکٹر عابدہ سمیع الدین
شعبہ سیاسیات ویمنس کالج
مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

اخبارِ جمہور
برطانوی آمریت واستبداد سے ٹکراؤ
ایک تعارف

جنگ آزادی کے دوران اردو زبان بام عروج پر تھی برصغیر کے ہر گوشے میں اس زبان کا بول بالا تھا لہٰذا اس کے اخبارات نے بھی جنگ آزادی میں گراں قدر حصہ لیا۔ دارورسن کی مسلسل آزمائشوں کے باوجود ان اخبارات نے دنیا کی عظیم ترین سامراجی قوت سے ٹکرلی اور صحافتی دیانت داری کے علم کو اونچا کیا، قومی تحریکیں انھیں اخباروں کے ذریعہ پھیلیں اور انھیں کے ذریعہ شمع حریت کے پروانوں کو اپنے خوابوں کی تعبیر ملی۔

افسوس اس بات کا ہے کہ ملک کا دانشور طبقہ بھی جنگ آزادی کے دوران اردو اخبارات کے کردار سے لاعلم ہے۔ غالباً اس کا سبب یہ ہے کہ کئی قدیم اخبارات کے شمارے اب نایاب ہیں، اور جو باقی بچے ہیں وہ بھی ہماری بے توجہی اور لاپرواہی کا شکار ہیں اور رفتہ رفتہ معدوم ہوتے جا رہے ہیں۔ "جمہور: برطانوی آمریت واستبداد سے ٹکراؤ" ایک ایسے ہی اخبار کا تعارف ہے جس کا فائل ہندوستان کی کسی لائبریری میں دستیاب نہیں۔

۱۹۱۹ء میں بحکم سرکار ضبط کرلیے جانے کے بعد اس کے سبھی شمارے ضائع کر دیے گئے تھے۔ خوش قسمتی سے ۱۹۱۸ء کا ایک فائل جو کسی ایک خریدار کے پاس محفوظ رہ گیا تھا بعد تلاش بسیار اس کے بانی و مدیر قاضی عبدالغفار مرحوم نے قیمتاً حاصل کیا تھا۔ یہ فائل بیگم قاضی عبدالغفار کے پاس موجود ہے، اگرچہ خاصی خستہ حالت میں ہے۔ بیگم صاحبہ آجکل علی گڑھ کے مشہور علاقے شمشاد بلڈنگ میں آفتاب منزل میں مقیم ہیں۔

روزنامہ "جمہور" دسمبر ۱۹۱۷ء کے آخری ہفتے میں کلکتہ سے جاری ہوا اور دسمبر ۱۹۱۸ء میں کلکتہ میں

ہونے والے سیاسی ہنگامے تک جاری رہا۔ اس طرح اس اخبار کی عمر تقریباً آٹھ ماہ اور تین ہفتے ہوئی (قاضی عبدالغفار حیات اور کارنامے؛ مقالہ برائے پی۔ ایچ۔ ڈی۔ سید محمد علی کاظمی شعبۂ اردو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علیگڑھ ۱۹۶۹ء) لیکن اپنے مقالے "بنگال میں اردو صحافت" میں شانتی رنجن بھٹاچاریہ نے لکھا ہے کہ "اردو کے نامور ادیب قاضی عبدالغفار نے ۱۹۱۷ء میں کلکتہ سے "جمہور" جاری کیا تھا۔ حکومت نے اس کا گلا ۱۹۱۹ء میں ڈیفینس آف انڈیا رولز کے تحت دبا دیا۔" (آجکل جنوری ۱۹۶۵ء ص ۲۱) جمہور کے ۱۹۱۸ء کے اس فائل کے انتخاب کے پس پشت مندرجہ ذیل محرکات ہیں:

۱۹۱۸ء کا زمانہ ہندوستانی سیاست کا انتہائی پرآشوب زمانہ تھا اور اپنے انھی سیاسی بحران کے سبب جنگ آزادی کی تاریخ میں مخصوص حیثیت کا حامل ہے۔ "جمہور" کا یہ فائل ان تمام ہنگاموں و واقعات کی ایک مستند دستاویز ہے، جو جلیان والا باغ کے خونی حادثے اور اس کے ردعمل کا پیش خیمہ تھے۔ یہ آنے والے انقلاب کے ارتقا کی وہ انتہائی اہم منزل تھی جہاں سے نوائے آزادی کی لے تیز سے تیز ہوتی گئی۔ اس لحاظ سے ۱۹۱۸ء کے اس کے تمام شمارے گو مکمل تاریخ نہ سہی اس کے اہم مآخذ کی حیثیت ضرور رکھتے ہیں۔

قاضی عبدالغفار مرحوم قوم پرست مسلمان تھے اور یہ قوم پرستی انھیں وراثت میں ملی تھی۔ ان کے دادا حامد علی صاحب کو ۱۸۵۷ء کی پہلی جنگ آزادی میں تختہ دار پر لٹکایا گیا تھا اور بعد میں دو دن کی تلاش کے بعد ان کی نعش کو وہ جہاں ملی وہیں رات کے اندھیرے میں دفنا دیا گیا تھا۔ پھر قاضی صاحب مولانا محمد علی کے تربیت یافتہ تھے اور "ہمدرد" میں مولانا محمد علی کے ساتھ کام بھی کر چکے تھے اس لیے انھوں نے "الہلال" و "ہمدرد" کی اعلیٰ صحافتی قدروں کی پیروی کرتے ہوئے عوامی احساسات کی ترجمانی جس جرأت مندی سے کی اس نے صحافتی دیانتداری کو ایک نیا وقار ایک نیا اعتبار عطا کیا جس دور میں صحافتی قوانین کی تلوار کچے دھاگے میں بندھی صحافیوں کے سر پر لٹکتی ہو، قانونِ تحفظ ہند کا آہنی پنجہ ہر لمحہ قوم پرستوں کو اپنی گرفت میں لینے کے لیے مستعد ہو، جیل خانوں کی مہیب تاریکیاں، ڈی آئی آر قانون و خفیہ پولیس کے اختیارات کے سبب شمع حریت کے پروانوں کو نگلنے کے لیے ہمہ وقت منتظر ہوں اور دار و گیر کی سخت ترین آزمائشوں نے عوام کی زبانوں پر قفل ڈال رکھے ہوں، صحافتی دیانتداری کے اعلیٰ و پاکیزہ اقدار کو قائم رکھنا انھیں عہد ساز شخصیتوں کا کام تھا۔ جن کا یہ ایمان ہو کہ سچا جہاد ظالم حاکم کے سامنے کلمۂ حق کا اعلان ہے۔ اور قاضی صاحب پہلے "جمہور" اور پھر "پیام" کے ذریعے اس جہاد میں ہمیشہ مصروف رہے لیکن جمہور کے متعلق ان کا اپنا کہنا تھا کہ "یہ میرا سب سے کامیاب اخبار

تھا۔ جس کی تعداد اشاعت ۳۲۰۰۰ تک پہنچ چکی تھی۔" (سری نواس لاہوٹی۔ ہماری زبان یکم ستمبر ۱۹۸۵ء)

صحیح رہنمائی "جمہور" کا واحد نصب العین تھا۔ اس کا ایک واضح مسلک تھا جس کے متعلق قاضی صاحب مرحوم نے اپنے اداریے میں تحریر کیا ہے: "جمہور" ہمدرد مرحوم کا ایک دھندلا سا عکس ہے۔ ایک چراغ جلا کر رکھ دینے سے وہ محفل کیونکر پیدا ہو سکتی ہے جس میں شمع کافوری روشن ہوا کرتی تھی۔ تاہم دل میں جو کسک ہے اور جگر میں جو کھٹک ہے وہ اس محفل کی ایک یادگار ہے جو کچھ دن کے لیے جمی تھی اس موسم بہار کا نشان ہے جو گذر چکا۔ ہمدرد مرحوم کی یاد دل کو جتنی عزیز ہو کم ہے اس لیے کہ وہ ایڈیٹر "جمہور" کی زندگی کا پہلا نشان تھا۔ (جمہور۔ ۲۰ جنوری ۱۹۱۸ء)۔ اور یہ اس شخص کی زندگی تھی جس کے متعلق بہ آسانی کہا جا سکتا ہے ؎

کچھ لوگ تھے جو وقت کے سانچے میں ڈھل گئے　　کچھ لوگ تھے جو وقت کے سانچے بدل گئے

ذیل میں چند اہم اداریوں کے اقتباسات اس حقیقت کی مکمل تشریح ہیں کہ کس اولوالعزمی و جانبازی سے قاضی صاحب نے اپنی خوابیدہ قوم کو خوابِ غفلت سے جگانے اور برطانوی سامراج سے بھرپور ٹکر لینے کی مسلسل جد و جہد کی' اور کس دیانتداری سے وہ جنگ آزادی کی مہم سر کرنے کی خاطر وقت کی اہم ترین ضرورت قومی یکجہتی کی کوشش میں مصروف رہے، اور ہزار مشکلات کے باوجود ان کے عزم صمیم میں تزلزل پیدا نہیں ہوا۔

ان بصیرت افروز اداریوں کے علاوہ جمہور کے اس فائل کے چند قیمتی حصے مع تبصروں کے بغاوتی تحقیقاتی کمیشن کی مکمل رپورٹ' بی اماں کا پیغام فرزندان توحید کے نام' اور ان کا ایک طویل خط مسٹر تاج الدین کے نام پر مشتمل ہیں۔ لیکن "مزاج شاہاں تاب خلاف ندارد" کے مصداق دنیا کی عظیم ترین برطانوی شہنشاہیت بھی "جمہور" کی شعلہ بیانیوں کی متحمل نہیں ہو سکتی تھی۔ ہندو مسلم اتحاد کا پیغام اس کے اقتدار کے لیے ایک زبردست چیلنج تھا۔ چنانچہ جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے دوسرے حریت پسند اور محب وطن اخباروں کے مانند "جمہور" بھی ڈیفینس آف انڈیا ایکٹ کی زد سے نہ بچ سکا۔ اور ہمیشہ کے لیے موت کی آغوش میں سلا دیا گیا۔ لیکن "شہرت عام و بقائے دوام" کے دربار میں قوم پرستوں کی صف میں اپنی نشست ہمیشہ کیلئے محفوظ کر گیا۔

آج دلوں میں بڑھتی ہوئی منافرت کی چہار طرف پھیلی ہوئی تاریکیوں میں ان روشنی کے میناروں کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ اکیسویں صدی کی طرف تیزی سے بڑھتے ہوئے قدموں کے لیے وقتاً فوقتاً پیچھے مڑ کر ان راستوں پر بھی نظر ڈالنا ضروری ہے جو ہمارے اسلاف اپنی ان گنت قربانیوں سے ہمارے لیے ہموار کر گئے ہیں۔ اس کے بغیر ہم میں نہ جوش عمل پیدا ہو سکتا ہے نہ حسن کردار وقت کا تقاضہ ہے ؎

گاہے گاہے باز خواں ایں قصۂ پارینہ را

انتخابات واقتباسات

برطانوی آمریت اور ایک بیباک صحافی کا قلم

(ہندوستان کا مطالبہ حقوق بر نشنل ٹائمز کی توہین آمیز رپورٹ پر اپنے ردعمل کا اظہار قاضی صاحب مندرجہ ذیل اداریہ میں کس جسارت سے کرتے ہیں، ملاحظہ کیجیے)

"ہم کیا مانگتے ہیں' اور کیوں مانگتے ہیں" مطالبہ حقوق کی جو آواز ہندوستان میں بلند ہو رہی ہے اس کا سرچشمہ حکومت کی غیر ہمدردانہ روش اور بعض عمال حکومت کی سخت گیری ہے۔

ایک شخص کے سامنے جو برسوں سے فاقے کر رہا ہو۔ ایک پر تکلف دسترخوان بچھا دیا جائے تو سچ ہے کہ وہ لطیف غذاؤں کا فوراً عادی نہ ہو سکے گا۔ اور شاید کچھ عرصے تک اس کی جھجک باقی رہے گی۔ لیکن وہ کسی حال میں نعمتوں کو نعمت سمجھنے سے قاصر نہ ہوگا اس لیے اگر کم و بیش ایک صدی تک دست نگری کی حالت میں رہنے کے بعد اہل ہند اپنے ملک کی حکومت میں حصہ لیتے ہوئے کسی قدر جھجکیں تو اس کے ہرگز یہ معنی نہیں ہیں کہ وہ ان سیاسی حقوق کی نوعیت سے واقف نہیں جن کا مطالبہ کیا جا رہا ہے یا وہ ان کی قدر نہ کر سکیں گے۔" (۸ جنوری ۱۹۲۸ء)

(ایک دوسرے اداریے میں حکومت برطانیہ کو اسی حقیقت سے آگاہ کرتے ہوئے کہ ہندوستان ہوم رول لیکر رہے گا نیز اب اس دریا کا روکنا ناممکن ہے۔ وہ تحریر کرتے ہیں:)

"لندن ٹائمز کی رپورٹ کی تردید میں نعرۂ نجات:

ٹائمز کہتا ہے کہ ہندوستان کے سیاست دان ابھی یہ نہیں جانتے کہ ہوم رول ہے کیا۔ اگر اس کی نگاہ میں تاریخ کوئی وقعت رکھتی ہے تو ہم یہ عرض کریں گے کہ جب انگلستان کو ہوم رول حاصل ہوا تھا تو وہ بھی نہیں جانتا تھا کہ ہوم رول کیا ہے۔ جب ریاست ہائے متحدہ امریکہ نے آزادی کا علم بلند کیا تھا تو وہ بھی ہوم رول کی حقیقت سے بے خبر تھیں۔ جب برطانیہ کے نوآبادیوں نے اپنی حکومت کی بنیادیں قائم کی تھیں تو ان کے دماغ بھی ہوم رول کی صحیح تصویر سے ناآشنا تھے۔ فطرت انسانی کے لیے قدرت نے چند لازوال اصول قائم کر دیے ہیں۔ ان ہی میں سے ایک اصول یہ بھی ہے کہ جب تک دو مختلف چیزیں مقابلہ میں نہ رکھی جائیں انسان کی قوت امتیازی ان کے فرق کو محسوس نہیں کر سکتی۔ اگر "سیاہ" نہ دیکھا ہوتا تو ناممکن تھا کہ انسان "سپید" کو تمیز کر سکتا۔ اگر وہ تکلیف نہ اٹھا چکا ہوتا تو غیر ممکن تھا کہ وہ آسائش و آرام کی قدر کر سکتا۔ اہل ہند "سیاہ" دیکھ چکے اور اسی لیے "سپید" مانگ رہے ہیں۔ وہ

غیر مہذب اور ناشائستہ اعمال کی سخت گیری برداشت کر چکے، اس لیے وہ آزادی حاصل کرنے اور اپنے ملک کی حکومت میں حصہ لینے کی خواہش کر رہے ہیں۔

ہندوستان نے انگلستان کی روشنی دیکھی اور فوراً اس تاریکی کو محسوس کیا جو باہر چھائی ہوئی تھی۔ اس نے دیکھا کہ زندگی کے اعلیٰ جذبات وہاں بھڑکائے جاتے ہیں اور یہاں کچلے جاتے ہیں، وہاں زندہ کیے جاتے ہیں اور یہاں مٹائے جاتے ہیں۔ ایک طرف غلط اصول تعلیم دوسری طرف سخت گیر حکومت نظامی ان دونوں کے درمیان خدا کی کروڑوں بے زبان مخلوق۔ اُدھر افریقہ کے باغی قید سے چھوڑے جاتے ہیں جنھوں نے جنگ کے نازک ترین زمانہ میں حکومت کے خلاف تلوار اٹھائی تھی۔ ادھر ہندوستان کے محبوب ترین لیڈر جنھوں نے آج تک حکومت کے کسی قانون کی خلاف ورزی نہیں کی، نظر بند کیے جاتے ہیں۔ آئرلینڈ کے باغیوں کو معافی دی جاتی ہے اور یہاں ہر روز کوئی نہ کوئی نوجوان قانون تحفظ ہند کا شکار ہوتا ہے۔ وہاں اخباروں کی اشاعت عارضی طور پر بند ہوتی ہے تو یہاں حاکم اس قانون کی سختیوں کو روز بروز زیادہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ انصاف کا اصول اول ہندوستان میں پاؤں کے نیچے ہے۔ انگلستان کے مدبرین جو ہماری وفادارانہ اعانت و امداد سے رہتے ہیں، انہیں جاننا چاہیے کہ ان سخت گیریوں کی بدولت برطانیہ کا نام دنیا میں رسوا ہوا جاتا ہے۔"

(۹ جنوری ۱۹۱۸ء)

(ایک مہذب حکومت میں اخباری آزادی بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ اخبارات سلطنت کی عمارت کو استحکام بخشنے والا ایک ضروری ستون ہے لیکن حکومت برطانیہ نے اپنے دورِ اقتدار کی ابتدا سے ہی مختلف صحافتی قوانین کی مدد سے مکمل دستور زبان بندی پر عمل کیا۔ اگست ۱۹۱۴ء میں جنگ عظیم کے شروع ہوتے ہی حکومت نے ہندوستان کے تمام اخباروں پر سنسر کی پابندیاں لگا دیں اور ساتھ ہی ڈیفنس آف انڈیا ایکٹ بھی نافذ کر کے عوامی جذبات و خیالات کو پوری طرح کچل کر آزادی تحریر و تقریر کا مکمل خاتمہ کر دیا۔ ایسی کشمکش اور جدوجہد کے زمانہ میں جبکہ آزادی تحریر خود قائم صحافت کے وجود کیلئے خطرہ بن سکتی تھی، وہ ان مسلسل اداریوں میں پریس ایکٹ کی زیادتیوں کا ذکر یوں کرتے ہیں:)

"پریس ایکٹ

(۱) ۵ مارچ وہ تاریخ ہے جس تاریخ کو گذشتہ سال آل انڈیا پریس ایسوسی ایشن کا وفد ہز ایکسیلنسی وائسرائے کی خدمت میں باریاب ہوا تھا اور اس نے اپنے جائز معروضات کو پیش کر کے التجا کی تھی کہ پریس ایکٹ کو جو دراصل ایک آزاد حکومت کی شان کے منافی ہے، منسوخ کیا جائے۔ مگر اس وفد کو جس طرح جواب دیا گیا وہ اپنی مثال خود آپ ہی ہے۔ ہندوستان کی برطانوی تاریخ میں کبھی کسی وائسرائے نے کسی وفد کو اس قدر سخت اور غیر مدبرانہ جواب نہیں دیا جیسا کہ غیر مدبرانہ جواب ہز ایکسیلنسی لارڈ چیمسفورڈ کی طرف سے آل انڈیا پریس ایسوسی ایشن کو دیا گیا۔

ہندوستان کی آئینی حکومت میں اس وقت چند ایسے قوانین رائج ہیں جو اصل میں پورے طور پر قانون کہے ہی نہیں جا سکتے۔ ان میں قانون مطابع بھی ایک قانون ہے۔ قانون اس غرض سے وضع کیا جاتا ہے کہ لوگ بعض مخصوص امور سے جن کی تشریح اس قانون میں ہوتی ہے احتراز کریں مگر قانون تحفظ ہند اور قانون مطابع ایسے قانون ہیں جو سب سے پہلے تو اصول قانون سازی کے خلاف ہیں اور اس کے علاوہ ان میں ان جرائم کی کم از کم پوری تشریح ہرگز نہیں کی گئی جن سے لوگوں کو روکنا مقصود ہے۔ اس کے الفاظ اخبارات میں بیسوں دفعہ دہرائے جا چکے ہیں۔ اس کے اشارتاً کنایتاً میں ہر چیز داخل ہو سکتی ہے۔ ایک شخص ملک معظم کی تعریف کرتا ہے لیکن اس کی وہی تعریف یقیناً یہ کہکر کہ طنزاً ملک معظم کی تعریف کی گئی تھی اور اس طرح گویا ملک معظم کی توہین مقصود تھی، قابل اعتراض قرار دی جا سکتی ہے۔ ایک شخص خدا کی تعریف کرتا ہے، اس کے قادر مطلق ہونے اس کے بیکسوں کے والی، مظلوموں کے حامی ہونے کا ذکر کرتا ہے اور ظالموں کو سزا دینے والا قرار دیتا ہے۔ دنیا کا کوئی قانون اس کے اس فعل کو قابل اعتراض قرار نہیں دے سکتا۔ مگر وہ قانون جس کو پریس ایکٹ کا نام دیا جاتا ہے، اس خیال کی بھی اپنے تلمیحاً اشارتاً کنایتاً کے ماتحت لاکر اس کتاب کو یا اس اخبار کو جس میں یہ عبارت شائع ہوئی ہے دام مصائب میں گرفتار کر سکتا ہے اور یہ پنجہ فولاد اس قدر سختی سے ہمارے پریس کی گردن دباتا ہے کہ اکثر اوقات وہ فنا ہو جاتا ہے۔

"پریس ایکٹ کہتا ہے کہ ملک معظم کی حکومت کے خلاف حقارت یا نفرت پیدا کرنے والی تحریر پر پریس ایکٹ کا پنجہ دراز ہو گا۔ لاریب ہم زور کے ساتھ کہتے ہیں کہ مقدونیہ میں آؤ اور ہماری مدد کرو۔ "جانس آف دی مرکس" نظر بند اور مسٹر مانٹیگو ہرگز ملک معظم کی حکومت کے خلاف اس قدر حقارت یا نفرت نہیں پیدا کر سکتے جس قدر ایک ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا وہ حکم پیدا کر سکتا ہے جو کسی ایسے اخبار یا پریس سے ضمانت طلب کئے جانے کے متعلق ہے جس میں ایک ایسا اخبار شائع ہوتا ہو جو ہندوستانیوں کو وفادار رکھنا چاہتا ہو اور عمال حکومت کو بتاتا ہو کہ اگر یہ باتیں کرو گے تو ملک میں امن و امان قائم نہیں رہ سکتا۔

ایک ہندوستانی اخبار کے ایڈیٹر کے سر پر پریس ایکٹ کی وہ تلوار لٹکتی رہتی ہے، جو نیک نیتی سے نکتہ چینی کرنے پر بھی اس کی گردن کاٹ دیتی ہو، ہر قلم اس کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور وہ قلم جو آزادی، حریت اور انصاف کی حمایت میں چلنے کے لیے ہوتا ہے، مگر اس "تلوار بے نیام" کی بدولت اس کا ہاتھ حق کی حمایت، انصاف کی طلب اور ظلم کی شکایت سے کانپتا ہے اور اس صورت میں وہ ہرگز وہ فرائض ادا نہیں کر سکتا جو اخبار نویس کی حیثیت سے اسے ادا کرنا چاہیے" . . . .

پریس ایکٹ پبلک آواز کو روکتا ہے۔ پبلک کی آواز کو بند کرنے کی وجہ سے اندرونی سازشوں کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ بجائے اس کے کہ پھوڑے کا مواد بہنے دیا جاتا اس کو روکا گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ خون کے اندر زہر پھیلنے لگا۔ بنگال میں اگر لارڈ کرزن کی گورنمنٹ سختیاں نہ کرتی تو کبھی انارکسٹ پیدا نہ ہوتے۔"

(۵ مارچ ۱۹۱۸ء)

(۲) چار فروری کی تاریخ ہندوستانی پریس کے لیے ایک حسرت ناک تاریخ ہے جس دن امپیریل کونسل کے اجلاس میں سر ہربرٹ ریزلے نے ایک ایسا مسودہ قانون پیش کیا جس نے ہندوستانی پریس کو آئندہ درگور کر دیا۔

جب لوکل گورنمنٹ کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ کوئی پریس جس نے دفعہ ۳ (تین) کی رو سے ضمانت داخل کی ہے، کسی ایسے اخبار / کتاب چھاپنے کی غرض سے استعمال کیا جا رہا ہے جس میں ایسے جملے / الفاظ استعمال کیے گئے ہیں جن کا رجحان بالواسطہ یا بلاواسطہ اشارتاً کنایتاً استعارتاً یا کسی اور طرح ..... ہز مجسٹی کی حکومت کے خلاف نفرت و حقارت پیدا کرنے والا ہو یا ملک معظم کی رعایا کے کسی طبقہ یا کسی حصہ کے خلاف بددلی پیدا کرنے کی طرف ہو ... تو اس صورت میں لوکل گورنمنٹ ایسے پریس کو الفاظ، اشارات یا عبارتیں جتا کر ... اس کی ضمانت ضبط کر سکتی ہے، اور وہ اخبارات کی کاپیاں ضبط کیے جانے کا حکم دے سکتی ہے۔

مگر جوں جوں زمانہ گذرتا گیا پریس ایکٹ کا اشارتاً کنایتاً استعارتاً کا گرداب زیادہ وسیع ہوتا گیا اور ہندوستانی اخبارات اور مطابع کی کشتی حیات اس میں گر کر عدم آباد کو پہنچ گئی۔ اخبارات نے شور مچانا شروع کر دیا کہ ان وعدوں کے خلاف عمل ہوتا ہے۔ ؎

یاں لب پہ لاکھ لاکھ سخن اضطراب میں   واں ایک خاموشی تری سب کے جواب میں

عدالتوں میں پریس ایکٹ کی جو چھان بین ہوئی تو معلوم ہوا کہ یہ قانون انتظامی حکام کے ہاتھوں میں ایک ایسا حربہ ہے جس کی داد فریاد کے لیے کوئی دنیاوی عدالت کھلی ہوئی نہیں ہے۔

ہندوستان ایک غریب ملک ہے۔ لوگ فاقہ کے مہیب اور خوفناک دیو کے پنجے میں گرفتار ہیں۔ ہمارے ملک کا بڑے سے بڑا دولتمند بھی یورپ کے ممالک کے معمولی سے معمولی تاجر سے بھی بدتر ہے۔ اور اس کے علاوہ ہندوستان کے علمی طبقہ کا افلاس تو مشہور ہے۔ تمام دنیا ہندوستان کی غربت کے حال سے واقف ہے، لیکن اس کے باوجود بھی پریس ایکٹ کی تاگزیر دفعہ ضمانت کی رو سے ہر شخص کو جو اخبار نکالنا

جاتا ہے، اور اس سے ہندوستان کے محکمہ تفتیشِ جرائم کے ارکان بدگمان ہوں، اور ان کی رپورٹ ذرا بھی مخالف ہو تو بیچارہ بوریہ نشین اور فاقہ مست اہلِ قلم کو کم از کم پانچسو روپیہ کی رقم سے لے کر دو ہزار کی حقیر رقم پیش کرنی پڑتی ہے۔ ہزاروں مصائب اور مشکلات کو اٹھا کر بیچارہ ہندوستان کا مفلس اخبار نویس یہ رقم پیش کرتا ہے، اور اس کے بعد ہر صبح کو جو وہ اٹھتا ہے تو پہلی ڈاک جو اس کے خطوں میں آتی ہے اس میں اس کو اسی کا دغدغہ ہوتا ہے کہ کہیں اس میں ضبطی ضمانت اور پریس کا تو حکم نہیں ہے، اور شب کو جب وہ اپنے بستر پہ لیٹتا ہے تو اسی خوف سے بےچینی سے کروٹیں بدلتا ہے کہ کل کہیں ضمانت کی رقم سوخت نہ ہو جائے۔ اور اس طرح وہ دن رات ہمیشہ اسی دغدغہ اور تردد کے اندر گذرتا ہے۔

پریس ایکٹ نے ایک طرح سے ہندوستان کی علمی ترقی اور قلمی ارتقا کو اس طرح سے روک رکھا ہے کہ ہندوستان میں کسی طرح کی علمی نشو و نما ہونا ناممکن ہے، جب تک یہ ایکٹ یکدم اٹھا نہ دیا جائے۔

وقت آگیا ہے کہ گورنمنٹ اب آگے بڑھے اور ہمارے اس جائز اور صحیح مطالبہ کے سامنے سرِ تسلیم خم کرے۔ آج ہم بھی یورپ کی طرح آزادیِ قلم و حریتِ خیالات کے طالب ہیں۔"
(۱۰ مارچ ۱۹۱۸ء)

(۳) " ـــــــ وہ قانون جو عدالت کے ججوں کو انصاف کرنے سے روکتا ہے، وہ قانون جو ع

اس گنہ پر مجھے مارا کہ گنہگار نہ تھا

کا بہترین تفصیل کرتا ہے، معلوم نہیں کس طرح قانون کہلایا جا سکتا ہے۔ ہندوستان میں انگریزی حکومت کی تاریخ میں یہ قانون ایسا بدنما داغ ہے جس داغ کو دھونے کیلئے کہ اگر آج اس قانون کو منسوخ بھی کر دیا جائے تو بھی اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے برسوں درکار ہونگے۔ ہم پریس ایکٹ کی منسوخی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ کیا کوئی شخص ہے جو مذکورہ واقعات پر سنجیدگی سے غور کرنے کے بعد ہمارے مطالبہ کو ناحق کہہ سکے؟ ان لوگوں کو چھوڑ دیجیے جو انتظامی حکام یا انتظامی حکام کے خواری ہیں۔"
(۱۰ مارچ ۱۹۱۸ء)

(اسی طرح ایک اور اداریے میں سنسر کی زیادتیوں پر طنز کا بھرپور وار کرتے ہوئے قاضی صاحب رقم طراز ہیں:) " ـــــــ اخبار نویسی اس عہدِ انقلاب و آفات میں ایک گناہ ہے جس کے دھبے دامنوں اور جس کے داغ پیشانیوں پر ایک دفعہ اپنا نقش بٹھا لیتے ہیں تو پھر کبھی نہیں مٹتے اس عرصہ دار و گیر میں اس گناہ کے لیے صغیرہ و کبیرہ کا امتیاز نہیں۔ در توبہ بند ہے اور عذاب کے فرشتے سر پر سوار ہیں اس ہفتخواں کا مسافر جس مشکل سے ایک ایک قدم اٹھاتا ہے اس کی لذت کوئی ہمارے دل سے پوچھے۔ ہمدرد مرحوم کے کالموں میں یہی قلم جب

سنسر کی موشگافیوں سے تنگ آ کر چوہے اور چڑیا کی کہانی لکھتا ہے۔ تو وہ بھی بارگاہ سنسر سے مسترد ہو جاتی ہے اس لیے کہ (بقول سنسر صاحب) یوں تو کچھ معلوم نہیں ہوتا مگر خدا جانے ان سادہ الفاظ کے اندر آپ نے کیا بھر دیا ہو۔"

(۱۶ مئی ۱۹۱۸ء)

(امپیریل کاؤنسل میں ہندوستانی نظربندوں کے نام اور مقام نظربندی کے سوال پر سرکاری ممبر نے جواب دیا تھا:
"گورنمنٹ ہند کی رائے میں یہ کافی ہے کہ نظربندوں کے اعزا کو اعلان کے متعلق علم رہے۔ ان کے نام اور دیگر تفصیلات عام طور پر مشتہر کرنا مفاد عامہ کیلئے مناسب نہ ہوگا۔ اس پر ایک اداریے میں وہ تیکھا طنز یوں کرتے ہیں:)

"زبردستیاں اور پردہ داریاں

جبر و تشدد کرنے کے لیے بھی سلیقہ اور تمیز کی ضرورت ہے مگر تمیز اور انصاف کے بعد اب وہ بھی مفقود ہے۔ اس شدید احتیاط کا کیا ٹھکانا ہے کہ وہ نظربندوں کے نام بھی نہیں بتانا چاہتے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم کیوں بتائیں کہ کتنے بے گناہوں کو قانون تحفظ ہند کی آڑ میں گرفتار کیا ہے، ہم کیوں بتائیں کہ ہم نے کتنے بے قصور لوگوں کو ان کے وطن اور اعزہ سے چھڑا کر خانماں برباد کیا ہے، ہم کیوں بتائیں کہ ہم نے کتنے شوہروں کو ان کی بیویوں سے، کتنے بچوں کو ان کے ماں باپ سے، کتنے بھائیوں کو ان کی بہنوں سے جدا کر لیا۔ ہم کیوں بتائیں کہ ہم قانون تحفظ ہند کے نام سے کیا کیا کر چکے ہیں اور کیا کچھ کرنا چاہتے ہیں۔ اگر تم کونسلوں میں سوال کر کے ہم کو اقتدار پسند عمال کے تشدد کا پردہ فاش کرنے پر مجبور کرنا چاہو تو بھی ہمارے لیے گریز کا راستہ کھلا ہوا ہے۔ یعنی ہم کہیں گے جیسا کہ ہم ہر اس بات میں جو ہمارے مزاج کے خلاف ہو کہا کرتے ہیں کہ تمہارے سوال کا جواب دینا 'مفاد عامہ' کے خلاف ہے۔ 'مفاد عامہ' ان آٹھ حرفوں کے ہلکے پردہ میں کیا کچھ نہیں کیا جاتا۔ مفاد عامہ! ہم نظربند کرتے ہیں، اس لیے کہ "مفاد عامہ" کا اقتضا یہی ہے۔ ہم امن پسند رعایا پر قانون تحفظ ہند نافذ کرتے ہیں، اس لیے کہ مفاد عامہ کے لیے یہی مناسب ہے۔ ہم وفادار رعایا کو حقوق شہریت سے محروم کرتے ہیں اس لیے کہ مفاد عامہ کے لیے ایسا کرنا ضروری ہے۔ اور پھر ہم تم کو نظربندوں کا نام نہیں بتا سکتے ہیں کہ یہ بھی مفاد عامہ کے خلاف ہے۔ ہندوستان کی تاریخ میں 'مفاد عامہ' ایسی اصطلاح ہے جس کے تحت حکومت کی دست درازی کی تمام داستان لکھی جائے گی۔ وہ ایک لفظ ہے جس کے اندر کم و بیش چار سال کی عبرت انگیز تاریخ موجود ہے۔ 'مفاد عامہ' ایک چھوئی موئی کا درخت ہے جو اس فصل میں انگلی لگاتے ہی مرجھا جاتا ہے۔ خیریت ہوئی کہ کرنیل راجہ صاحب محمود آباد اور آنریبل میر اسد علی کی گستاخ انگلیاں اس پیڑ مقدس کے قریب نہ پہونچ سکیں ورنہ نہ جانے ایوان حکومت میں کیسا تہلکہ مچ جاتا۔ یہ درخت گلاس کے کیس

میں بند کرکے احتیاط کے ساتھ محفوظ رکھا جائے ایسا نہ ہو کہ کوئی بے ادب اس کو چھو لے۔ سارے ہندوستان کا انتظام اسی ایک لفظ پر منحصر ہے اس کے اصلی معنی ارباب حکومت کے عالی دماغوں میں محفوظ ہیں اور رعایا کے نادان نمائندوں کو کسی طرح نہیں بتائے جا سکتے۔ اب دلیل و برہان کا زمانہ نہیں ہے۔ اگر حکومت کہے کہ فلاں چیز مفاد عامہ کے خلاف ہے تو مان لو کہ ضرور خلاف ہے محض اس لیے کہ ایوان حکومت کے کلید بردار ایسا ہی فرماتے ہیں۔"

(۱۳ مارچ ۱۹۱۸ء)

(آئینی اصلاحات کا مسودہ ۸ جولائی کو شائع ہوا اور حسب سابق ہندوستانی عوام کی امیدوں پر ایک بار پھر اوس پڑ گئی۔ مراعات کے سبز باغ کی قلعی ایک بار پھر کھل گئی تھی۔ قاضی صاحب کا بے باک قلم بھلا کیوں کر خاموش رہ سکتا تھا۔ مسودہ اصلاحات پر تبصرہ کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:)

"صاحب وزیر کے سفر ہند کے نتائج

لارڈ میکالے کے اعلان ۱۸۳۳ء اور ۱۸۵۸ء کے مشہور و معروف اعلان کے بعد ۲۰ اگست ۱۹۱۷ء کا اعلان تھا جو صاحب وزیر ہند نے شاہی پارلیمنٹ میں کیا تھا اور اس نغمۂ جاں نواز کو سن کر فضائے ہند کا ایک ایک ذرہ وجد و سرور سے رقص کرنے لگا تھا۔ اگر انگلستان کی تاریخ اہل ہند کو یاد نہ ہوتی اور مختلف زمانوں میں مختلف وعدوں کا سبز باغ ان کی آنکھوں کے سامنے آ کر اوجھل نہ ہوا ہوتا تو کیا عجب تھا کہ اس ترانۂ ہوش ربا کو سن کر کوہ ہمالیہ اپنے مرکز سے ہٹ جاتا۔ گنگا و جمنا اپنے بہنے کی جگہ کو چھوڑ دیتیں، اور صدہا بدنصیب وطن پرست شادی مرگ کا شکار ہو جاتے ۔ ۔ ۔ ۔

بہرحال اس اعلان کے بعد نومبر میں صاحب وزیر ہند نے ہندوستان میں نزول اجلال فرمایا اور اس سرزمین ہند کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے نوازا۔ دہلی سے وفود کی باریابی شروع ہوئی، اور بنگال و مدراس کے بعد بمبئی میں وفود کی شرفیابی اور تاریخی تحقیقات کا سلسلہ ختم ہو گیا۔ اس دوران میں اہل ہند کے لیے گوناگوں یاس انگیز واقعات و حوادث رونما ہوئے۔ مگر ان سب میں وہ منحوس دن تاریخ ہندوستان اور بالخصوص اسلامی دنیا کو ہمیشہ یاد رہے گا کہ ایک باجبروت قوم کے بدنصیب فرزند آل انڈیا مسلم وفد کے دہلی مرحوم کی اس سرزمین پر حاضر ہوئے تھے جو ان کی ہفت صد سالہ عظمت و جلال کی جلوہ گاہ تھی۔ مگر صاحب وزیر ہند کے دربار سے نکال دیئے گئے۔ اس لیے کہ ان کے ہاتھ میں نظربندوں کی رہائی کا کاسہ تھا۔ اور یہ بدنصیب پھر اپنے نظربندوں کی رہائی کی بھیک مانگنا چاہتے تھے جہاں ان کے پرجلال اسلاف نے صدہا تا ملوں کا خون

معاف کیا تھا۔" (۱۰ جولائی ۱۹۱۸ء)

(آئینی اصلاحات کے خوشنما کھلونے کے پس پشت اصلی محرکات کی قلعی کھولتے ہوئے لکھتے ہیں:)

"تلاشِ اسباب: آئینی اصلاحات کا اعلان کیوں ہوا؟

رپورٹ زیر تبصرہ میں اہتم بالشان تاریخی اعلان کے دو سبب قرار دیئے گئے ہیں:
(۱) قدیم وعدہ کا ایفاء۔ (۲) ہندوستان کو زیر سایہ برطانیہ عظمیٰ ترقی کا کافی موقع دینا تاکہ وہ دیگر برطانوی ترقی یافتہ مقبوضات سے پیچھے نہ رہے۔

ممکن ہے کہ ان دونوں اسباب کو بھی اس عظیم الشان اعلان میں کچھ دخل ہو لیکن ایک غور فرما دماغ، بصیرت اندوز عقل اور واقف کار دل ارف اس پر قناعت نہیں کر سکتا کیونکہ یہ دونوں سبب کچھ اب پیدا نہیں ہوئے بلکہ وعدہ کی ابتدا لارڈ میکالے کے زمانے سے ہوئی، جس کو تقریباً ایک صدی گذر چکی ہے اور ہندوستان کو ترقی یافتہ برطانوی مقبوضات کے ہمسر بنانے کا خیال تو اہلِ ہند اس وقت سے سن رہے ہیں جب انگریزوں نے ساحل مدراس پر اوّل مرتبہ قدم رکھا تھا۔ پس کچھ اسباب ہیں جنھوں نے اس اعلان کے لیے اس وقت کو چنا اور تقدیر آگہی نے مجبور کر دیا کہ اعلان اسی وقت کیا جائے۔

بدنصیب آئرلینڈ انگلستان کا ہم رنگ، ہم نسل، ہم مذہب اور ہم مشرب ملک ہے گو ناگوں علوم و فنون میں انگلستان کے دوش بدوش ہے، ہندوستان سے وہاں تعلیم بھی زیادہ ہے، مغرب کی اصطلاح میں جن چیزوں کا نام تمدن ہے وہ وہاں ہندوستان سے بڑھ کر ہیں، وہ تجارت میں ہندوستان سے افضل ہے اور اب تک انگلستان سے خود تفوق حاصل کر چکا ہے اس کے لحاظ سے بھی ہندوستان کے مقابلہ میں آئرلینڈ کو تفوق حاصل ہے لیکن کل کی بات ہے کہ برطانوی وزیر اعظم مع دیگر ذی وجاہت ممبران پارلیمنٹ کے آئرلینڈ تشریف لیگئے اور ایام جنگ میں ہی ہوم رول عطا کرنے کا اعلان فرمایا، یہاں تک کہ خود اہل آئرلینڈ سے ہی ہوم رول کا مسودہ تیار کرایا گیا اور تم نے دیکھ لیا کہ انجام کار اس وعدہ کا ایفا کیوں کر ہوا۔ اگر قریبی آئرلینڈ میں کل کا وعدہ آج بھلایا جا سکتا ہے تو غریب ہندوستان میں ایک صدی کا وعدہ آج کیونکر وفا ہو سکتا ہے۔ اصل یہ ہے کہ برطانوی حکومت کی تاریخ بھی بتا سکتی ہے کہ جب دستِ حق طلب میں طاقت اور زبانِ استدعا میں زور پیدا ہونے لگتا ہے تو ادھر سے حکومت کا دستِ سخاوت بھی دراز ہوتا ہے . . . .

ان تمام واقعات پر غور کرنے کے بعد آئینی اصلاحات کے اعلان کا سبب یہ سمجھ میں آتا ہے کہ ہندمسلم

آواز متفق ہو گئی اور اس اتفاق سے مطالبہ کی شدت لہجہ کی کرختگی بڑھ گئی اور پھر تمام ملک جو عرصہ سے سو رہا تھا، وہ قانون تحفظ ہند اور نظر بندی کے تشدد سے چیخ اُٹھا۔ لیکن دفترِ اقتدار سے اعلان کرانے کیلئے وفادار ہندوستان کی بے ضرر آواز کا زور کافی نہ تھا بلکہ اس زور میں جس چیز نے شدت پیدا کی اس کے دو سبب اور ہیں۔ اوّل یہ کہ روس جیسی باسطوت سلطنت تباہ و برباد ہو گئی اور اس کی تباہی و بربادی کے بعد ہندوستان کا راستہ غنیم کے لیے صاف ہو گیا۔ پس اس خطرۂ عظیم کے ظہور کے بعد نہایت ضروری ہوا کہ اہلِ ہند کو راضی کیا جائے اور ایک مدبرانہ طریق سے ان کے یہ ذہن نشین کر دیا جائے کہ ہندوستان تمہارا ہے اور حکومت برطانیہ تمہارے ہی ہاتھوں میں اُسے دینا چاہتی ہے۔ چنانچہ شاہی پارلیمنٹ میں ہندوستان کے متعلق ۲۰ اگست کا مشہور و معروف اعلان ان ہی ایام میں ہوا ہے جب کہ روس برباد ہو چکا تھا۔

"دوسرا سبب یہ ہوا کہ اتحادیوں کو جمہوریت امریکہ سے استمداد کی ضرورت ہا اور جمہوریت امریکہ سے مزید مدد لینے کے لئے یہ ضرور تھا کہ ہندوستان کی آرزوؤں کا اعلان کیا جائے اور کچھ مراعات بھی ہندوستان کو عطا کر دی جائیں کیونکہ ہندوستان پر جس طریقہ سے حکومت کی جا رہی ہے وہ مغرب کی ہر سلطنت کی طرح جمہوریہ امریکہ کو بھی خوب معلوم ہے۔ لہٰذا جنگی استمداد حاصل کرنے کے لیے نہایت ضروری ہے کہ انگلستان یہ کہے کہ ہم اقوام کی آزادی و خود مختاری قائم رکھنے کے لیے جنگ لڑ رہے ہیں اور دعوے کے ثبوت کیلئے ضرورت تھی کہ ہندوستان کی آزادی و خود مختاری کے ذکر سے اس دعوے کو مدلل کرے کہ دیکھو ہم ہندوستان کو حقوق عطا کر رہے ہیں پھر ہندوستان کی عظیم الشان جنگی خدمات کا بھی ہدیہ ادا کرنا تھا پس ان قدرتی اسباب کے پیدا ہونے کے بعد یہ اصلاحات آپ کو عطا کی گئی ہیں اور اس سے آپ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ جو حکومت ان گوناگوں مجبوریوں کے عالم میں آپ کو ایک خوشنما کھلونا عطا کر رہی ہے وہ اس وقت کیا عطا کرے گی جب یہ مجبوریاں سب رفع ہو جائیں گی اور مطلع امن صاف و شفاف ہو جائے گا۔ بہتر ہے کہ اس سوال کا جواب نوکِ قلم پر نہ آئے بلکہ آپ دلوں میں غور کریں" (۱۵ جولائی ۱۹۱۸ء)

(آئینی اصلاحات کے اعلان کے ساتھ ساتھ حکومت کے جبر و تشدد کی نئی لہر بھی شروع ہوئی۔ رولٹ کمیشن کی بغاوتی تحقیقاتی رپورٹ شائع ہوئی تو ملک کے طول و عرض میں غم و غصّہ کی ایک لہر دوڑ گئی۔ جنگ عظیم کے دوران یہ ان کی وفاداری اور جانبازی کا صلہ تھا۔ جمہور اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے میں پیش پیش تھا۔ مندرجہ ذیل اداریے کا اقتباس ملاحظہ ہو:)

"تب چاکِ گریباں کا مزہ ہے دلِ ناداں"

اگر گورنمنٹ کی سخت گیریوں پر نظر کی

جائے تو وہ دن بدن وہ ہندوستانی پریس پر بڑھ رہی ہیں۔ پہلے اگر کسی اخبار نویس کے سر پر ایک تلوار کچے دھاگے میں لٹکتی ہوتی تھی تو اب ایک مہیب توپ کا منہ بھی اس کی طرف کر دیا گیا ہے اور نہیں کہا جا سکتا کہ تشدد کی انتہا کیا ہوگی۔ ریفارم اسکیم کے بعد رولٹ کمیشن کی بغاوتی رپورٹ شائع کی گئی ہے اور اس میں سفارش کی گئی ہے کہ موجودہ حالت سے زیادہ تقریر و تحریر پر پابندیاں عائد کی جائیں پھر حضور والیسرائے ایک اعلان شائع کر چکے ہیں جس سے مترشح ہوتا ہے کہ وقت بہت قریب آنے والا ہے جب رولٹ کمیشن کی سفارشیں قانونی صورت اختیار کر کے اہل ہندوستان کے زبان و قلم اور نقل و حرکت پر ایک سخت مہر لگا دیں گی۔ زبان ہی کی سختیوں کی وجہ سے آنربل کھاپرڈے نے بغاوتی رپورٹ کو مسترد کرنے اور سرکاری اور غیر سرکاری ممبروں کی ایک کمیٹی بنانے اور تحقیقات کرنے کے متعلق رزولیوشن پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اگر یہ رزولیوشن منظور ہو گیا تو غالباً ہندوستان کو آیندہ سخت گیریوں سے کچھ نجات مل جائے گی، ورنہ اغلب ہے کہ رولٹ کمیشن کی سفارشوں پر بہت جلد عمل شروع کر دیا جائے گا اور ہم نہیں کہہ سکتے کہ وہ وقت ہندوستان کے آزاد خیال انصاف پسند محررین و مقررین کے لیے کس قدر منحوس ہوگا اور پھر بدبخت ہندوستانی پریس کی کیا حالت ہوگی۔ پس اگر چوہوں کے مرنے سے طاعون کے انسداد کی تدبیریں شروع کر دی جاتی ہیں تو وقت آ گیا ہے کہ ہندوستانی پریس کو مرنے سے پہلے بچانے کی فکر کی جائے۔ اب تک جو فریاد بار بار ٹھکرائی گئی ہے، جو آرزو پیہم پامال کی گئی ہے، جس خواہش کی عدم کامیابی پر اکثر اہل ہند کے دل خون ہوئے ہیں۔ وہ سب سے اوّل قانون تحفظ ہند کی سختی اور نظربندوں کی عدم رہائی ہے مگر اس کے بعد جس ملکی تمنا پر تمام صحائف ملکی نے یک زبان ہو کر صدا بلند کی اور بالآخر حکومت کے سنگ استغنا سے ٹکرا کر گم ہو گئی وہ ملکی پریس کی آزادی ہے ...

اگرچہ فریادیں کرتے کرتے گلے پڑ گئے، چیختے چیختے حلقوم تھک گئے، ہندوستان کی حالت پر آنسو بہاتے بہاتے آنکھیں خشک ہو گئیں مگر ہمیں حکومت کو بتا دینا چاہیے کہ بازوئے عمل ابھی نہیں تھکے اور وادی پرخار میں قدم چلنے میں بیکار نہیں ہوئے۔"

(۲۷ اگست ۱۹۱۸ء)

(اگلی دو اشاعتوں میں رولٹ تحقیقاتی کمیشن کی رپورٹ پر تفصیلی بحث کرتے ہوئے مدیر جمہور نے عوام کو اس کے ہیبت ناک اثرات سے نہ صرف آگاہ کیا بلکہ اسے حکومت سے بھی مکمل طور پر مسترد کر دینے کے لیے پرزور سفارش کی:)

"تحقیقات بغاوت: کمیشن کی شدید ترین سفارشیں

(۱) رولٹ کمیشن کا تقرر

گورنمنٹ ہند کے ایک رزولیوشن کے مطابق ہوا جو ۱۰ دسمبر ۱۹۱۶ء کو منظور ہوا اس رزولیشن کا خلاصہ یہ تھا:

'ہندوستان میں باغیانہ سازش کے متعلق ایک کمیشن مقرر کیا جائے، جو یہ تحقیق کرے کہ اس سازش کی نوعیت کیا ہے، وہ کس قدر احاطہ میں پھیلی ہوئی ہے؟ اس کے اسباب کیا ہیں؟ اور انسداد کیونکر ہو سکتا ہے؟'

آخری جملوں نے اہل ہند کو امید کا ایک چراغ دکھایا تھا اور وہ یہ سمجھے تھے کہ اسباب بغاوت معلوم کرنے کے بعد انسدادی تدابیر اختیار کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ ان شکایتوں کو دور کیا جائے، جن کی وجہ سے انتہا پسند اشخاص کے دلوں میں باغیانہ خیالات پیدا ہوئے، لیکن اس رپورٹ کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جسے اہل ہند چشمۂ آب حیات خیال کرتے تھے وہ سراب ہے اور جو نور ۱۰ دسمبر کو افق دہلی پر نظر آیا تھا وہ صبح امید کا نور نہ تھا بلکہ اس صاعقۂ تشدد کی چمک تھی جو اہل ہند کے سامنے ایک خوفناک جبر و استبداد کی کالی گھٹا ساتھ لائی ہے...

"اس رپورٹ کو محض ایک سرکاری حیثیت حاصل ہے اور اس کے سوا کوئی خاص امتیاز حاصل نہیں کہ گورنمنٹ کے خفیہ محکمہ نے جو بیانات و حالات مرتب کیے تھے اس کو اس کمیشن کے سامنے پیش کر دیا گیا اور کمیشن نے بلا شہادت لیے اور ملزم علیم کو بغیر صفائی کا موقع دیے، ایک رائے طے کر لی پس اس خیالی رائے کا مرقع یہ رپورٹ ہے"۔

(۲۷ جولائی ۱۹۱۸ء)

(۲) "کچھ شک نہیں کہ ہر حکومت مخالفانہ سازشوں کا قلع قمع کرنا اپنا فرض خیال کرتی ہے اور دوام و بقا کے لیے باغیانہ تحریکوں کا دبانا اس کا فرض اولین ہے۔ پھر قیام امن، انتظام حکومت، اور رعایا کے جان و مال کے تحفظ کی دلفریب تصویر بھی سامنے آ کر سفارش کرتی ہے کہ مخالفانہ فتنوں کو دبا دینا چاہیے۔ اور اس لحاظ سے اگر حکومت سازشوں کے انسداد کے لیے متشددانہ کارروائی کرے تو وہ بظاہر برسرحق ہے۔ لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ آگ کو آگ سے نہیں بجھایا جا سکتا بلکہ اس کے لیے پانی کی ضرورت ہے"۔

(۳) "ہندوستان میں برطانوی دفتری اقتدار کا ہمیشہ یہ اصول رہا ہے کہ جب کبھی اصلاح کی طرف قدم بڑھایا گیا تو اسی کے ساتھ تشدد کی تلوار بھی علم کی گئی تاکہ بزدل ہندوستانی ڈر کر جلد از جلد ناقص و ناکام اصلاحات کو قبول کر لیں۔ لارڈ رپن کے زمانے میں ایک پُر بہار خواب ہندوستان کو دکھایا گیا تو اسی کے ساتھ ... منظر بھی پیش کیا گیا۔ پھر ۱۹۱۹ء میں جب منٹو مارلے اسکیم شائع ہوئی تو یہی وہ زمانہ تھا کہ مسٹر تلک کو شورش کے جرم میں سزا دی گئی اور پنجاب میں بھی اس وقت تشدد کیا گیا۔ اب چیمسفورڈ مانٹیگو اسکیم شائع ہوئی ہے تو اس کے ایک عشرہ بعد رولٹ کی تہدید آمیز رپورٹ کو شائع کر دیا گیا، جس میں

خاص طور پر دفتری اقتدار کو زیادہ استبداد پرست بنانے کی سفارش کی گئی ہے اور یہ سفارش اس وقت کی گئی ہے جبکہ ہندوستانی فرزند وفاداری کے امتحان میں کامیاب ہو چکے ہیں اور اب وہ آزادی کے ساتھ ہندوستان کے خون اور دولت کی قیمت مانگنا چاہتے ہیں۔ کیا ایسی حالت میں ممبران کمیشن کے تشدد و استبداد کی سفارش کرنے کے یہ معنے ہیں کہ ہمارے منھ میں لگام دیدیا جائے اور قلم توڑ دیئے جائیں تاکہ اہل قلم آزادی کے ساتھ اپنی رائے نہ لکھ سکیں اور مقرر اپنا مافی الضمیر نہ ظاہر کر سکیں۔ مگر سوال یہ ہے کہ اگر نپولین اعظم کی خودمختارانہ تلوار فرانس کی آزادی کو فنا نہ کر سکی تو کیا قانون تحفظ ہند کا مزید تشدد ہندوستان کے آزادانہ اور منصفانہ خیالات کو فنا کر دے گا۔ ممکن ہے کہ زبانیں بند ہو جائیں مگر کیا دلوں کی حرکت بند ہو سکتی ہے۔ شاید قلم کی حرکت رک جائے لیکن کیا دلوں کا جوش رک سکتا ہے۔ اگر ظاہری اعضاء کی بندش باطنی جذبات میں اور زیادہ طوفان پیدا کرتی ہے تو حکومت کو چاہیئے کہ وہ ہندوستان میں مزید تشدد کی طرف کوئی خطرناک قدم نہ بڑھائے اور ممبران کمیشن کی تشدد آفریں سفارشوں کو یکقلم فراموش کر دے۔"

(۲۸ جولائی ۱۹۱۸ء)

حاکم و محکوم کے فرق کے خطرات

(انگریزوں کے ہاتھوں ہندوستانیوں کی تذلیل اور امتیازی سلوک کا جو عام طریقہ تھا اس کا شدت سے احساس تھا جو جگہ جگہ ہمدرد کے صفحات میں ملتا ہے۔ مثلاً مراد آباد میں ایک معزز بیرسٹر کی تذلیل کے واقعہ کو لیکر وہ حاکم و محکوم کے درمیان زبردستی اور بے اطمینانی کے احساسات کی موجودگی کے خطرات سے ایک جابر و قہار حکومت کو یوں آگاہ کرتے ہیں)

"**حاکم اور محکوم** حکومت دلوں پر ہوتی ہے۔ زمینوں پر، مکانوں پر، ذہنوں پر اور جسموں پر نہیں ہوتی۔ پس جب دل ٹوٹنے لگیں جب وہ بقول لارڈ سالسبری کے زبردستی اور بے اطمینانی محسوس کرنے لگیں تو حاکم کے لیے اپنی محکوم قوموں سے سمجھوتہ کرنے کا وہ آخری وقت ہوتا ہے اور دانشمند حاکم اس وقت کو اچھی طرح پہچانتے ہیں۔ فتنہ و فساد کو بازوئے حکومت کی طاقت بلا شک دبا سکتی ہے مگر جب دلوں کی آواز زبانوں پر آئے تو اہل بصیرت کو سطح کے نیچے دیکھنا چاہیئے۔

زندگی کے میدان میں حاکم و محکوم کے درمیان شاید اجتماع و اتحاد ناممکن ہو۔ مگر انفصال و تصادم اکثر ہوتا ہے اور جب ہوتا ہے جب ہی اس کے نتائج غیر خوشگوار پیدا ہوتے ہیں۔ ایک فوجی سپاہی کا بوٹ جب ہندوستانی قلی کی تلی سے ٹکراتا ہے یا جب ایک فوجی افسر کا گھونسا رائے بہادر کی آنکھ پر لگتا ہے، یا جب مراد آباد میں ایک کالج کی ادنیٰ پرنسپل کے ہاتھ ایک معزز بیرسٹر کے شانوں کو پکڑ کر جھنجھوڑ ڈالتے

ہیں، اس وقت بادی النظر میں زندگی کا ایک بہت ہی معمولی حادثہ ہوتا ہے، اس سنگریزے کی طرح جو پانی میں پھینکا جاتا ہے اور ایک منٹ کے لیے سطح آب پر چند نقش پیدا کر دیتا ہے، زندگی کی مصروفیتوں میں نقش برآب معلوم ہوتا ہے، لیکن جس طرح سنگریزہ عارضی نقوش پیدا کر کے پانی کی تہ میں جم جاتا ہے، اسی طرح یہ واقعات بھی سطح سے غائب ہو کر دلوں کی گہرائی میں نقش ہو جاتے ہیں۔

ایک بیرسٹر کو سرِ عام دھکے دئے جاتے ہیں نخوت و تکبر سے بھرا ہوا دماغ حفظ مراتب کو بھول کر ترشوئی دکھاتا ہے۔ اس کے بعد مجسٹریٹ صاحب اپنے فیصلہ میں اس معاملہ کو نہایت بے حقیقت اور ناقابلِ توجہ قرار دیتے ہیں۔ ہم صرف ایک سوال کرتے ہیں اگر اس موقع پر خود منظم علی خاں صاحب کی جگہ وارڈ صاحب اور وارڈ صاحب کی جگہ منظم علی خاں صاحب ہوتے پھر جو بد دماغی وارڈ صاحب نے دکھائی وہ منظم علی خاں دکھاتے تو صاحب مجسٹریٹ کی عدالت اس حالت میں کیا فیصلہ صادر کرتی۔ یا اگر کسی مجمع عام میں ایک ناواقف آدمی خود جناب کلکٹر صاحب کے شانے پکڑ کر جھنجھوڑ ڈالتا تو اقتدار حکومت کے دیوتا کیا کہتے . . .

پس اہلِ مراد آباد کو یاد رکھنا چاہیے کہ یہ معاملہ محض مسٹر منظم علی خاں کی ذات سے متعلق نہیں ہے۔ بلکہ تمام ہندوستانیوں کے دامنِ غیرت پر ایک دھبہ ہے جو اگر نہ مٹایا گیا تو ہم کہیں گے کہ ہر غیرت مند شخص کو جو مراد آباد کا رہنے والا ہو اپنے وطن کے نام سے شرم آئے گی۔"

(۲۰ جنوری ۱۹۱۸ء)

(ایک اور اسی طرح کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے ردِ عمل کے طور پر وہ انتہائی تلخ انداز میں لکھتے ہیں:)

"تم سب بے ایمان ہو

کھلنا کے ڈسٹرکٹ جج مسٹر اسٹریٹ نے ہائی اسکول کے جلسہ تقسیم انعامات میں تقریر فرماتے ہوئے ملک معظم کی ہندوستانی رعایا کے متعلق حسب ذیل خیالات فرمائے:

"ہندوستانیوں اور خصوصاً بنگالیوں میں ایک ایماندار آدمی کا ملنا بھی بہت مشکل ہے۔ اگر زمیندار کو ایک نائب کی ضرورت ہو تو مجھے ایماندار کلرک نہیں مل سکتا۔"

اگر یہ سچ ہے کہ جناب جج صاحب بہادر کے زریں خیالات یہی ہیں جو بیان ہوئے ہیں تو پھر اس قدر بے ایمان آدمیوں کے ملک میں صاحب بہادر کو رہنا نہ چاہیئے۔ ملک کے گناہ گار بندوں کی اصلاح کا کام بہت مشکل ہے، مناسب ہے کہ للہ اپنے اوقات عزیز کو اپنے وطن اور اپنی قوم کی خدمت میں صرف فرمائیں اور فرانس چلے جائیں۔ ہم بے ایمانوں کی جیب سے ان کو جو تنخواہ ملتی ہے اس کا لینے والا کوئی اور آجائے گا۔" (۹ مئی ۱۹۱۸ء)

(یہ وہ زمانہ تھا جب کہ حاکم و محکوم کے درمیان ایک وسیع خلیج حائل تھی۔ ادنیٰ سے ادنیٰ غیر ملکی گورا حاکم

اپنے کو شاہ برطانیہ کا قائم مقام اور نمائندہ تصور کرتا تھا۔ اور حاکم ضلع یعنی کلکٹر صاحب بہادر کی حیثیت تو کسی طور پر آج کے ڈکٹیٹروں سے کم نہیں تھی۔ "جمہور" کے مندرجہ ذیل اداریے میں حاکم و محکوم کے اسی امتیاز کو نوجوان صحافی نے بڑی جرات و جسارت سے واضح کیا ہے:)

"ہندوستانی کلکٹر کا عہدہ بھی عجیب و غریب ہے اور پھر ان کے مطلق العنانہ اختیارات سب سے زیادہ محیر العقول ہیں۔ ایک کلکٹر مسٹر مالکم تھے جنھوں نے بے گناہوں پر کانپور میں گولیاں چلائیں۔ ایک کلکٹر مسٹر ایل۔ ایم اسٹبس ہیں جنھوں نے بجنور کے بنیوں کو گالیاں سنائیں۔ ایک کلکٹر الموڑہ کا مجسٹریٹ ہے جس نے بلا وجہ ایک مالک اخبار کو مجبور کیا کہ وہ ڈیکلریشن کی منسوخی کی درخواست تحریر کرے اور چشم بددور کلکٹر ضلع فیروزآباد کے حاکم ہیں۔۔۔۔"

(۵ جون ۱۹۱۸ء)

(حسرت موہانی کو جب قید سے رہائی کے بعد حکم نظربندی ملا تو وہ میرٹھ میں مقیم تھے۔ قاضی صاحب نے ان سے ملنے کے لیے بطور احتیاط میرٹھ کے کلکٹر سے اجازت طلب کی اپنے جوابی خط میں کلکٹر موصوف نے خلاف تہذیب ان کے نام کے ساتھ مسٹر یا اسکوائر کچھ نہیں لکھا۔ ایک طرح سے خبردار کرنے کے انداز میں اس خط کا ذکر کرتے ہوئے ایک اداریے میں تحریر کرتے ہیں:)

"حاکمانہ بددماغی کا ایک ادنیٰ نمونہ

میں کلکتہ سے میرٹھ آیا ہوں تاکہ مولانا حسرت سے ملاقات کروں۔ اس قدر طویل سفر کرنے کے بعد اس طرح سے واپس کر دیا جانا میرے لیے نہایت غیر خوشگوار ہے۔ میں جانتا ہوں کہ آپ کو ایسے اختیارات تمیزی حاصل ہیں جو آپ کو بالکل خودمختار کر دیتے ہیں اور اس لیے آپ حالات پر غور کیے بغیر مجھے اجازت دینے سے انکار کر سکتے ہیں۔ ہندوستان میں صورت حال یہی ہے اور ہم کو ایسی ہی حالت میں زندگی بسر کرنی پڑتی ہے۔ تاہم یہ امید تو کچھ بیجا نہ تھی کہ جو کچھ بھی ہو جواب تو ضرور دیا جائے گا۔ مگر اخلاق کی کمی میرے ساتھ ظاہر کی گئی ہے۔ اس کو دیکھتے ہوئے میں اس معاملہ سے قطع نظر نہیں کر سکتا۔ میں مولانا حسرت موہانی سے مل سکوں یا نہ مل سکوں، مگر میں آپ سے جواب ضرور حاصل کروں گا۔ تاکہ مجھے معلوم ہو جائے کہ آپ کا نقطۂ نظر کیا ہے۔

کلکٹر صاحب میرٹھ نے میرے ساتھ جس قسم کا برتاؤ کیا اس کی تفصیل اس خط سے ظاہر ہو گی جس کی نقل آج کی اشاعت میں درج کی جاتی ہے۔ یہ خط درحقیقت خلاصہ ہے اس تمام خط و کتابت کا جو مجھ سے اور کلکٹر میرٹھ سے ہوئی ان کا غیر معقول طرز عمل ایک ادنیٰ نمونہ ہے اس حاکمانہ اقتدار پسندی کا

جو ہندوستان میں حصولِ سروس کا تمغۂ امتیاز ہے۔ یہ ظالمانہ اور جابرانہ طرزِ عمل ہر قدم پر ہم کو یاد دلاتا ہے کہ ملکِ معظم کی ہندوستانی رعایا کو حصولِ سروس نے کس طرح ٹھکرا ٹھکرا کر غلام بنایا ہے۔ ہماری زندگی کے یہ معمولی واقعات ہیں جو ہر خوددار ہندوستانی کے دل پر اپنا نقش چھوڑ جاتے ہیں، اور یہ نقش وہ ہیں جن کو ریفارم اسکیم کا اچھے سے اچھا کھلونا بھی نہیں مٹا سکتا۔ تلک مہاراج کو اچھی طرح یاد رکھنا چاہیے کہ سلطنتِ برطانیہ کو بنگال کے انارکسٹ کا بم ہرگز وہ نقصان نہیں پہنچا سکتا جو ان کے ہم خیال حکام کا غیر دانشمندانہ غرور حکومت کو پہنچا سکتا ہے۔ تلک مہاراج کے نام اپنے آخری خط کی نقل ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں:

"میں دیکھتا ہوں کہ آپ کا دفتر اس کی بھی پرواہ نہیں کرتا کہ میرا نام تمیز کے ساتھ لکھے شاید ایک معمولی اخبار نویس (جو ایک نہایت مشتبہ مخلوق ہے) کے نام کے ساتھ "مسٹر" کا لکھنا بھی حاکمانہ شان کے منافی سمجھا گیا ہے بہرحال مجھے کوئی شکایت نہیں میں جانتا ہوں کہ سلطنتِ برطانیہ میں میرا مرتبہ ایسا نہیں کہ مجھے شکایت کرنے کا حق حاصل ہو۔" (۱۱ اگست ۱۹۱۸ء)

(حاکم و محکوم کا فرق معاملات روزمرہ میں ہی نہیں بلکہ جرم و سزا کے معاملات میں بھی نمایاں تھا۔ سامراجی استحصال کے خلاف آواز بلند کرنے والے جانباز حریت پسندوں کو جن صعوبتوں کا سامنا ہوتا تھا وہ تہذیب و انسانیت کے دامن پر ہمیشہ ایک دھبہ رہے گا۔ ہندوستانی قیدیوں کے ساتھ اسی امتیازی سلوک کا تفصیلی تذکرہ کرتے ہوئے وہ مہذب برطانوی حکومت کی تنگ نظری کا مضحکہ اڑاتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:)

"کالا پانی: سیاسی قیدیوں کی مصیبت":

ع 'مشرق مشرق ہے اور مغرب مغرب'

یہ ایک انگریزی شعر کا مصرع ہے جو انگلستان کے فصیح البیان شہرۂ آفاق شاعر مسٹر کپلنگ کی زبان سے نکلا تھا۔ نہیں معلوم وہ کیسی ساعت تھی جس وقت یہ مصرع کپلنگ کی زبان پر آیا اور نہیں خبر وہ کیا جذبات تھے جن میں ہیجان ہوا اور اس ہیجان کا ترشح ان الفاظ میں ہوا کہ کپلنگ کی زبان سے نکلے اور ایک غیر فانی حقیقتِ ثانیہ کی طرح صفحۂ عالم پر منقش ہو گئے۔

جرم خواہ کسی قطعۂ اراضی پر کیا جائے لیکن ہر حال میں وہ جرم ہے۔ اور اس کی سزا بھی ایک ہی ہونی چاہیے۔ پھر مجرموں کے ساتھ سلوک بھی یکساں ہونا چاہیے۔ یہی سبب ہے کہ توراۃ کا قانون تمام دنیا کے لیے ایک تھا۔ جب خدا کے عاجز بندے خدا بن بیٹھے اور اسی کی کتاب میں تحریف کر دی تو پھر قرآن کریم نازل ہوا اور اس نے بھی تمام کرۂ ارض کی تمام قوموں کے لیے ایک ہی قانون اور ایک ہی سزا مقرر کی کہ عدل و انصاف کا اقتضا یہی ہے۔

مگر کپلنگ کی روح کو خوش ہونا چاہیے کہ مغرب نے اس کے مقدر کی تصدیق کے لیے قانونِ عدل و انصاف کو بدل دیا اور دنیا کو دکھا دیا کہ وہ قانونِ سزا میں بھی اپنے شاعر کے قول سے ہرگز منحرف نہیں ہو سکتی۔

"مشرق مشرق ہے اور مغرب مغرب، اور یہ دونوں کبھی نہ ملیں گے۔"

(۲ جون ۱۹۱۸ء)

ملّتِ خوابیدہ

(مرحوم قاضی عبد الغفار اپنے سینے میں ایک حساس دل رکھتے تھے۔ ملت کی غفلت شعاری پر ان کے دل میں بھی وہی تڑپ تھی جس کے تحت اس سے پہلے حکیم الامت علامہ اقبال نے فرمایا تھا ؎

خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے ۔۔۔ کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

ملت میں یہی اضطرابی کیفیت پیدا ہو جائے اس کے لیے قاضی صاحب "جمہور" کے صفحات میں مختلف انداز میں اسے جھنجھوڑتے رہتے تھے۔ کبھی وہ انھیں اپنے اسلاف کے وقار و تدبر کی یاد دلاتے، کبھی ترکی و مصر کی اقوام کی بیداری کا احساس دلا کر انکی غیرت کو جھنجھوڑتے، مثلاً مندرجہ ذیل اداریے میں وہ اپنے قومی رہنماؤں کے شاکی ہیں:)

"نظر بندانِ اسلام اور اُن کی قوم"

دورِ حاضر میں کسی قوم پر جذبات کو زندہ کرنے والی اس قدر مصیبتیں نہیں پڑیں جتنی کہ مسلمانانِ ہند کے سر پر پڑی ہیں۔ زمانے نے کسی قوم کو ٹھوکریں مار کر جگانے کی اتنی کوشش نہیں کی جتنی کہ ان مسلمانوں کو جگانے کی کی ہے۔ وہ طوفان جو مردہ قوموں کو زندہ کر دیتے ہیں مسلمانوں کے سر پر آئے، گرجے اور گذر گئے۔ وہ حوادثِ عالم جو سوئی ہوئی قوموں کی آنکھیں کھول دیتے ہیں مسلمانوں پر ٹوٹے مگر ان کو خبر بھی نہ ہوئی۔ ہر اس امتحان میں جس میں خدا نے ان کو ڈالا، یہ خدا کے بندے ناکام۔ جتنی دفعہ ان کو کسوٹی پر کسا گیا کھوٹے ثابت ہوئے۔ یہ حقیقتیں بہت تلخ ہیں۔ لیکن ہماری طرح جس شخص نے پچھلے تین سال کے واقعات کو دیکھا ہو گا وہ سوائے اس کے کچھ نہیں کہہ سکتا کہ مسلمانانِ ہند نے اپنے وقارِ قومی کو خود اپنی اور اپنے لیڈروں کی غفلت کی بدولت کھویا ہے۔ کسی غیر کی شکایت کرنا فضول ہے۔"

۱۳ جنوری ۱۹۱۸ء

(مسز اینی بیسنٹ نظر بند ہوئیں اور محض دس ماہ کے اندر رہا ہو گئیں جو اہلِ وطن خصوصاً سر امنی ایر کی کوششوں کا نتیجہ تھا۔ ان کی مثال سے بھی فرزندانِ اسلام نے کوئی سبق نہیں لیا اور اپنے نظر بندوں کے معاملے میں معمولی قربانیوں سے بھی گریز کیا۔ اسی تلخ حقیقت کا مفصل تذکرہ کرتے ہوئے قاضی صاحب نے اپنے ہم قوموں کی غیرت و حمیت کو جگانے کی کوشش کی:)

"اب عمل کہاں ہے: سر سبرامنی آئر اور خطاب کی واپسی:۔" اس مقصد موم زدہ

کے حاصل کرنے میں میرا انعام میری آزادی اور میری ہر وہ شے جو میری ہے وہ قربان ہونی چاہیئے۔ اور میں اُسے بخوشی قربان کر دوں گا۔ میری زندگی کے اس دور میں اس زمین کے اوپر تمام دنیوی خواہشات پوری ہو چکی ہیں لہٰذا میں محسوس کر رہا ہوں کہ ہوم رول حاصل کرنے میں اس سے زیادہ شاندار تقدیر نہیں ہو سکتی کہ میں حکام کے ظلم کا نشانہ بنایا جاؤں۔"

یہ اعلان ۱۵ جون کو مدراس سے شائع ہوا تھا۔ لیکن ابھی ۵ دن گذرے تھے کہ ۲۰ جون کے مدراسی تار نے یہ بتایا کہ سر سبرامنی آئر نے جو کچھ کہا تھا کر کے دکھا دیا۔ وہ بدنصیب مسلمانوں کی جماعت کے فرد نہ تھے کہ ان کا عزم قول کے دائرے میں محدود ہو جاتا۔ یعنی دعوٰی اس لیے نہیں کیا گیا تھا کہ فضا ہوا میں تموج پیدا کرے اور گم ہو جائے۔ بلکہ اس لیے کیا گیا تھا کہ عمل کے فرشتے آئیں اور مستقبل ہند کی پیشانی پر روشن حروف میں لکھ دیں۔

"وطن عزیز میں جس شخص نے سب سے اول دنیوی اعزاز کو قربان کیا وہ سر سبرامنی آئر ہے"

چنانچہ ۲۰ جون کا مدراس کا تار مظہر ہے کہ سر سبرامنی آئر نے چیف سکریٹری گورنمنٹ مدراس کے نام یہ خط لکھا ہے کہ "مسٹر ماہ صاحب مانٹیگو صاحب نے میرے متعلق جو کچھ کہا ہے اس کا سبب میرے خطابات بھی ہیں لہٰذا میں اپنے خطابات سے دست بردار ہوتا ہوں۔ آئندہ مجھے کے۔ سی۔ ایس۔ آئی یا سر یا دیوان بہادر نہ لکھا جائے کیونکہ میں اپنے خوددار جذبہ کو ان خطابات کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتا۔ سرکاری یا اور جن لوگوں کے خطوط ان خطابات کے پتہ سے میرے پاس آئیں گے میں انھیں واپس کر دوں گا۔"

اے فرزندان اسلام تم اس واقعہ کے اول و آخر اور اس کی تمام درمیانی کڑیوں پر نظر ڈالو اور پھر غور کرو کہ ایک مسز بیسنٹ اور ان کے دو رفقا کی نظربندی کی وجہ سے ایک سر سبرامنی آئر نے کیا کیا اور اسی کے ساتھ پھر اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو کہ ہفت کروڑ نفوس ملت اپنے نظربندوں کے متعلق کیا کر رہے ہیں۔ عوام سے زیادہ لیڈران قوم کو اپنے سیاہ گریبان میں منہ ڈال کر دیکھنا چاہیئے۔ اگر برادران وطن سر سبرامنی آئر پر فخر کر سکتے ہیں تو کیا بدنصیب مسلمان ان بے غیرت لیڈروں پر فخر کریں جو غریب حسرت کے متعلق ایک حرف کہنے کے لیے آمادہ نہیں۔"

(۲۵ جون ۱۹۱۸ء)

(مولانا) حسرت کے قید و بند کے دوران بحیثیت مجموعی قوم نے جس بے حسی کا ثبوت دیا، قاضی صاحب پر اس کا گہرا اثر تھا جس کا اظہار انھوں نے متعدد موقعوں پر کیا ہے۔ میرٹھ جیل سے باہر آنے پر جب حسرت نے احکام نظربندی کو ماننے سے انکار کر دیا اور مشکلات کی پھر وہی صورت حال پیش آئی جو قید سے پہلے تھی تو قاضی صاحب نے ایک بار پھر خوابیدہ قوم کو بیدار کرنے کی کوشش کی:-

"مولانا حسرت موہانی"

بلاکشانِ محبت میں کون ہے جس نے حسرت موہانی سے زیادہ اپنے ایمان کی قیمت ادا کی ہو، جس نے حسرت سے زیادہ مصائب برداشت کیے ہوں، جس نے حق و صداقت کے لیے حسرت سے زیادہ قربانیاں گوارا کی ہوں۔ الہ آباد، فیض آباد اور میرٹھ کے جیل خانوں میں دو سال کی سزائے قید برداشت کرنا اور اپنی قوم کے سامنے قوت ایمانی کا ایک مثالی نمونہ پیش کرنے کے بعد ۲۲ مئی کو یعنی پرسوں جیل خانہ سے باہر آنے والے تھے۔ انھوں نے دکھا دیا کہ حریت اور عصبیت اس کا نام ہے۔ جب تک ہندوستان کے مسلمان دنیا میں موجود ہیں حسرت کے درخشاں نقش پا ان کے لیے چراغ ہدایت ہوں گے۔ وہ پہاڑ ایک پتھر کی چٹان ہو کر ناانصافی کے مقابلہ میں کھڑا ہے اور اپنے ایمان کے لیے اس نے وہ باتیں خوشی برداشت کیں جن کے سامنے بڑے بڑے ابرار کے قدم نہیں جمتے۔ ابھی عہد امتحان و آزمائش باقی ہے اور اندیشہ ہے کہ میعاد قید کے ختم ہوتے ہی ان کے نظر بندی کے احکام جاری کیے جائیں گے لیکن جیسا کہ وہ صاف طور پر ظاہر کر چکے ہیں اپنے اسی اصول کی بنا پر ایک سچا مسلمان غیر منصفانہ قوانین کی پابندی نہیں کر سکتا۔ پھر احکام نظر بندی کی خلاف ورزی کریں گے اور اگر صوبہ جات متحدہ کی حکومت بھول اپنی ضد پر اڑی رہی تو غالباً مقدمہ چلایا جائے گا اس دفعہ پہلے سے مقدمہ کے لیے تیاریاں کی جا رہی ہیں اور ہمیں یہ سن کر خوشی ہوئی کہ سنٹرل بیورو نے اس کام کو اپنے ذمہ لیا ہے۔

حسرت کے ایمان کی آزمائش تو کافی سے زیادہ ہو چکی اب حسرت کے ہم قوموں کی آزمائش کا وقت ہے۔ حسرت نے جو کچھ کیا اپنے خدا اور اپنے ضمیر کے لیے کیا۔ اسی طرح حسرت کے ہم قوموں کو بھی جو کچھ کرنا چاہیے اپنے خدا، اپنے ایمان اور ساری قوم کی عزت کو پیش نظر رکھ کر کرنا چاہیے۔"

(۲۲ مئی ۱۹۱۸ء)

(اسی سلسلے میں بیگم حسرت کے ایک خط کے تذکرے میں قاضی صاحب لکھتے ہیں:)

"گو ممدوحہ کا یہ خط پرائیویٹ ہے اور ہمیں حق حاصل نہ تھا کہ ہم اس کے کسی حصہ کو شائع کرتے مگر حسرت کے ہم قوموں کے لیے اس کے اندر جو پیام عبرت موجود ہے، ان تک پہنچا دینے کیلئے ہم نے یہ بے ضابطگی بھی گوارا کی۔

"بقول ہمارے نامہ نگار کے مسٹر حسن امام اور آنریبل مسٹر سمیع اللہ بیگ کی رائے یہ ہے کہ حسرت قانون تحفظ ہند کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مسٹر حسن امام کا تو ذکر ہی فضول ہے لیکن مرزا سمیع اللہ بیگ صاحب کو ہم ایک سمجھدار محب قوم سمجھتے ہیں۔ آیئے ہم صاحب ممدوح سے صرف اسی قدر دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ کیا ان کے خیال میں مسٹر گاندھی کا طرز عمل قابل اعتراض ہے؟ کیا حق کے لیے جھگڑنے کا یہ طریقہ کسی حیثیت سے نامناسب ہے؟

ہاں فرق صرف اتنا ہے کہ گاندھی جی ایک ایسی قوم کے فرد ہیں جو زندہ ہے اور حسرت ایک ایسی قوم کے اندر پیدا ہوئے جو عزت و عظمت کے ساتھ ہی اپنی عصبیت اور عزت بھی کھو بیٹھی۔ آخر بے حسی اور غفلت کی بھی ایک حد ہوتی ہے۔ سوتی ہوئی قومیں بھی جاگا کرتی ہیں اور جب جاگتی ہیں تو پھر ان کا پہلا قدم اپنے حقوق اور انصاف کے مطالبہ کی طرف بڑھتا ہے۔ اسی بیداری کا نام زندگی اور اسی زندگی کا مفہوم بیداری ہے۔"

(۲۹ مئی ۱۹۱۸ء)

(قاضی صاحب علی گڑھ تحریک سے اختلاف رکھتے تھے اور قدامت پرستوں کے نظریات و عقائد کو قومی مفاد کے منافی سمجھتے تھے۔ مندرجہ ذیل اداریہ ان کے خلوص جذبات کا آئینہ دار ہے:)

"قوم کی امانت اور علی گڈھ کے مفسدہ پرداز

"بلا شبہ اب وقت آ گیا ہے کہ عام مسلمان قوم پرست ایک دفعہ پوری طاقت کے ساتھ ان مکڑی کے جالوں کو توڑ ڈالیں جو علی گڈھ کے ہر گوشہ میں نظر آتے ہیں۔ علی گڈھ کی قیمتی امانت ان لوگوں کے پاس ہرگز نہ رہنی چاہیے، جو نہ صرف اپنی قوم کی تعلیمی ضروریات سے نا آشنا ہیں بلکہ ذاتی اغراض پر قوم کے اعلیٰ ترین مقاصد کو قربان کرنا ان کے نزدیک ایک معمولی بات ہے۔ ہم سنتے ہیں کہ علی گڈھ کے بعض قدامت پسند اس لیے نواب اسحاق خاں صاحب کی مخالفت پر کمربستہ ہیں کہ نواب صاحب بتدریج طلبا اور قوم کی نئی نسل کے درمیان بہت زیادہ ہر دل عزیز ہوتے جاتے ہیں۔ یہ معاملہ نواب اسحاق خاں صاحب کی ذات کا معاملہ نہیں ہے بلکہ ہمیں اندیشہ ہے کہ مستقبل قریب میں قدامت پسند اور احرار کے درمیان ایک سخت تصادم اور دونوں کے مذاہب کا ایک سخت مقابلہ ہو کر رہے گا۔ پس یہ بحث ذاتیات کے حدود سے نکل کر اب اصول بحث بن گئی ہے۔ اور اگر اس فتنہ و فساد کا دروازہ علیگڈھ میں کھولا جاتا ہے تو ہم سب کو پوری طاقت کے ساتھ اس کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہو جانا چاہیے اور ارادہ کر لینا چاہیے کہ اس دفعہ جو فیصلہ بھی ہوگا وہ قطعی اور آخری ہوگا۔ ہم جانتے ہیں کہ قوم فروشوں کے ساتھ ہمیشہ ایک بہت بڑی طاقت ہوتی ہے، جو پردوں کے پیچھے سے ڈوریاں کھینچا کرتی ہے۔ لیکن ہم کو کسی طاقت کی پرواہ نہ کرنی چاہیے، اور علی گڈھ کو اس خطرہ سے کسی نہ کسی طرح بچانا چاہیے۔ جو ان قدامت پسندوں کی وجہ سے پیدا ہو گیا ہے۔"

(۲۱ جنوری ۱۹۱۸ء)

("جمہور" مسلم لیگ کی حکمت عملی سے بنیادی اختلاف رکھتا تھا۔ "مسلمانوں کی ملکی سیاست" نہ صرف قاضی صاحب کے سیاسی افکار کی ترجمان ہے، بلکہ صحافت، ادب، انشاپردازی کا وہ حسین امتزاج ہے جو "جمہور" کے اداریوں کی جان ہوا کرتا تھا۔)

"**مسلمانوں کی ملکۂ سیاست**" مسلم لیگ اسلامی ہند کی ملکۂ سیاست ہے کیونکہ قیصرِ سانِ ملکۂ ارض میں جو صفات ہونی چاہئیں وہ سب لکھنؤ کی اس مسند نشین شہزادی میں موجود ہیں بھر وجہ کیا ہے کہ اسے ملکۂ سیاست کے شاندار لقب سے یاد نہ کریں۔ اس میں شاہانہ بے نیازی ہے نازک مزاج شہزادیوں کی طرح تغافل شعاری ہے۔ وہ ایک باتمکنت پردہ نشین کی طرح منظرِ عام پر آتے ہوئے جھجکتی ہے۔ میدانِ عمل میں قدم رکھنے سے ہمیشہ اسے اجتناب و احتراز رہا ہے۔ ہزارہا امیدواروں کی صدائیں اس کے آستانۂ بے نیازی سے ٹکراتے ہیں اور جب تک اس ملکۂ نازک کی فینس کو دس بیس غلام کاندھا نہ دیں وہ لکھنؤ سے دو چار قدم چل کر بھی کہیں نہیں جا سکتی۔ مسٹر مانٹیگو کی تجاویزِ اصلاحات پر غور کرنے کے لیے کانگریس کے مخصوص اجلاس کا اعلان ہو گیا ہے لیکن مسلمانوں کی ملکۂ سیاست کو ابھی اس کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ حالانکہ زمانۂ حاضرہ میں اسلامی سیاست کا مسئلہ نازک سے نازک تر ہوتا جاتا ہے۔ قاعدہ تو یہ ہے کہ جس قدر کسی کے فرائض زیادہ نازک ہوتے ہیں اسی قدر اس کا میدانِ عمل زیادہ وسیع ہوتا ہے۔ اور جد و جہد کی حاجت زیادہ پڑتی ہے۔ لیکن ایک زمانے سے قومِ مسلم کی قسمت کی طرح اس کی ہر صفت پلٹ گئی ہے۔ ہندی مسلمانوں کی ملکۂ سیاست کی حالت بھی علم و عمل میں یکسر برعکس ہے۔ یعنی وہ نطق کے وقت ساکت اور سکوت کے وقت گویا ہوتی ہے۔ عمل کے وقت عزل اور عزل و تکمیل کے وقت عمل اس کا شیوہ ہے۔"

(۱۸ جون ۱۹۱۸ء)

(۱۰ جولائی کے "جمہور" میں شائع شدہ اُم الاحرار کے ایک حکیمانہ مکتوب پر تبصرہ عوام کی اسی غفلت اور بے حسی کا ماتم ہے جسے وہ ہر حال میں سرگرمِ عمل دیکھنا چاہتے ہیں۔ اُم الاحرار کے ایک مکتوب پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں)

"**اُم الاحرار کا مکتوب:** ہم میں اعلیٰ اور اوسط طبقہ کی حالت نہایت خراب ہے۔ عوام کے اخلاص کی اب بھی یہ کیفیت ہے کہ ان سے جو چاہے کام لیجیے" وہ ہر وقت تیار ہیں، مگر مصیبت یہ ہے کہ کوئی کام کو دیکھنے والا نہیں اور راہ بتانے والا نہیں۔ ان کی قوتِ عمل اور عزائمِ استقلال بھی ضائع جا رہا ہے۔

"فی الحقیقت جو موت نما سکوت عالمِ اسلامی پر چھایا ہوا ہے وہ چشمِ بصیرت کے لیے انتہائی ہولناک ہے۔ خواص پہلے سے سرد تھے اور اب اوسط و ادنیٰ طبقہ کے لوگ بھی سرد ہوتے جاتے ہیں اور اس میں شک بھی کیا ہے جب فوج کے سپہ سالاروں پر موت چھا رہی ہے تو اس تباہی سے فوج کیونکر بچ سکتی ہے۔ لیکن اس کے یہ معنی نہیں کہ ہم جو کر رہے ہیں وہ کرنا بھی چھوڑ دیں بلکہ ہجومِ غم زیادہ ہو اور ماتم کرنے والے ہاتھ کم تو پھر ماتم گسار دونا

کام اور بڑھ جانا چاہیے۔"

(۱۸ جولائی ۱۹۱۸ء)

("درسِ عمل" کے عنوان سے اپنے ایک اداریے میں قاضی صاحب اپنے ہم وطنوں کو درس دے رہے ہیں کہ صرف عمل وجدوجہد ہی قوموں کو کامران و بامراد بناتے ہیں، جو اقوام محض اقوال اور اصولوں پر ناز کرتی ہیں یا پھر ہمیشہ آہ و فغاں میں مصروف رہتی ہیں، وہ فنا ہو جاتی ہیں اور جو قومیں کبھی دنیا کے ایک بڑے حصے پر حکمران تھیں، وہ محض راحت و آسانی اور عمل جدوجہد کے فقدان کے باعث دیکھتے ہی دیکھتے محکوم بن گئیں:)

"درسِ عمل: دنیا میں کامیابی زبان کی آہ و فغاں پر موقوف نہیں بلکہ دستِ عمل کی طاقت پر موقوف ہے۔ راستہ اگر طے کرنا ہے تو عمل کا قدم بڑھاؤ، منزل مقصود پر اگر پہنچنا ہے تو سفر کی صعوبتیں طے کرو۔ بامِ عزت و رفعت پر چڑھنا مقصود ہے تو درمیانی سیڑھیوں پر چڑھنے کی تکلیف گوارہ کرو۔ اگر ساحل پر پہنچنا منظور ہے تو پہلے راحت و آسائش کے جہاز کو سمندر میں ڈال دو ورنہ نا ممکن ہے کہ آنکھ سے آنسو نہ بہے اور دامن تر ہو جائے، خون کا ایک قطرہ نہ گرے اور شہید کا لقب مل جائے، سمندر سے جہاز نہ گذرے اور ساحل پر پہنچ جائے، دل میں عمل کا ولولہ پیدا نہ ہو اور کامیابی نصیب ہو جائے۔ ہمتوں میں جوش نہ ہو اور پھر عزم پورا ہو جائے، یہاں تک کہ سینے سے درد و کرب کی صدا تک نہ اٹھے اور لوگ متاثر ہو جائیں خصوصاً جبکہ ایک غفلت شعار حکومت نے تمہاری طرف سے کانوں میں روئی ٹھونس لی ہے اور راہِ مقصود میں ایک پہاڑ کھڑا کر دیا ہے۔ پس اس پہاڑ کو اگر جنبش میں لانا چاہتے ہو تو دستِ عمل میں زلزلے کی قوت پیدا کرو۔"

(۴ جولائی ۱۹۱۸ء)

(قاضی صاحب گاندھی جی کو مجسم پیکرِ عمل اور ہندو مسلم اتحاد کا علمبردار گردانتے تھے اور جمہور کے ذریعے مسلمان رہنماؤں کو ان کی اتباع کی تلقین کرتے رہتے تھے۔ مثلاً چمپارن کی فتح کو ایک آئینی فتح سے تعبیر کرتے ہوئے ایک اداریے میں تحریر کرتے ہیں:)

"ایک آئینی فتح: جب مسٹر گاندھی جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کی دعائیں لے کر ہندوستان تشریف لائے تو شہرت کا ایک تاج ان کے سر پر تھا جس کی ضیاء کو دنیا کی کوئی طاقت کم نہیں کر سکتی تھی۔ وہ اپنی عمر کا بہترین حصہ جنوبی افریقہ کے گوروں کے مظالم برداشت کرنے اور ان کے خلاف آئینی جدوجہد میں صرف کر چکے تھے۔ وہ اپنی عمر بھر کی کمائی، اپنی زندگی کے بہترین مواقع وقت کی قربان گاہ پر پیش کر چکے ہیں، اور ان کا ماحصل زندگی آئینی جدوجہد کا ایک مجرب نسخہ تھا جس سے ہندوستان کے کام کرنے والے اچھی طرح آشنا تھے۔ مسٹر گاندھی

تشریف لائے اور ان کو اپنے طریقہ پر کام کرنے کا پہلا موقع چمپارن میں ملا جہاں نیل کے یورپین کاشتکاروں نے زراعت پیشہ آبادی کو اپنی زنجیروں میں باندھ رکھا تھا۔ لوگ گاندھی کا نام سن چکے تھے، اور جس وقت انھوں نے پہلی دفعہ چمپارن میں قدم رکھا تو ہندوستان انگلو انڈین نقاروں کی آواز سے گونج اٹھا۔ ان پر الزام لگایا گیا کہ وہ چمپارن میں بغاوت پھیلانے آگئے ہیں اور خود حکومت کے عمال نے ان کے خلاف قانون استعمال کرنا چاہا۔ لیکن جب گورنمنٹ نے دیکھا کہ گاندھی جیل خانے جانے کے لیے تیار ہیں تو اس کے عمال کی آنکھیں کھلیں، اور معلوم ہوا کہ یہ گاڑھے کا انگرکھا پہننے والا ننگے پاؤں پھرنے والا بظاہر کم حیثیت شخص فولاد کی طرح سخت اور پہاڑ کی طرح ثابت قدم ہے۔ گورنمنٹ بہار قابل مبارک باد ہے کہ اس نے صورت حال کو زیادہ خراب نہ ہونے دیا، اور بگڑنے سے پہلے بات بنالی۔ گو اس کو دشمنان ہندوستان کے طعنے سننے پڑے لیکن اپنے فیصلہ پر قائم رہی، اور بالآخر ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کیا گیا جس کے تقرر نے ان یورپین کاشتکاران نیل کے تن بدن میں آگ لگادی جو ایک زمانہ سے ہندوستان کا گوشت پوست کھا رہے ہیں۔ ہندوستان کی دولت کو جیبوں میں بھر کر اہل ہند کے احسانوں کو بھول کر ان کو اپنا غلام سمجھتے ہیں۔

قصبۂ چمپارن کے ان نتائج پر غور کرنا چاہیے۔ اگر مسلمانوں کے ہر ذہنی معاملہ کو اسی معیار پر پرکھا جائے تو ہر جگہ ایک ہی چیز کی کمی نظر آئے گی یہ وہ چیز ہے جو مسٹر گاندھی کی کامیابی کا راز ہے یعنی 'عزم'۔"

(۱۵ مارچ ۱۹۱۸ء)

(ایک اور جگہ مسلمان رہنماؤں کو گاندھی جی سے سبق لینے کی تلقین کرتے ہوئے قاضی صاحب رقم طراز ہیں:)

"اگر مہاتما گاندھی سمندر کے پار نٹال نہ جاتے اور جنوبی افریقہ کے زندان کی کوٹھریاں نہ بھیجتے تو جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں سے اس لعنت کے دور کرنے کی طرف توجہ کسی کو بھی نہ ہوتی جو ان کے سروں پر بلا بن کر سوار ہے۔ اگر وہ چمپارن کی سختیاں نہ برداشت کرتے تو بے زبان مزدوروں کو انگریز مزارعین کے پنجۂ ظلم سے کیونکر نجات مل سکتی تھی۔ ۔ ۔ اگر یہ دنیائے عمل کا قائد اعظم چار روز کا فاقہ نہ کھینچتا تو مزدوران احمد آباد کو فاقوں سے کس طرح نجات ملتی۔ غرض چشم ہائے بصیرت و ماشح ہائے شنوا اور قلوب اثر پذیر کے لیے ایک مہاتما گاندھی کا وجود کافی ہے کہ اس سے قول و عمل کے فرق کو معلوم کر لیا جائے اور زبان اور شور و غوغا اور بازور عمل کے ناموس اور زور کے امتیاز کو اچھی طرح پہچان لیا جائے۔ اے دنیائے اسلام کے مسکین لیڈرو! تمہارے لیے اگر اسلامی عبرت کدہ بے اثر پڑ گیا ہے تو کم از کم مہاتما گاندھی کے طرز عمل کو دیکھو۔" (۹ جون ۱۹۱۸ء)

(اپنی مختصر سی مدتِ اشاعت میں "جمہور" کی پالیسی تحریکِ آزادی میں ہر ممکن معاونت تھی۔ قومی یکجہتی اور کانگریس کو زیادہ با اثر بنانے کی خاطر مسلمانوں کو اس میں شرکت کی دعوت، مسلمان و ہندوؤں کو قومی آزادی کی خاطر شانہ بشانہ چلنے کی تلقین اور میدانِ عمل میں مسلمانوں کو ہندوؤں سے عبرت حاصل کرنے کی طرف متوجہ کرنا "جمہور" کے اداریوں کا خاص مواد تھے مثلاً ہندو مسلم اتحاد کے بارے میں ایک اداریے میں وہ لکھتے ہیں:)

"جمہور" ہندو مسلمانوں کے متعلق جزئیات کی بحث بہت کم چھیڑتا ہے۔ وہ ہندوستان میں ایک متحدہ قومیت کے پیدا ہونے کا نہ صرف مؤید بلکہ متمنی ہے۔ ہمارا طرزِ عمل ان لوگوں سے بالکل مختلف ہے جو ایک رائی کا پہاڑ بنا کر نا اہل مسلمانوں کے اندر ہمسایہ قوم کے خلاف اشتعال پیدا کر کے اپنا بازار گرم کر لیتے ہیں۔ بحمد اللہ کہ اب تک ان ادنیٰ تعصبات سے ہمارا دامن پاک ہے اور ان تمام طوفانوں میں جو اکثر ہندو مسلمان کے درمیان اُٹھتے ہیں اور اُٹھائے جاتے ہیں، ہمارا لنگر اپنی جگہ سے نہیں ہلا۔ ہم نے ہمیشہ یہ دیکھا کہ زمانے کی ضرورتیں باوجود اختلافاتِ خیال اور اختلافاتِ مذہب دونوں قوموں کو ایک روز متحد کر کے چھوڑیں گی اور کوئی طاقت اس اتحاد کو جو مصیبت کے وقت قائم ہوا ہو نہیں توڑ سکتی۔"

(۳ جون ۱۹۱۸ء)

(برطانوی حکمتِ عملی نے پہلی جنگِ عظیم کے دوران یہ باور کرانے کی کوشش کی کہ جرمن حملے کے معنی ترکی یا اسلامی خطرہ ہے، کیونکہ ترک ایران و افغانستان سے گذر کر ہندوستان کو دھمکی دیں گے اور یوں سب سے زیادہ اسلامی آبادی کا گھرانہ "ملکِ ہند" تمام اسلامی ممالک کے ساتھ متحد و متفق ہو جائے گا۔ ان تمام فرضی و امکانی خیالات کی تردید کرتے ہوئے ایک اداریے "امتحان کا وقت" میں قاضی صاحب ہندو و مسلمان دونوں کو خبردار کرتے ہیں:)

"ایک امتحان جو ہندوستان اور باشندگانِ ہندوستان مسلم و ہندو دو طبقوں کے درمیان ڈال دیا گیا ہے اور گویا ایک ہی جسم کے دو بازو معرکۂ امتحان میں چھوڑ دیے گئے ہیں۔ اگر اس وقت ان دونوں بازوؤں کی حرکت و جنبش ذرا بھی مخالف سمت میں ہوئی تو خطرہ ہے کہ وطنِ پاک کے جسمِ مقدس سے یہ دونوں بازو کٹ کر گر جائیں۔ اور ہمارے مسکین وطن کا لاشہ خود بخود تڑپ کر ٹھنڈا ہو جائے کہ مردہ خوار اغیار اس کا گوشت نوچیں اور کھائیں، تاکہ دائمی حسرت و نامرادی ماتم کرے اور ہماری ملکی آرزوئیں اس روح فرسا آخری صدا پہ ہمیشہ کے لیے خاموش ہو جائیں کہ: ؎

"اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے۔"

(۶ جون ۱۹۱۸ء)

(مدیر جمہور پان اسلازم کے حامی ہونے کے ساتھ ساتھ سچے عوام پرست بھی تھے۔ جمہور کے صفحات کے ذریعے قومی یکجہتی کی خاطر جہاں انھوں نے مسلمانوں کو ہندوؤں کے ساتھ اشتراک عمل کی دعوت دی وہاں ان کا آزاد قلم ہندوؤں کے مخصوص طبقے اور چند رہنماؤں کے تعصب پر بھی خاموش نہ رہ سکا ان کی مخالفت بھی ہوئی لیکن اعلان حق اور صحیح رہنمائی ان کا نصب العین تھا۔

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش　　　میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

بدگمانی تنگ نظری و تعصب کے تحت رقم طراز ہیں:)

"**بدگمانی، تنگ نظری و تعصب:** ہماری آنکھوں نے صوبجات متحدہ اور پنجاب کی معرکہ آرائیاں دیکھی ہیں لیکن بنگال میں جو تجربے حاصل ہوئے وہ ابھی تک زبان پر نہیں آئے اور اب بھی شاید نہ آتے اگر ہم یہ نہ دیکھتے کہ بنگال کے بعض ہندو لیڈر مسلمانوں کو من حیث القوم نقصان پہنچا رہے ہیں۔ اس منزل پر رواداری کے حدود ختم ہو جاتے ہیں اور ہم محسوس کرتے ہیں کہ موجودہ حالات میں ہمارا خاموش رہنا گناہ ہے۔

"اس وقت مسلمانوں کے متعلق داعیان ہند و مسلم اتحاد کا طرز عمل یہ ہے کہ وہ کھلم کھلا اخبارات میں ان کی نسبت ان کے 'مذہبی جنون' کی نسبت ان کی 'مہیب' تحریکوں کی نسبت وہ خیالات ظاہر کر رہے ہیں جن کو سن کر حکومت ان سے بدظن ہو جائے۔ ہم نہیں جانتے کہ ان شرارت آمیز خیالات کے ظاہر کرنے کا مقصد مسلمانوں سے گورنمنٹ کو بدگمان کرنا ہے یا اپنی قوم کو مسلمانوں کے خلاف تیار کرتا ہے۔ جو کچھ بھی ہو لیکن اگر اس کتاب محبت کی تمہید یہ ہے جو کانگریس و لیگ کے اجلاسوں میں پڑھی جاتی ہے۔ تو ہم محبت کی اس کہانی کو پڑھنا بھی نہیں چاہتے۔ اور بنی بابو کے ہم خیال ہندو لیڈروں سے عرض کرتے ہیں کہ: "مرا بخیر تو امید نیست بد مرسان"

ایک طرف تو گاندھی مسلمانوں کے مقامات مقدسہ کے لیے اپنی آواز بلند کر کے ان کے جذبات کی ترجمانی کرتا ہے اور دوسری طرف ہمارے بنگالی مدبرین مسلمانوں کے مذہبی جنون 'تحریک اتحاد اسلامی' اور خدام کعبہ کے فرضی بھوت بنا کر دنیا کے سامنے کھڑے کرتے ہیں 'مذہبی جنون' درحقیقت یورپین دماغوں کی پیداوار ہے اس لیے کہ ان کی مادہ پرستی اس اجتماع اسلامی جوش کو سمجھ ہی نہیں سکتی جس کے نور سے ہر مسلمان کے قلب میں اجالا پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح 'تحریک اتحاد اسلامی' کے متعلق اپنے بنگالی دوستوں کی غلط فہمی کو معاف کر سکتے ہیں اس لیے کہ بنگالی بابو کی ساری دنیا بنگال ہے اور اس کا حب وطن ہمیشہ سے انتہائی تنگ نظری پر محدود ہے۔ اس کا اتحاد قومی خلیج بنگالہ کے ساحل تک پہنچ کر ختم ہو جاتا ہے۔ سمندر پار اس کے ہم مذہب نہ آبادیاں رکھتے ہیں نہ سلطنتیں۔ ایسی حالت میں اسلام کی اس وسیع برادری کا تصور بھی اس کے دماغ میں نہیں آسکتا۔ ایک مسلمان کے لیے تو ساری دنیا

اس کا وطن ہے۔ اسلئے کہ ایران، توران، عرب و عجم، مراقش اور مصر، ہمارا اور افغانستان سب ایک مرکز پر مل جاتے ہیں، اور اسلام کی طاقت کا راز بھی یہی ہے۔ القصہ بپن پال کے تخیل عمل کی وسعت ان کو اس عالمگیر برادری کے عکس تک بھی نہیں لے جا سکتی، البتہ انجمن خدام کعبہ کے متعلق صاحب موصوف کے خیالات جس قدر تکلیف دہ ہیں اسی قدر تمسخر انگیز بھی ہیں۔ وہ ایک خالص مذہبی تحریک کے اندر برائی کے امکانات دیکھتے ہیں جن کا وجود ان کے ذہن کے سوا اور کہیں نہیں۔ اپنے اس اضطراب کی حالت میں وہ انجمن خدام کعبہ کے محرکین کی تمام قومی خدمات کو بھول جاتے ہیں اور ان کو یاد نہیں رہتا کہ آج مسٹر شوکت علی جو تکلیفیں برداشت کر رہے ہیں ان کا معاوضہ ہندو اصحاب کی طرف سے یہ نہ ہونا چاہیئے تھا۔ جس ہندوستان کے لیے مسٹر پال جل رہے ہیں اسی ہندوستان کی محبت نے مسٹر شوکت علی کو چھندواڑہ میں نظربند کیا ہے۔
حقیقت یہ ہے کہ بنگال میں نوجوان جماعت کی تنگ نظری کا جو تجربہ ہم کو ہوا ہے، وہ نہایت دل شکن اور سبق آموز ہے۔ پھر بھی ہم ان کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں اور کرنا چاہتے ہیں۔ محض اس لیے کہ جس ملک کی آزادی کے لیے وہ کوشاں ہیں، ہم بھی ان کی طرح اسی ملک کو اپنا وطن کہتے ہیں۔"

(۵ جون ۱۹۱۸ء)

ذاکر صاحب

چند یادیں کچھ تاثرات

جنابِ رحمت اللہ خاں شروانی
مزمل منزل، علیگڑھ

مٹ رہی ہیں دل سے یادیں روزگارِ عیش کی
اب نظر کاہے کو آئیں گی یہ تصویریں کہیں

میں نے ذاکر صاحب مرحوم کو پہلی مرتبہ ۱۹۴۸ء میں علی گڑھ میں دیکھا جب وہ مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہو کر آئے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی طرف سے دیے گئے استقبالیہ میں تقریر کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے فرمایا تھا کہ "میں آپ سے کوئی وعدہ نہیں کرتا کہ میں کیا کروں گا۔ وقت آپ لوگوں کو خود بتلا دے گا کہ میں کیا کر سکا۔" ڈاکٹر صاحب سے ان کے علی گڑھ کے دوران قیام اکثر نیاز حاصل ہوتا رہا۔ مجھ پر دو بزرگوں کے احسانات ہیں: رشید صاحب اور ذاکر صاحب۔ ان دو بزرگوں کا میرے نوجوان دماغ سے خرابی کا خناس نکالنے اور مجھے خود کو ایک انسان سمجھنے کی توفیق پیدا کرنے میں بڑا حصہ ہے۔ رشید صاحب نے اپنی تحریروں سے اور ذاکر صاحب نے اپنے عمل سے مجھے متاثر کیا۔ ذاکر صاحب کی ایک ادا کبھی نہ بھولوں گا۔ مجمع میں وہ مجھ جیسے چھوٹوں کو ڈھونڈ نکالتے اور بڑے آدمیوں سے صرفِ نظر فرما کر پاس تشریف لاتے اور مشفقانہ انداز میں کاندھے پر ہاتھ رکھ کر خیریت دریافت فرماتے اور کچھ غیر رسمی گفتگو بھی فرماتے جس سے مجھ جیسے لڑکوں کو اپنے وجود کا احساس ہوتا۔ ڈاکٹر صاحب سلام میں ہمیشہ سبقت کرنے کی فکر میں رہتے۔

ایک مرتبہ ایک ڈی۔ ایم کے ہاتھوں مجھے کچھ رسوا ہونا پڑا۔ ہوا یہ کہ میں ان کے گھر باوجود ان کے منع کرنے کے رات کو پہنچ گیا اور ان سے ملنا چاہا۔ کلکٹر صاحب نے ملنے سے انکار کر دیا اور مجھے واپس آنا پڑا۔ اگلے دن میں ذاکر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس حادثہ کا حال انھیں سنایا۔ فرمایا کہ "آپ نے بنیادی غلطی یہ کی کہ آپ باوجود ان کے منع کرنے کے ان کے گھر پہنچ گئے، لیکن جب آپ وہاں پہنچ ہی گئے تھے تو انھیں آپ سے مل لینا چاہیے تھا۔" مجھے نہیں معلوم کہ ڈاکٹر صاحب نے کیا کیا لیکن میں اتنا جانتا ہوں کہ علی گڑھ کے کئی فسادات بھی کلکٹر صاحب کا تبادلہ نہیں کرا سکے تھے؛ ذاکر صاحب سے میرے اس عرضِ حال کے کچھ ہی عرصہ بعد

ان کا علی گڑھ سے رختِ سفر بند ہوگیا۔

ذاکر صاحب کے متعلق یہ عام تاثر ہے کہ وہ اپنی غلطی نہیں مانتے تھے۔ میرا تجربہ اس کے برعکس ہے۔ ۱۹۵۶ء میں میں نے ڈاکٹر صاحب کو ایک خط لکھ کر ان سے ملنے کے لیے وقت مانگا جس کا مجھے جواب نہ ملا۔ کچھ ہی دن بعد جب وہ علی گڑھ سے تشریف لے جانے لگے تو از راہِ عنایت مجھ سے ملنے تشریف لائے اور فرمایا "بہت دن سے آپ سے ملاقات نہیں ہوئی" میں نے عرض کیا "ڈاکٹر صاحب آپ سے ملنا مشکل ہے۔" لوگ یقین نہ کریں گے کہ ذاکر صاحب نے فوراً اپنے دونوں ہاتھ جوڑ دیے اور فرمایا "خدا کے لیے مجھے معاف کر دیجیے، غلطی مرید صاحب[1] کی نہیں میری ہے اس لیے کہ میں نے ہی ان کو اختیار دے رکھا ہے کہ جو خط چاہیں مجھ تک آنے دیں اور جسے چاہیں روک لیں۔" میں ذاکر صاحب کے اس عمل سے دنگ رہ گیا۔ اور ان کی فراست پر دل ہی دل میں عش عش کرنے لگا کیوں کہ میں نے خط کا ذکر تک نہیں کیا تھا۔ میں نے عرض کیا "ڈاکٹر صاحب خدا کے واسطے یہ نہ کیجیے مجھے شرمندگی ہوتی ہے۔" فرمایا "جب تک آپ اپنے منھ سے یہ نہ کہہ دیں گے کہ آپ نے معاف کر دیا میں ہاتھ نہ ہٹاؤں گا۔" ناچار کہنا پڑا ورنہ کہاں ذاکر صاحب اور کہاں مجھ جیسا ذرۂ بے مقدار:

ببیں تا خود چہ کارے سخت افتاد   کہ خواہد آفتاب از ذرہ فریاد

در حقیقت اپنی غلطیوں کا کھلے دل سے اعتراف کرنا اور ہر کہ و مہ سے معافی مانگنا میں نے ان ہی سے سیکھا۔

ذاکر صاحب کے وائس چانسلری کے دوران کا مجھ سے متعلق ایک اہم واقعہ یہ ہے کہ ۱۹۵۳ء میں مجھے ایک انجمن کا صدر بنایا گیا۔ میں اسی سال اپنے علاج کی غرض سے یورپ گیا اور میری غیر موجودگی میں اس انجمن کی طرف سے کچھ لوگ بھی چندہ کرنے گئے اور وہاں ذاکر صاحب (جو انجمن ترقی اردو کے صدر بھی تھے) کی شان میں گستاخی کی۔ مجھے ہندوستان لوٹنے پر جب اس بات کا علم ہوا میں حاضرِ خدمت ہوا اور معافی چاہی میں نے محسوس کیا کہ ذاکر صاحب کافی برہم تھے۔ فرمایا "آپ کیا کریں گے؟" میں نے عرض کیا "جو صاحب اس کے ذمہ دار ہیں ان کے خلاف فوراً کارروائی کروں گا۔" ڈاکٹر صاحب مطمئن ہو گئے۔ شامتِ اعمال میں وہاں سے سیدھا قاضی عبدالغفار صاحب مرحوم کے پاس گیا اور پورا واقعہ اپنے ارادے کے موصوف کے گوش گزار کیا۔ قاضی صاحب نے فرمایا "ایسا غضب نہ کیجیے کام زندگی میں یہ نشیب و فراز آتے ہی رہتے ہیں" میں نے عرض کیا "میں ڈاکٹر صاحب سے وعدہ کر آیا ہوں، انھیں کیا منھ دکھاؤں گا؟" قاضی صاحب نے جواب دیا "آپ مطمئن رہیں میں ذاکر صاحب سے کہہ لوں گا۔" میں وہاں سے چلا آیا اور مجھے فیض گیٹ پر ڈاکٹر عبدالعلیم صاحب مرحوم ملے انھوں نے بھی قاضی صاحب کی تائید کی میں مطمئن ہو گیا اور بات آئی گئی ہوئی۔ کچھ عرصہ بعد جب میں پٹنہ میں ذاکر صاحب کی خدمت حاضر تھا تو ایک دن صبح کے

۱۔ مرید صاحب مرحوم ذاکر صاحب کے پی۔ اے۔ (P. A.) تھے

ناشتہ پر گفتگو لکس آ گئی۔ ڈاکٹر صاحب نے شکایت آمیز لہجہ میں فرمایا "لیکن آپ نے کچھ کیا تو نہیں" میں نے عرض کیا "کیا قاضی صاحب نے اس سلسلہ میں آپ سے گفتگو نہیں کی؟" فرمایا "نہیں تو" میں نے قاضی صاحب کی گفتگو نقل کر دی۔ ڈاکٹر صاحب اپنے خاص انداز میں مسکرائے اور فرمایا "ایسا سوچنے والوں کی زندگی میں صرف نشیب ہی آتے ہیں فراز کہاں"۔

ڈاکٹر صاحب کو کتابوں کی خوبصورت جلدیں بندھوانے کا بہت شوق تھا۔ مجھے اپنی چند کتابیں پٹنہ میں دکھائیں اور فرمایا "دیکھئے کتنی خوبصورت جلدیں ہیں۔ میں نے یہ جلدیں جنیوا (Chagreen) میں بندھوائی تھیں"۔

پٹنہ میں ڈاکٹر صاحب کا تقریباً روز کا یہ معمول تھا کہ میرے کمرہ پر کچھ کتابیں ہاتھ میں لیے تشریف لاتے اور دستک دے کر اندر آنے کی اجازت چاہتے مجھے عجیب سا لگتا۔ ایک دو بار عرض بھی کیا کہ "ڈاکٹر صاحب کیوں غضب کرتے ہیں کتابیں آپ کسی کے ہاتھ سے نہیں بھجوا سکتے تھے مجھے شرمندگی ہوتی ہے"۔ جواب میں فرماتے "میں چلا آیا تو کون سا گناہ ہو گیا، کتابیں بھی آپ تک پہنچ گئیں اور اس بہانے آپ سے ملاقات بھی ہو گئی"۔ مجھے یاد ہے کہ پہلے ہی دن ڈاکٹر صاحب نے "گلہائے پریشاں" جو الیاس صاحب کے منتخب کردہ اشعار کا مجموعہ ہے مجھے دیکھنے کے لئے عنایت فرمایا اور ساتھ ہی یہ بھی ارشاد ہوا کہ "ان حضرت نے ایک بڑا ظلم یہ کیا ہے کہ اشعار کو عنوانوں کا پابند کر دیا ہے جس سے شعر کی معنویت محدود ہو کر رہ گئی ہے"۔ کچھ دن بعد ناشتہ کی میز پر مجھ سے دریافت فرمایا کہ "آپ نے گلہائے پریشاں دیکھی؟" میرے اثبات میں جواب دینے پر مجھ سے میری رائے مانگی۔ میں نے عرض کیا "پہلی بات تو وہی ہے جو آپ نے فرمائی تھی۔ واقعی عنوانات میں قید ہو کر اشعار کے معنی بھی مقید ہو کر رہ گئے ہیں۔ مجھے ساتھ میں یہ بھی عرض کرنا ہے کہ گو الیاس صاحب نے بڑے اچھے شعر منتخب کئے ہیں لیکن شاعروں کے نام میں اتنی تحقیق نہیں فرمائی جتنی وہ بآسانی فرما سکتے تھے"۔ ڈاکٹر صاحب نے پوچھا "مثلاً؟" میں نے عرض کیا "دیکھئے یہ شعر جسے انھوں نے لا علم کر کے چھوڑ دیا ہے مرزا کا ہے"۔ ڈاکٹر صاحب مسکرائے اور خصوصی انداز میں فرمایا "میاں میں دیکھتا ہوں کہ آپ کے اندر ماشاء اللہ ذوقِ شاعری اور ذوقِ تحقیق دونوں یکجا جمع ہیں جو ایک انسان میں ذرا کم ہوتے ہیں"۔ میرے استفسار پر ڈاکٹر صاحب نے فرمایا "مولانا عبدالحق[1] کو لے لیجئے ان کا ذوقِ تحقیق کمال کو پہنچا ہوا ہے لیکن ذوقِ شعری بالکل نہیں ہے"۔ میرے بارے میں جو ڈاکٹر صاحب نے ارشاد فرمایا اس کی وقعت کا مجھے اس وقت پورا احساس نہ تھا ورنہ میں کسی سے اسے بطور سند کے لکھوا لیتا!

کم لوگ اس راز سے آگاہ ہوں گے کہ ڈاکٹر صاحب بحیثیت گورنر بھی بے حد مصروف رہتے تھے۔ میں نے پٹنہ میں دیکھا کہ ان کا نظام اوقات ایسا بندھا ہوا تھا جیسے کسی وزیر باتدبیر کا ہو۔ عام تاثر غالباً یہ ہے کہ گورنر کو کوئی کام نہیں ہوتا۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ یہ کہاں

۱۔ عبدالحق بابائے اردو

تک صحیح ہے میں نے تو صرف ذاکر صاحب کو دیکھا کہ وہ ایسے کام کرتے تھے جیسے بغیر کام کیے ان کو تنخواہ نہ ملے گی۔ دن میں ان سے ملاقات صرف ناشتہ یا کھانے کے دوران ممکن تھی یا پھر ساڑھے نو بجے سہ پہر یعنی ان کے "Office Hours" کے بعد۔ لیکن پھر بھی پتہ نہیں وہ خطوط کا جواب اپنے ہاتھ سے دیتے، یہاں تک کہ لفافوں پر پتہ تک لکھنے کا وقت کہاں سے نکال لیتے تھے!

پٹنہ میں ذاکر صاحب نے مجھے خاص طور سے خدا بخش لائبریری دیکھنے بھیجا۔ وہ چاہتے تھے کہ میں وہاں کا کوئی اہم مخطوطہ چھپوانے کی ذمہ داری اپنے سر لے لوں مگر میں ان دنوں بالکل ناتجربہ کار تھا۔ کتابوں میں گھوما پھرا مگر قسمت کہ کسی کا انتخاب نہ کر سکا۔

ایک دن صبح ناشتہ کے دوران دریافت فرمایا "آپ عرفی اور نظیری میں سے کسے بڑا شاعر مانتے ہیں؟" میں نے عرض کیا "میں عرفی کو زیادہ بڑا شاعر مانتا ہوں اس لیے کہ اس کی ہر غزل میں کم از کم ایک شعر ضرور نکل آتا ہے جب کہ نظیری کے یہاں غزلوں کی غزلیں پڑھ جایئے تب جا کر کوئی شعر ملتا ہے۔" فرمایا "یہ تو آپ صحیح کہتے ہیں لیکن آپ نے دیکھا ہوگا کہ نظیری کے یہاں جب بھی کوئی شعر نکلتا ہے تو وہ عرفی کے دسیوں شعروں پر بھاری ہوتا ہے۔" میں نے عرض کیا "جی ہاں یہ تو آپ بجا فرماتے ہیں۔" میں آج بھی اپنی اس رائے پر قائم ہوں کہ عرفی بڑا شاعر تھا کیوں کہ اگر عرفی کی عمر بھی نظیری کے برابر ہوتی تب یہ دیکھا جاتا کہ وہ نظیری سے بڑا شاعر تھا یا نہیں۔ میرے مزاج میں بغاوت ہے اور میں صائب کی رائے سے ع عرفی بہ نظیری نرسانید سخن را[۱] آج بھی متفق نہیں ہوں۔ یہ دوسرا مسئلہ ہے قصیدہ میں مولانا نظیری عرفی کو نہیں پہنچتے۔ غزل میں ضرور ان کا مقام عرفی سے بلند ہے لیکن پھر وہی عمر والی بات آتی ہے۔

اس کے بعد ذاکر صاحب دہلی میں جب وہ نائب صدر ہو کر پہنچ گئے تھے نیاز حاصل ہوا۔ پہلی بار تو ۱۹۶۲ء ہی میں۔ اس دوران قیام کی کچھ یادیں بہت اہم ہیں۔ اکتوبر ۱۹۶۱ء میں علی گڑھ میں بڑا خونریز فرقہ وارانہ فساد ہو چکا تھا جس کی یاد مئی ۱۹۶۲ء تک ذہنوں میں تازہ تھی۔ ایک دن دوپہر کھانے کے بعد فرمانے لگے "علی گڑھ کے مسلمان سب آوارہ[۱] کتے ہیں۔" میں نے عرض کیا "ڈاکٹر صاحب مجھے اس زمرہ سے نکال دیجیے اس لیے کہ میں ان دنوں نینی تال میں تھا۔" ارشاد ہوا "جی نہیں آپ بھی ان ہی میں سے ہیں۔" میں نے عرض کیا کہ "ڈاکٹر صاحب میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا۔" فرمایا "آپ نے کبھی آوارہ کتا دیکھا ہے؟" میں نے عرض کیا "دیکھے ہی نہیں ڈاکٹر صاحب پالے بھی بہت ہیں۔"[۲] فرمایا "آپ میرے سوال کا جواب دیجیے۔" میں نے عرض کیا "میں آپ کا مطلب بالکل نہیں سمجھا۔" میں نے ڈاکٹر صاحب کو اس سے پہلے کبھی اتنے غصہ میں نہ دیکھا تھا۔ فرمایا "آپ نے دیکھا ہوگا کہ مسافر جب راہ چلتا ہوتا ہے تو یہ (آوارہ کتا) اس پر دانت نکال کر دوڑتا ہے اور جہاں مسافر نے پتھر اٹھایا یا ڈنڈا سنبھالا اور اس نے دُم دبائی۔ یہی حال آپ لوگوں کا ہے۔ جب امن ہوتا ہے تو بدامنی پھیلاتے ہیں اور جب بدامنی پھیل

۱۔ آوارہ کا لفظ میرا ہے۔ ذاکر صاحب نے جو لفظ فرمایا تھا اس کو استعمال تو امام گنج یا ایک کھرا پٹھان ہی کر سکتا ہے اور وہ بھی جب اُسے غصہ بہت ہو۔ ۱۲

۲۔ تو سینکڑوں میرے ہیں۔ ۱۲

جاتی ہے تو دُم دباتے ہیں۔" میں نے عرض کیا "ڈاکٹر صاحب ہم کیا کریں؟" اب ڈاکٹر صاحب کا غصہ کچھ کم ہو چکا تھا فرمایا "میاں امن ہو تو اس کو فروغ دو، اپنی طرف سے بدامنی مت پھیلاؤ اور اگر بدامنی پھیل ہی جائے تو سینہ سپر ہو جاؤ، جان دیدو مگر حملہ کے واسطے دُم نہ دبایا کرو۔" فرمایا "جب میں علی گڑھ میں تھا تو ایک مقامی کالج کے لوگ مجھے گالیاں دیتے ہوئے نہ تھکتے تھے۔ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ انھوں نے اپنے Convocation میں آچاریہ نریندر دیو کو بلایا تھا۔ عین وقت پر علالت کی وجہ سے آچاریہ جی کی معذرت کا تار آگیا۔ کالج کے اساتذہ میرے پاس آئے اور مجھ سے کہا "ہماری عزت اب آپ ہی بچا سکتے ہیں، اگر آپ نے ہمارے Convocation کی صدارت قبول نہ فرمائی تو ہم کہیں کے نہ رہیں گے" میں بلا عذر کے ان کے یہاں چلا گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس کے بعد جب تک میں علی گڑھ میں رہا پھر ان لوگوں نے کبھی مجھے یا یونیورسٹی کو بُرا نہ کہا۔"

اسی دوران قیام کا دوسرا واقعہ یہ ہے کہ ایک دن رات کے کھانے کے بعد میں حاضر خدمت تھا اور یوسف حسین خاں صاحب مرحوم بھی موجود تھے۔ گفتگو قرآنیات سے شروع ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب کی عادت تھی کہ چھیڑ دیا کرتے تھے۔ انھوں نے کسی آیت کی تاویل مجھ سے پوچھی میں نے جواب میں قرآن کریم کی آیت وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ پڑھ دی۔ فرمایا "جس کتاب کے معنی کوئی نہ سمجھ سکے اس کتاب کا فائدہ؟" میں نے عرض کیا "ڈاکٹر صاحب ارشاد ہوا ہے اس کی تاویل کوئی نہیں جانتا۔" بولے "تاویل اور معنی میں کیا فرق ہے؟" میں نے عرض کیا "میں عربی کا عالم نہیں ہوں جو آپ کے سوال کا جواب سرِ دست دے سکوں، لغت دیکھ کر بتا سکوں گا کہ معنی اور تاویل میں کیا فرق ہے۔ اتنا جانتا ہوں کہ فرق ہے ضرور۔" اب یوسف صاحب مجھ سے مخاطب ہوئے اور فرمایا کہ "جب اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ الخ والی آیت نازل ہو چکی تو پھر قرآن کیوں نازل ہوتا رہا؟" میرا دماغ ویسے ہی خراب ہو رہا تھا میں نے اُن سے عرض کیا "ڈاکٹر صاحب آدمی جس بارے میں نہ جانے اس بارے میں وہ گفتگو نہ کرے تو بہتر ہے۔ جب آپ کو قرآن کریم کی آیات کے شانِ نزول کے متعلق علم ہی نہیں تو بہتر ہوگا کہ آپ نہ بولیں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ آیت حجۃ الوداع کے موقع پر نازل ہوئی اور جتنے دانائے راز تھے وہ رو پڑے تھے یہ سمجھ کر کہ اب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پردہ فرمانے کا وقت قریب آچکا ہے۔ جہاں تک میرا علم ہے اس کے بعد وحی نہیں نازل ہوئی۔ آپ نے غالباً صرف یہ دیکھ کر کہ یہ آیت سورۂ مائدہ میں ہے رائے قائم فرمائی کہ قرآن کریم اس کے بعد بھی نازل ہوتا رہا جب کہ حقیقت اس کے خلاف ہے۔" اس کے بعد یوسف صاحب مرحوم نے مجھ سے یہ سوال کیا کہ "سورہ نصر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وَاسْتَغْفِرْهُ کا حکم کیوں ملا؟" میں نے بہت ادب سے عرض کیا کہ "یوسف صاحب یہ سورہ بھی فتح مکہ کے بعد نازل ہوئی ہے اور بعض دانایانِ راز اس کے نزول پر بھی یہ سمجھ کر رو پڑے تھے کہ آفتابِ رسالتؐ اب لبِ بام آچکا ہے۔" یوسف صاحب برابر مُصر رہے کہ میں وَاسْتَغْفِرْهُ کے حکم کے معنی اور ماہیت انھیں سمجھاؤں۔

ذاکر صاحب اب تک نیم دراز حالت میں ایک خاموش تماشائی تھے، کچھ دیر خاموش رہے۔ لیکن جب یوسف صاحب کا اصرار بڑھا تو ایک دم سے سنبھل کر بیٹھتے ہوئے یوسف صاحب کو مخاطب کر کے بولے "کیا بکتے ہو یوسف! کیا بکتے ہو، تمھیں شرم نہیں آتی غیرت نہیں معلوم ہوتی تم اس ذات اقدس ﷺ کے متعلق ایسا سوال کر رہے ہو جس کا زندگی بھر رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا دن میں کم از کم ستر بار ورد رہا ہو۔" اس کے بعد یوسف صاحب ایسے ہو گئے جیسے ان پر پانی پڑ گیا ہو۔ اور کچھ ہی دیر میں محفل برخاست ہو گئی۔ جب ذاکر صاحب اٹھ کر چلے تو میں نے انھیں پکڑ لیا کیوں کہ مجھے احساس تھا کہ گفتگو کے دوران میرے منھ سے کچھ ایسے جملے نکل گئے تھے جو مجھے نہیں کہنا چاہیے تھے اور میں نے عرض کیا "خدا کے واسطے ڈاکٹر صاحب مجھے معاف کر دیجیے"۔ فرمایا "نہیں میاں میں نے تم سے آج بہت کچھ سیکھا" یہ سننا تھا کہ میرے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی اور میں سمجھا کہ ڈاکٹر صاحب واقعی مجھ سے بہت ناراض ہیں۔ میں نے کہنیوں تک اپنے ہاتھ جوڑ دیے اور عرض کیا "ڈاکٹر صاحب خدا کے واسطے مجھے معاف کر دیجیے میں بھلا آپ کو کیا سکھاؤں گا۔ میں آپ کے سامنے ایک بچہ ہوں میں بھلا آپ کو کیا سکھا سکتا ہوں"۔ ارشاد ہوا "میاں خدا کی قسم میں تم سے بالکل خفا نہیں ہوں" اور اپنے اس قول کا اعادہ فرمایا کہ انھوں نے مجھ سے بہت کچھ سیکھا۔ ذاکر صاحب کبھی غلط بیانی نہیں کرتے تھے اس لیے میں مجبور ہو گیا ورنہ میں آج تک یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ذاکر صاحب نے مجھ سے کیا سیکھا۔

ذاکر صاحب کا یہ معمول تھا کہ وہ رات دس بجے کے قریب گھر میں سونے چلے جاتے تھے۔ اسی قیام کے دوران ایک دن میں نے ان کے ملازم خاص اسحٰق سے پوچھا کہ "بھیا تمھارے میاں تو پڑھنے لکھنے والے آدمی ہیں اتنی جلدی کیسے سونے چلے جاتے ہیں۔" اسحٰق مرحوم نے جو جواب دیا وہ میری ہی نہیں بہت سوں کی آنکھیں کھول دینے کے لیے کافی ہونا چاہیے۔ کہا "نواب صاحب! آپ کو شاید نہیں معلوم کہ میاں تین بجے کے قریب تہجد کے لیے اٹھیں گے اور پھر نہ سوئیں گے"۔ یہ تھے ذاکر صاحب، وہ عبادت بھی ایسے چھپ کے کرتے تھے کہ ہمیں گناہ کرنا بھی میسر نہیں۔

جب ذاکر صاحب نائب صدر منتخب ہوئے تو "ادارہ اسلامیہ کالج" میں ان کو مدعو کیا گیا۔ میں بھی وہاں کالج کی مجلس عاملہ کے ایک رکن کی حیثیت سے موجود تھا۔ عصرانہ میں ملاقات ہوئی، میں نے عرض کیا "ڈاکٹر صاحب میرا پاسپورٹ ختم ہو چکا ہے۔ نیا پاسپورٹ بنواؤں گا تو آپ کا نام بحیثیت ضامن کے دینا چاہتا ہوں اگر اجازت ہو"۔ فرمایا "مجھے کوئی عذر نہیں"۔ اس بات کو کئی سال گذر گئے۔ اوائل ۱۹۶۴ء میں جب ایک اور سلسلہ میں ذاکر صاحب سے ملاقات ہوئی تو میں نے پاسپورٹ والی بات یاد دلائی۔ دریافت فرمایا "آپ نے درخواست دی؟" میں نے عرض کیا کہ "جی نہیں ابھی درخواست نہیں دی"۔ ارشاد ہوا "بجا ہے آپ درخواست مت دیجیے اور دو سال بعد پھر پوچھیے گا کہ ڈاکٹر صاحب

آپ نے میرا کام نہیں کیا۔ میں نے عرض کیا ڈاکٹر صاحب میں آپ کا نام اس لیے دینا چاہتا ہوں کہ مجھے Foreign Exch- آج
-ange (زرمبادلہ) لینے میں آسانی ہو جائے گی۔ فرمایا "اس مغالطہ میں بھی نہ رہیے گا۔ میری وجہ سے آپ کو ایسی کوئی آسانی ملنے والی نہیں"۔

ذاکر صاحب کی طبیعت میں کتنی ظرافت تھی اس کا اندازہ اس واقعہ سے بخوبی کیا جا سکتا ہے۔ میں ایک دن دہلی گیا ہوا تھا، وہاں میری موٹر کا غلط پارکنگ کرنے پر چالان کر دیا گیا۔ میں پریشان ہو گیا اور سیدھا ڈاکٹر صاحب کے یہاں پہنچ گیا۔ اس وقت وہ وہاں تشریف نہ رکھتے تھے۔ اسحٰق باہر نکل آئے مجھے اندر لے گئے۔ کچھ دیر بعد ڈاکٹر صاحب تشریف لے آئے۔ میرے پہنچنے کی علت غائی دریافت فرمائی۔ میں نے مدعا عرض کیا۔ بڑی رکھائی سے فرمایا "میں کچھ نہیں کر سکتا"۔ مجھے بڑا برا لگا اور میں نے عرض کیا "تو پھر مجھے اجازت دیجئے میں کہیں اور دیکھوں" بڑی متانت سے فرمایا "اب رات ہو گئی ہے اب کہاں جائیے گا۔ اب آپ کل سویرے سے پہلے کہیں نہیں جا سکتے۔ جائیے آپ کے لیے کمرہ تیار کرا دیا گیا ہے آرام فرمائیے"۔ باہر نکلا دیکھا موٹر غائب۔ اسحٰق سے معلوم کیا انھوں نے بتایا کہ "میاں نے آتے ہی پوچھا کہ یہ موٹر کس کی ہے میں نے پوری بات بتائی تو پائلٹ سے دریافت کیا "تم کچھ کر سکتے ہو؟" اس نے کہا اگر آپ حکم دیں تو ابھی سب ہو جائے گا۔ میاں نے پائلٹ کو کار کے ساتھ روانہ کر دیا"۔

یعنی ذاکر صاحب میرا کام کرانے کا پورا انتظام فرما چکے تھے اور مجھے یہ تاثر دیا کہ وہ کچھ نہیں کر سکتے (اسی ملاقات کے دوران پاسپورٹ والی بات بھی ہوئی تھی)۔

ذاکر صاحب جب کسی کے خلاف رائے دیتے تو ان کا طریقہ بالعموم ایسا ہوتا "میاں شاید یہ میرے نفس کا خبث ہے لیکن وہ صاحب مجھے کبھی نہ بھائے"۔

۱۹۵۸ء میں جب مولانا آزاد کا انتقال ہوا تو علی گڑھ میں عام خیال یہ تھا کہ وزیر تعلیم کی جگہ کو پر کرنے کے لیے ذاکر صاحب سے زیادہ موزوں کوئی اور نہیں ہو سکتا۔ اس کے بعد علی گڑھ ہی میں یہ افواہ بھی اڑی کہ ذاکر صاحب نے اپنی گرتی ہوئی تندرستی کی بنا پر یہ ذمہ داری سنبھالنے سے انکار کر دیا ہے۔

جب ذاکر صاحب علی گڑھ تشریف لائے اور ازراہ کرم مزمل منزل بھی آئے تو میں نے گفتگو کے دوران عرض کیا "ذاکر صاحب آپ نے یہ کیا غضب کیا کہ تندرستی کی وجہ سے وزارت تعلیم کی ذمہ داری سنبھالنے سے انکار کر دیا"۔ مسکرائے اور ایک وزیر باتدبیر کا نام لیکر فرمایا "میاں یہ صاحب سلامت مجھ غریب کو کون پوچھتا ہے"۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ افواہیں کیسے پھیلتی ہیں اور کیسے سچ کا جامہ پہن کر لوگوں کے ذہنوں میں جڑ پکڑ لیتی ہیں۔ ایک اور بات

جو عام طور پر غلط مشہور ہے، وہ ہے نواب اسمٰعیل خاں صاحب مرحوم اور ذاکر صاحب مرحوم کا باہمی اختلاف۔ میں نے پٹنہ کی حاضری کے دوران اس کی تصدیق ڈاکٹر صاحب سے چاہی۔ انھوں نے فرمایا "بھئی یہ تو بالکل غلط ہے۔ ہم دونوں ہمیشہ ایک دوسرے کے بہت قریب رہے اور سچ پوچھیے تو ۶-۱۹۳۵ء میں ہمارا گروپ نواب اسمٰعیل صاحب کو وائس چانسلر بنانا چاہتا تھا اور موصوف کو اس کے لیے تیار بھی کر لیا تھا۔ ہم لوگ اتفاق سے اس وقت اکثریت میں تھے۔ اگلے دن E.C. کی میٹنگ میں جب نواب صاحب کا نام تجویز کیا گیا تو He refused in a huff. بعد میں پوچھنے پر انھوں نے بتایا کہ کل ایک صاحب میرے پاس پہنچے اور کہا اگر آپ مجھے Treasurer بنا دیں تو میرے خاندان کے سب Votes آپ کو ملیں گے۔ مجھے یہ سودا بالکل پسند نہیں، اس لیے میں نے انکار کر دیا۔ پھر نواب یوسف آ گئے اور یہ یاٹی وزروے کا دور چل پڑا اور ہم لوگ اقلیت میں رہ گئے۔ مجھے علی گڑھ لے جانے کا سہرا نواب صاحب موصوف ہی کے سر ہے اس لیے کہ مولانا آزاد کے پیہم اصرار پر میں نے یہ شرط لگا دی تھی کہ میں علی گڑھ اسی صورت میں جاؤں گا جب نواب اسمٰعیل خاں صاحب خود مجھ سے وہاں جانے کے لیے کہیں۔ چنانچہ ایک دن جب مولانا آزاد کا طلب کردہ میں انکے وہاں پہنچا تو دیکھا کہ نواب صاحب وہاں تشریف رکھتے ہیں۔ موصوف نے مجھ سے فرمایا کہ 'ذاکر صاحب یونیورسٹی کو آپ ہی سنبھالئے اب مجھ سے نہیں سنبھلتی' میرے پاس سوائے رضامندی دینے کے اب اور کوئی چارہ کار نہ تھا۔"

ذاکر صاحب کی ایک ادا جو کبھی نہ بھولے گی یہ تھی کہ اپنے ملنے آنے والے کو بالعموم اپنے پورٹیکو تک رخصت کرنے تشریف لے جاتے خواہ کوئی بھی ہو۔ میرے کارندے نے مجھ سے بیان کیا کہ وہ جب ڈاکٹر صاحب کے پاس دہلی گئے تو موصوف انھیں چھوڑنے کے لیے بھی باہر تشریف لائے۔ علی گڑھ میں ایسا کرنے پر ایک آدھ بار جب میں نے عرض کیا کہ "آپ تشریف رکھیں" تو جواباً فرمایا "ارے بھائی میں اپنے پودوں کو دیکھنے جا رہا ہوں، کیا آپ اس کی بھی مجھے اجازت نہیں دیں گے"۔ ظاہر ہے یہ کوئی دکھاوا تو ہوتا نہ تھا اگر لوگ پھر بھی ذاکر صاحب کے اخلاق کی وسعت کے معترف نہ ہوں تو اعتراف نہ کرنے والوں کا اللہ بھلا کرے۔

ذاکر صاحب اپنے گورنر بنائے جانے سے زیادہ خوش نہ تھے۔ یہ بات ان کے اس خط سے مترشح ہے:

"... معلوم نہیں آپ کو میرا حال معلوم ہے یا نہیں۔ دو مہینے سے یہاں بھیج دیا گیا ہوں۔ میں اور گورنری! ایک بے جوڑ سی بات ہے۔ نہ اس کی کوئی اہمیت تھی، نہ ایسے کام کے لیے اپنے کو تیار کیا تھا۔ بہر حال خدمت کا ایک موقع جان کر اسے اپنے سر لیا۔ خدا کرے کہ کام کا حق ادا کر سکوں۔ الخ"

ذاکر صاحب تقریر کرتے تھے کہ جادو جگاتے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ کسی موقع پر تقریر کرتے ہوئے

مسلم یونیورسٹی کی مالی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے مہمان خصوصی کو مخاطب کر کے فرمایا "ہم پر بھی وقت پڑا تھا لیکن گذر گیا۔ وقت کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ گذر جاتا ہے۔۔۔"۔

غالباً ۱۹۵۶ء کا واقعہ ہے ڈاکٹر صاحب حکیم عبد اللطیف صاحب کی صاحب زادی کی شادی میں علی گڑھ تشریف لائے۔ کھانے کے بعد ملازم خاص اسحٰق کی اہمیت کا ذکر نکل آیا۔ فرمانے لگے "بھئی میرا تعجب تھا کہ ڈاکٹر ضیاء الدین کو بڑا آدمی سمجھتا تھا۔ کسی بڑے آدمی کے پاس رہ کر آدمی اتنا اچھا نہیں ہو سکتا"۔ اسی نشست میں میں نے ڈاکٹر صاحب سے پوچھا "ڈاکٹر صاحب جب کوئی باہر جائے تو کھانے کے سلسلے میں کیا کرے" فرمایا "ارے میاں سب کچھ کھائے تحقیقات کم کرے"۔

جب ۱۹۵۷ء میں ان کو زیدی صاحب نے اعزازی ڈگری دینے کے لیے علی گڑھ بلایا تو جو تقریر انھوں نے کی وہ لفظاً لفظاً تو یاد نہیں لیکن اس کا انداز کچھ ایسا تھا کہ آج بھی سوچتا ہوں تو آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ جب تقریر کا آغاز فرمایا تو یہ مصرع پڑھا تھا ع "من بہ بوئے مست و ساقی بردہ پیمانہ را" شعر اتنا برمحل پڑھتے تھے کہ معلوم ہوتا تھا کہ شاعر نے گویا یہ شعر اسی موقع کے لیے کہا ہے۔ اپنی تقریر کے دوران اپنے دور طالب علمی کے آغاز کے ایک واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے ملک قمی کا یہ شعر پڑھا تھا ؎

رفتم کہ خار از پا کشم محمل نہاں شد از نظر
یک لحظہ غافل گشتم و صد سالہ راہم دور شد

غالباً ۱۹۵۸ء ہی میں وہ بحیثیت گورنر بہار کے گورنر یوپی ۔ وی ۔ وی گری صاحب کی دعوت پر نینی تال تشریف لائے۔ میں نے ملنے کا وقت مانگا جو مل گیا۔ لیکن اپنی پرانی ادا کے تحت آخر وقت میں اطلاع کرائی کہ خود تشریف لا رہے ہیں۔ یہی ۱۹۵۶ء میں علی گڑھ میں کیا تھا۔ بہر حال میں ان کی پذیرائی کے لیے تیار ہو گیا۔ تشریف لائے، فوراً فرمایا "میاں تمھارے یہاں یہ Gladiolus کے پھول بہت خوبصورت ہیں ہمیں مل جائیں گے" میں نے عرض کیا "انشاء اللہ پیش کر دوں گا"۔ میں اس کے Bulbs اپنے ساتھ لیتا گیا اور اگلے سال کے شروع میں جب وہ علیگڑھ تشریف لائے تو یہ Bulbs ان کے ساتھ کر دیئے بہت محظوظ ہوئے اور موٹر میں اپنے ساتھ رکھا لیے۔

پٹنہ کے دوران قیام ہی علامہ اقبال سے متعلق ایک دلچسپ واقعہ سنایا۔ کہنے لگے "جب علامہ کی پہلی فارسی کتاب 'اسرار خودی و رموز بے خودی' شائع ہو چکی تھی تو میں نے ان سے کہا کہ آپ جامعہ تشریف لے آئیے"۔ اس پر علامہ نے جواب دیا کہ "میں وہاں پڑھاؤں گا کیا؟" میں نے کہا "کچھ اور نہ سہی اپنی کتاب 'اسرار بے خودی و رموز بے خودی' ہی پڑھا دیجئے گا"۔ اس پر انھوں نے جواب دیا "شاعر کی اس سے بڑی بد نصیبی نہیں ہو سکتی کہ وہ اپنا کلام خود پڑھائے"۔

ایک دن پوچھ بیٹھے "تمہارے پاس روپیہ کتنا ہے؟" میں نے جواب دیا کہ "ہاں ڈاکٹر صاحب تھوڑا سا ہے اور وہ بھی Victory Bonds کی شکل میں جو ۱۹۶۶ء میں Mature ہوں گے"۔ دریافت فرمایا "سال میں کتنا Interest مل جاتا ہے"۔ میں نے جواب دیا کہ "ڈاکٹر صاحب بہت تھوڑا' Income Tax وغیرہ کاٹنے کے بعد پانچ ہزار روپیہ بچ رہتے ہیں"۔ حکم دیا کہ Bond بیچ ڈالو۔ میں نے کہا "ڈاکٹر صاحب دیوالہ نکل جائے گا اس لیے کہ بازار میں اس وقت ۷۲ روپیہ کا بھاؤ ہے"۔ اصرار فرما کر کہنے لگے "بھئی بیچ ڈالو اور Companies میں Shares خرید لو"۔ میں نے حکم کی تعمیل کی اور علی گڑھ پہنچتے ہی پہلا کام یہ کیا کہ انھیں فروخت کر دیا۔ کاغذ پر ۵۷,۰۰۰/= روپیہ کا خسارہ ہوا لیکن یہ خسارہ دو ہی چار سال میں پورا بھی ہو گیا۔ نہ معلوم کتنے قرضوں سے نجات مل گئی اور سود کی لعنت سے بھی چھٹکارا ملا۔ حالانکہ رشید صاحب نے سنا تھا تو لرز گئے تھے۔ اب نہ ان جیسے شفیق بزرگ پیدا ہیں اور نہ ہی ڈاکٹر صاحب جیسے بابصیرت صلاح کار اور دردمند انسان۔ مجھے اس وقت تک یہ معلوم تھا کہ ڈاکٹر صاحب معاشیات (Economics) ہی کے پی۔ ایچ۔ ڈی ہیں۔ اگر میں اپنے اس عمل کی ترجمانی اقبال کے ان اشعار سے کروں تو بے محل نہ ہوگا ؎

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق — عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی
پختہ ہوتی ہے اگر مصلحت اندیش ہو عقل — عشق ہو مصلحت اندیش تو ہے خام ابھی

یہ صرف عرضِ حال ہے کوئی خودستائی نہیں۔

ان کی سادگی اور دل داری کے ضمن میں ایک چھوٹے سے واقعہ کا ذکر یہاں بے محل نہ ہوگا۔ ایک مرتبہ Convocation کے اختتام کے بعد وائس چانسلر کی کار مہمانوں کو چھوڑنے اسٹیشن چلی گئی۔ ذاکر صاحب سواری کے انتظار میں ٹہل رہے تھے۔ میری موٹر موجود تھی۔ میں نے عرض کیا "تشریف لائیے"۔ بیٹھنے لگے تو آگے ملازم کے برابر بیٹھے۔ عرض کیا "پیچھے آئیے"۔ کہنے لگے "نہیں میاں یہیں ٹھیک ہوں"۔ عرض کیا "آپ کی اس جمہوریت پسندی نے مارا"۔ مسکرا دیے' لیکن آگے ہی بیٹھے رہے ملازم کے پاس۔

مئی ۱۹۶۹ء میں جس دن ذاکر صاحب کا انتقال ہوا' دوپہر کے کھانے پر میری اہلیہ نے مجھ سے کہا "تم بہت دن سے ذاکر صاحب سے ملنے نہیں گئے"۔ میں نے جواب دیا کہ "اب انشاء اللہ ان سے جب ہی ملوں گا جب وہ صدر نہیں رہیں گے"۔ کھانے کے کچھ ہی دیر بعد ملازم نے اطلاع دی کہ وائس چانسلر لاج سے اطلاع آئی ہے کہ ذاکر صاحب کا انتقال ہو گیا۔ یہ میری عجیب بدنصیبی ہے کہ میں اپنے غم کا اظہار عام لوگوں کی طرح نہیں کر پاتا۔ نہ آنسو ہی نکلتے ہیں اور نہ دل ہی ساتھ دیتا ہے۔ میں ظاہری طور پر سوگ نہیں منا پاتا۔ اہلِ دنیا شاید یہ سمجھتے ہیں کہ میں بڑا شقی القلب

ہوں۔ کاش یہ لوگ میرے دل کا حال جان سکتے۔ حقیقت یہی ہے کہ ذاکر صاحب کا انتقال کیا ہوا گویا میری ہی موت واقع ہوگئی۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اس سال میں ایسا بیمار پڑا کہ پانچ چھ ماہ صاحب فراش رہا مجھے صحیح معنوں میں دق اٹھ آئی۔ کسے غرض پڑی تھی جو میرے دل میں جھانک کر دیکھتا یا میرے سوزِ دروں کا پتہ لگانے کی کوشش کرتا۔

سچ تو یہ ہے کہ ذاکر صاحب مرحوم کی پوری زندگی حافظؔ کے اس شعر کی تفسیر ہے ؎

گویند سنگ لعل شود در مقامِ صبر
آرے شود ولیک بہ خونِ جگر شود

••

جناب ریاض الرحمٰن قدوائی

۴/۳۳۰۴ نیو حیدر آباد
لکھنؤ ۲۲۶۰۰۷

میر کی غیر مطبوعہ مثنویات

میرے پاس ایک قلمی نسخہ ہے جس میں کئی فارسی اور اردو کی مثنویات ہیں۔ اس میں تین فارسی کی مثنویاں ہیں جن کے مصنف مولانا ہاتفی اور مرزا معز فطرت ہیں۔ تین اور مثنویات اردو کی ہیں جو بیچ میں شامل ہیں۔ ان کے نام جو کہ آخری شعر سے ظاہر ہوتے ہیں وہ یہ ہیں "قصہ تاجر" اور "جشنی نامہ" تیسری مثنوی کا کوئی نام نہیں ہے اور یہ شراب کے متعلق ہے۔ اس وقت اسے "شراب نامہ" کہا جا سکتا ہے۔ ان تینوں مثنویات میں کوئی تخلص نہیں استعمال کیا گیا ہے۔ مگر آخر الذکر مثنوی کے بعد کاتب نے یہ الفاظ لکھے ہیں "تمت بالخیر مثنوی میر تقی بتاریخ سیزدہم اکتوبر ۱۸۳۶ بثلث تمام بروز پنجشنبہ" اب سب سے پہلے تو یہ دیکھنا ہوگا کہ کیا تینوں مثنویات ایک ہی شاعر کی لکھی ہوئی ہیں یا مختلف شاعران کے مصنف ہیں۔ اس سلسلے میں فی الحال تو یہی کہا جا سکتا ہے کہ یہ تینوں اردو کی مثنویاں ایک ہی کاتب کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہیں اور اختتام کی تاریخیں یکے بعد دیگرے ہیں یعنی بالترتیب ہشتم، دہم اور سیزدہم اکتوبر ۱۸۳۶ء اور مصنف کا نام صرف آخری مثنوی کے آخر میں درج ہے۔ اس لیے وہ نام تینوں مثنویات کے مصنف کا مانا جا سکتا ہے۔ اس طرح میر تقی ان تینوں مثنویات کے مصنف ٹھہرتے ہیں۔

اب دوسری بحث کی گنجائش یہ ہے کہ کیا میر تقی اور میر تقی میر ایک ہی شاعر ہیں۔ اس عقدے کو حل کرنے کے لیے اگر مختلف تذکروں کا جائزہ لیا جائے تو چند اصحاب ملتے ہیں جن کے نام میں "تقی" آیا ہے۔ سب سے پہلے تو مرزا محمد تقی خاں بہادر ترقی بن مرزا محمد امین نیشاپوری مخاطب بہ سعادت خاں برہان الملک کا نام آتا ہے۔ چونکہ ان کے نام کے پہلے مرزا محمد ہے نہ کہ میر اس لیے ان کو خارج کیا جا سکتا ہے۔ اسی خاندان میں ایک اور شاعر اسی نام کے گذرے ہیں، جو نواب مرزا محمد تقی ہوش تھے۔ یہ نواب آصف الدولہ کی والدہ بہو بیگم کے بھتیجے تھے اور مثنوی 'لیلیٰ مجنوں' اور 'شہزادہ گل' کے مصنف ہیں۔ یہ بھی پہلے شاعر کی طرح خارج البحث ٹھہرتے ہیں۔ تیسرے شاعر ہیں سید محمد تقی عرف میر گھاسی۔ ان کا تذکرہ گلشن ہند میں حیدر بخش حیدری نے کیا ہے چونکہ ان کا تخلص تقی ہے اور نام سید محمد اس لیے یہ بھی نظر انداز کیے جائے

ہیں۔ اسی نام کے ایک اور شاعر ملتے ہیں جو کہ سید محمد تقی سونی پتی ہیں۔ ان کے والد کا نام سید باقر علی خاں ہے انھوں نے ایک مثنوی اردو میں بیوہ کے نکاح کی فضیلت میں لکھی ہے جو کہ مطبوعہ ہے اور میرے پاس بھی ہے۔ چوں کہ یہ شاعر بہت بعد کے ہیں اور نام مع تخلص کے مختلف ہے اس لیے ان کو بھی زیر بحث مثنویات کا مصنف نہیں سمجھا جا سکتا۔ آخر میں ایک اور شاعر سید محمد تقی پسر عبدالرزاق مچھلی شہری ہیں۔ چونکہ یہ غالب کے تلامذہ میں سے تھے اور ۱۹۴۴ء میں جے پور میں انتقال کیا اس لیے ۱۸۳۶ء میں ان کی مثنویات لکھی نہیں جا سکتیں۔

اوپر کی بحث کے بعد میرے نزدیک تو یہ فیصلہ کرنا غلط نہ ہوگا کہ میر تقی شاعر جنھوں نے یہ تینوں مثنویات لکھی ہیں وہ میر تقی میر ہی ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ ان کی یہ مثنویات کسی وجہ سے غیر مطبوعہ رہ گئیں اور کسی جگہ پر ان کا تذکرہ نہیں آتا ہے۔ اب میں ان مثنویات کو الگ الگ مختصراً بیان کرتا ہوں۔

قصۂ تاجر: اس موضوع پر دو مثنویاں ابھی تک شائع ہو چکی ہیں۔ ایک تو قصہ ہے عباد اللہ پسر تاجر اصفہان کا اس میں ۶۴۹ شعر ہیں اور اس کے مصنف سعادت یار خاں رنگین ہیں جو انشاء اللہ خاں کے بہت عزیز دوست تھے اور لکھنؤ کے بہت زود گو اور مشہور شاعر گزرے ہیں۔ یہ مثنوی چونکہ میری نظر سے گزری ہے اس لیے میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ ہماری مثنوی سے مختلف ہے۔ دوسری مثنوی "قصہ جوان سوداگر" کے نام سے اور نواب اعظم الدولہ سرور دہلوی کی لکھی ہوئی ہے۔ یہ شاعر ایسے پرانے نہیں ہیں اور ۱۸۳۶ء کے بعد کے ہیں۔ میر کی مثنوی میں جو اس وقت بیان کی جا رہی ہے صرف ۱۱۳ شعر ہیں جس میں ایک ایرانی تاجر کی کیفیت بیان کی گئی ہے۔ چند شعر حسب ذیل ہیں۔

آغاز:

سنو اے دوستو نادر حکایت — بیاں راوی نے کی ہے یوں روایت
کہ ایراں میں کوئی رہتا تھا تاجر — اُسے آرام دنیا سب تھا حاضر

اختتام:

اگر تو نے جہاں سے رنج کھینچا — تو بسمل کر یقین دولت کو پہنچا
ہر آنکو رنج از دنیا کشیدہ است — با آخر گنج از دنیا کشیدہ است

جٹنی نامہ: یہ مثنوی اپنے لحاظ سے بہت اہم ہے یہ دو جاٹ عورتوں (جٹنی) کے متعلق لکھی گئی ہے جو کہ کسبیوں کا پیشہ اختیار کیے ہوئے تھیں اس میں دو رنڈیوں کے کردار اور آپس کے جنسی تعلقات کو بہت صفائی اور بے حجابانہ طور سے پیش کیا ہے۔ انگریزی زبان میں ان تعلقات کو Lesbianism کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے اس مثنوی میں اس کی سچی اور جاگتی تصویر پیش کی گئی ہے۔ چونکہ یہ کافی فحش ہے

اس لیے کاتب نے شروعات بجائے "بسم اللہ الرحمن الرحیم" کے "لاحول ولا قوۃ الا باللہ" سے کی ہے۔ اس زمانے کا اگر ماحول مدنظر رکھا جائے تو اس طرح کے معیوب مضامین نظم کرنا کوئی بہت عجیب بات نہیں ہے۔ رئیسوں اور نوابوں کی دلچسپی کے لیے اس قسم کے مضمون لکھے جاتے تھے۔ یہ ضرور ہے کہ یہ انھیں تک محدود رہتے تھے۔ اور بعد میں یہ مضامین منظر عام پر آئے۔ اس کو آج کل انگریزی زبان میں pornography کہتے ہیں اور ناولوں کی شکل میں بازاروں میں کھلے عام بکتی ہیں۔ سعادت یار خاں رنگین نے جن کا تذکرہ اوپر آچکا ہے اپنی مثنوی "سر باغ" میں دو عورتوں کے استلذاذ بالنفس کا مرقع بڑی استادی سے پیش کیا ہے اور ان کے جذبات اور حرکات کی زندہ تصویر کھینچی ہے۔ یہ مرحلے جسم کے آخری زمانے میں لکھنؤ میں آتے جاتے رہتے تھے۔ اس لیے اگر میر نے بھی ایسے ہی ایک مضمون پر طبع آزمائی کی تو بعید القیاس نہیں سمجھا جا سکتا۔ ڈاکٹر جین کہتے ہیں کہ "جوں جوں میر صاحب کی عمر بڑھتی گئی ان کی مثنویوں کے افسانوں میں غیر فطری عناصر بڑھتے گئے۔ مثنوی "عشق افغان پسر" کے خاتمے میں انھوں نے ایک زندہ انسان اور ایک روح لطیف میں وصل کرا دیا۔ پھر اپنی مثنوی "مور نامہ" میں ایک حیوان اور ایک انسان کا معاشقہ پیش کیا ہے۔ "فیض میر" کے آخر میں جو چند لطیفے ہیں اس میں بعض بہت فحش ہیں اس سے اس زمانے کا مذاق معلوم ہوتا ہے۔" اس بات سے یہ شبہ اور بھی دور ہوتا ہے کہ شاید میر اس مثنوی کے مصنف نہ ہوں۔ اس مثنوی میں ۱۴۵ اشعار ہیں:

آغاز
عجب سیر دیکھی ہے اک میں نے آج — پر آتی ہے کہتے ہوئے شرم و لاج
ہوا ایک کوچے میں میرا گزر — گیا ایک معشوق کے آج گھر

اختتام
سنوارے خدا ساری دنیا کے کام — ہوا جھٹنی نامہ یہاں سے تمام

شراب نامہ یہ مثنوی شراب کے متعلق لکھی گئی ہے اور اس کے برے اثرات کا ذکر کیا گیا ہے۔ مختلف طبقے کے لوگ شراب کو کن کن زاویوں سے دیکھتے ہیں یہاں بیان کیا گیا ہے۔ اس مثنوی میں ۱۴۳ اشعار ہیں:

آغاز
ارے ساقی اے غیرت آفتاب — کہاں تک پیوں خون دل کی شراب
کبھو ساغر و بادہ کا دید ہو — محرم ہمارا کبھو عید ہو

اختتام
گلے لگ کے مینا کے ٹک روئیے — فسانہ بھی آخر ہے اب سوئیے

آخر میں یہ بتانے سے قاصر نہیں رہوں گا کہ میری تحقیق میر کے کلام پر بہت زیادہ گہری نہیں ہے اسلئے ممکن ہے جو بحث اوپر کی گئی ہے اسمیں خامی ہو اور لوگوں کو اتفاق نہ ہو۔ اسلئے اب ناقدین پر چھوڑتا ہوں کہ اس مضمون پر توجہ دیں اور آگے روشنی ڈالیں۔

نوٹ: جھٹنی نامہ کا مسئلہ تو واضح ہے [illegible] ہے۔ (ادارہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اری ساقی ای غیرت آفتاب — کہاں تک پئیں جوندل کی شراب

کبھو ساغر بادہ گہ دیتی ہو — محرم ہمارا کبھو عید ہو

تری عشق تیر کم سازی تری — کہ ہی کھیلنا جی پی تازی تری

تجھی سی ہی اب رخ رنگ زرد — تجھی سی مرے دل میں اوٹھتا ہی درد

تجھی رات کا رد دبیدار ہی — تجھی رشتہ تسبیح و زنار بستی

تجھی سی ہی بلبل کو نوحہ گری — تجھی سی ہی قمری کمی خاکستری

ترا ضرب دریا کو بہتی ندی — ترا شور صحرا کو ریتی دی

تمنا ... شاد منا ... ہی — تجھی سی مرا سینہ جند ناب ہی

تمنا ہو ہولی کیا ہی ... شب — تجھی سی ہی ... آئی بھری امید

تجھی ... بوتہ ... صحرا و بد — تجھی سی ہی فرہاد کو جان بہ مرد

تجھ سی کھلی غنچہ ہی خستگی | تجھی سی ہی وابستہ دلبستگی
تجھی سی اہی واثق یہ احوال بد | غرض نیکیاں ہیں تری لا تعد
تجھی سی دل عاشقاں ہی کباب | تجھی سی ہی پروانہ آتش کا باب
ترا کام دنیا ہی بدنامیاں | تری ریجھ دیکھی ہیں ناکامیاں
تجھی سی پریشان ہیں یار لوک | تری تیغ سی زخمی ہیں یار لوک
تجھی میں ہیں یہہ کار پردازیاں | کہ عاشق سی ہر آن ہیں جانبازیاں
تجھی لیکی چشمی کا سودا رہا | ولیکن ترا راز رسوا رہا
لیا اپنا عاشق سا ہی کھینچ | تری آگ تم ہر دل دیا ہی سمجے
ترا ہی نمک خوار ہی زخم دل | کہ مرہم سی بیزار ہی زخم دل
تجھی بت ترکا نسی اہیہ ربیع اتیاب | کہ مشکل ہوا ہی مجھی جنبوا اشک
کدہر ہی تو اے ساقی لعل فام | یہ لغزش ہی تجہ بن نہ ہی کلام
کہاں تک کوئی کھا خون دل کو جی | کوئی کیوں کہ اس رنگ عالم میں جی

انجام داستان جوانی و مآل اضطراب آن نہال از دست داد

کسو منبر سی روایت ہی ایک | کہ درویش سی یہہ حکایت ہی ایک
کہ اک جاک میں ہیں مضطر کیا | جوان ایک دامان مفت مارا گیا
وہ جس طور مارا گیا ہوں | تعجب میں دیکھی کہاں تک رہوں
سزاوار گجہہ اودسکی جی یہہ ہوا | مصیبت زدہ ہی اجل کیوں موا

اوٹھا سیر کو نکلا میں ایک روز پشیمانی اوسکی ہی مجکو ہنوز

نظر جا پڑی جو مری ایک سو سر راہ تھا تھا ایک خوبرو

فقیروں کی سی جوڑی ایک اوسکا لباس گلی بن نمایاں مکلف لباس

سراوپر تھا کاسہ ایک اوسکی جم مثل ایکھی مونہ جون گرد سیم

جوانی کی گلشن کا وہ تازہ غنچہ گل کری جسکی خاک قدم غازہ تھا گل

لقب اوسکا دیوانہ عشق تھا کہ شہرت میں افسانہ عشق تھا

اوسی کی سی متعدد تک سب کہیں سدا اوسکا مونہہ و بکیشی سی زیست

وہ ایک دردمندا بکار تھا دردمن چرخ جلاتی تھی ستارہ اوسی پر دلاغ

ولی اوسکی دلمیں ایک آتش نہاں تھی کہ دیکھی جلا جس میں کیا ستارہ تھا

نہ تب آرام جا تھی اوسی اضطراز سراپا تلک ایک دل بیقرار

نہ کچھ ہوش تھا گر جانا اوسکو تھا تشتہ نہ مرجانی کا اوسکو تھا

